نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار شہزادیوں کے فضائل و مناقب کا مجموعہ المسمّٰی

اثباتِ بناتِ اربعہ رضی اللہ عنہن

مصنف و مرتب

شیخ القرآن خطیبِ پاکستان جانشینِ امامِ خطابت حضرت علامہ

مولانا صاحبزادہ پیر محمد مقبول احمد سرور دامت برکاتہم العالیہ

خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ علی پور سیداں شریف

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار شہزادیوں کے فضائل و مناقب کا مجموعہ المسمّٰی بہ

اثبات بنات اربعہ رضی اللہ عنہن

حسب ارشاد

پیر طریقت رہبر شریعت فخر الاماثل حضرت قبلہ

صاحبزادہ پیر سید محمد ظفر اقبال عابد شاہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ

سجادہ نشین آستانہ عالیہ قادریہ چشتیہ پیر سیال شریف

مصنف و مرتب

شیخ القرآن خطیب پاکستان جانشین امام خطابت حضرت علامہ

مولانا صاحبزادہ پیر محمد مقبول احمد سرور دامت برکاتہم العالیہ

خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ پیر سیال شریف

نائب سجادہ نشین آستانہ عالیہ حضرت امام خطابت علیہ الرحمت فیصل آباد

تصحیح: محمد شکیل مصطفیٰ اعوان صابری چشتی

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

الصلوٰۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ

جملہ حقوقِ ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

اثباتِ بنات اربعہ

ناشر — ملک شبیر حسین
سن اشاعت — نومبر 2009ء / ذوالقعدہ 1430ھ
طابع — اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
کمپوزنگ — ورڈز میکر
سرورق — اے ایف ایس ایڈورٹائزرز 0345-4653373
قیمت — -/120 روپے

ضروری التماس

قارئین کرام ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے۔ تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

ترتیب

انتساب............ ۱۱
کبھی آپ نے سوچا؟............ ۱۲
عقیدہ بنات اربعہ قرآن کریم سے............ ۱۵
لفظ نساء عام ہے............ ۱۶
عقیدہ اہلسنت درست ہے............ ۱۷
حضرت مناظر اعظم علیہ الرحمت کی بے نظیر وضاحت............ ۱۸
حضرت ضیاء الامت علیہ الرحمت کی وضاحت............ ۱۸
حضرت علامہ ابوالحسنات علیہ الرحمت کی وضاحت............ ۲۰
اثبات عقیدہ بنات اربعہ اکابرین امت سے............ ۲۱
ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے حضور علیہ السلام کی چار صاحبزادیاں تھیں............ ۲۱
حضور علیہ السلام کی دو شہزادیاں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں آئیں............ ۲۲
ترتیب بنات اربعہ............ ۲۳
حضرت سیدہ خدیجہ کے بطن اقدس سے سرکار علیہ السلام کی مکمل اولاد طاہرہ............ ۲۳
ہجرت حضرت عثمان ورقیہ بنت رسول حبشہ کی طرف (رضی اللہ تعالیٰ عنہما)............ ۲۵
بنات اربعہ بروایت حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ............ ۲۶
سوائے حضرت ابراہیم کے تمام اولاد رسول حضرت خدیجہ سے ہوئی............ ۲۸

حضور علیہ السلام کے بڑے شہزادے حضرت قاسم تھے ۲۸
حضرت ابراہیم بن رسول اللہ حضرت ماریہ قبطیہ کے بطن سے تھے ۲۹
انّ شانئک ھو الابتر (الآیت) کی شان نزول اور اولاد رسول ۳۰
شاہ مقوقس کا ہدیہ ''حضرت ماریہ قبطیہ'' حضور کیلئے ۳۳
حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی سیدہ زینب اور ان کی بیٹی امامہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ۳۴
نبی کریم علیہ السلام کی عمر مبارک بوقت نکاح اور حضرت خدیجہ کی عمر مبارک ۳۵
حضرت قاسم کی ولادت ۳۷
حضور علیہ السلام کی اولاد امجاد کی تفصیل ۳۸
سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد امجاد چھ نفوس قدسیہ ہیں ۴۱
امام زہری کی روایت ۴۲
سب سے بڑی شہزادی سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت و وصال ۴۳
حضرت سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور علیہ السلام کی محبت ۴۳
فضائل سیدہ زینب بزبان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۴۴
سیدہ امامہ و علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما ۴۴
سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کل اولاد امجاد ۴۶
ان میں سے جن میں علماء کا اختلاف ہے ۴۶
سیدہ زینب بنت رسول کا انتقال حیات مبارکہ ظاہرہ نبی کریم میں ہوا ۴۷
سیدہ زینب کی مختصر سوانح ۴۷
حضرت امامہ بنت زینب سے حضرت علی کا نکاح ۴۸
حضرت شیخ محقق محدث دہلوی کا ارشاد ۴۹
حضرت ملاں معین کاشفی لکھتے ہیں ۴۹
علامہ غلام رسول رضوی شارح بخاری ۵۰

علامہ غلام رسول سعیدی شارح مسلم ۵۰
حضرت عثمان اور انکی زوجہ محترمہ رقیہ ۵۲
حضور علیہ السلام کا اپنی شہزادیوں کو مدینہ میں بلانا ۵۳
ملاں باقر مجلسی شیعہ اور بنات اربعہ ۵۴
حضرت عثمان کی شادی ور خصتی حضرت ام کلثوم اور اسکی تاریخ ۵۵
ذکر حضرت زینب بنت رسول اللہ علیہ السلام ۵۶
حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ابو العاص سے اور اولاد ۵۶
حضرت ابو العاص ایمان لے آئے ۵۷
سیدہ زینب کی ولادت و وفات ۵۷
سیدہ زینب بنت رسول اللہ کو غسل دینے والے؟ ۵۸
سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اپنی بیٹی کی قبر میں اترے ۵۸
خلاصہ ذکر حضرت سیدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۵۹
حضرت ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۶۰
حضرت ابو العاص اور جنگ بدر ۶۲
حضرت ام المومنین سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ہار بطور فدیہ ۶۳
سیدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکہ سے مدینہ منورہ ہجرت ۶۵
قریش کے مظالم ۶۵
ھی افضل بناتی فرمان مصطفوی ۶۶
مسلک اہلسنت وجماعت ۶۶
سیدہ فاطمہ سب بنات رسول سے افضل ہیں ۶۶
ابو العاص کا قبول اسلام ۶۷
سیدہ زینب بنت رسول اور حضرت ابو العاص کی وفات ۶۹
سیدہ زینب بنت رسول کی اولاد امجاد ۶۹

نواسۂ رسول علی بن ابی العاص ۷۰
حضور ﷺ کی نواسی امامہ بنت زینب ۷۰
نماز کے دوران سیدہ اُمامہ کو گود میں اُٹھانا ۷۰
نکاح امامہ بمطابق وصیت حضرت فاطمہ ۷۰
نکاح ثانی امامہ بمطابق وصیت حضرت علی ۷۱
مناقب امامہ بزبان نبی اکرم علیہ السلام ۷۱
نواسۂ رسول علی کی وفات ۷۱
ذکر حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ۷۳
سیدہ زینب سے چھوٹی شہزادی سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۷۳
حضرت عثمان سے نکاح رقیہ ۷۴
حضرت رقیہ کا اسلام لانا اور عتبہ کا ان کو چھوڑنا ۷۴
نبی کریم علیہ السلام کی عمر مبارک بوقت ولادت رقیہ ۷۵
حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اپنی زوجہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ
کیساتھ ہجرت حبشہ ۷۶
حضرت عبداللہ بن عثمان کی والدہ رقیہ ۷۷
ہو مبارک تجھ کو ذی النورین جوڑا نور کا ۷۷
بوقت وصال عبداللہ بن عثمان کی عمر ۸۰
رسول اللہ علیہ السلام کا اپنی شہزادی کے وصال پر گریہ فرمانا ۸۰
خلاصہ ذکر حضرت رقیہ بنت رسول اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۸۳
عقد اول ۷۳
طلاق ۸۳
عتبہ یا عتیبہ ۸۵
ابو کبشہ ۸۶

حضرت عثمان سے نکاح ۸۶
سب سے اچھا جوڑا ۸۷
ارشاد رسول ۸۷
سیدہ رقیہ کی وفات ۸۸
سیدہ رقیہ کی اولاد ۸۸
ذکر ام کلثوم بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم و رضی اللہ تعالیٰ عنہا) ۸۹
حضرت اُم کلثوم کا نکاح بامر خداوندی ہوا ۹۵
مقام حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۹۶
حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شہزادیوں کا نکاح اللہ نے فرمایا ۹۷
حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح ۹۸
وصال حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۹۹
حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے غسل دیا ۹۹
حضرت علی، فضل اور اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے قبر شریف میں اتارا ۱۰۰
خلاصہ ذکر حضرت اُم کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ۱۰۰
جسے علی کی ولایت کا اعتراف نہیں ۱۰۴
ذکر حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۱۰۵
سیدہ سلام اللہ علیہا کے القابات ۱۰۵
۱- زہرا ۱۰۵
۲- بتول ۱۰۶
نام نامی اسم گرامی کی وجہ تسمیہ ۱۰۶
رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا ۱۰۶
اولاد فاطمہ کا میں باپ ہوں فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ۱۰۷
اولاد فاطمہ پر جہنم حرام ہے ۱۰۷

سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انسانی شکل میں حور ہیں ۱۰۸
فضائل سیدہ بزبان ام المومنین عائشہ صدیقہ ۱۰۸
خارجیوں سے سوال ۱۰۹
سیدہ فاطمہ اور ان کے محب جہنم سے آزاد ہیں ۱۱۰
فاطمہ کی ناراضگی میری ناراضگی ہے ۱۱۰
فاطمہ کی خوشی میری خوشی ہے ۱۱۱
جنتی عورتوں کی سردار سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ۱۱۱
سب سے زیادہ محبوب کون؟ ۱۱۳
نبی کریم علیہ السلام کا سیدہ سے انداز محبت ۱۱۳
سب سے زیادہ فصیح اللسان ۱۱۴
میں فاطمہ سے جنت کی خوشبو سونگھتا ہوں ۱۱۴
اے اہل محشر سر جھکا لو آنکھیں بند کرلو ۱۱۴
مختصر سوانح سیدۃ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا ۱۱۶
نام ونسب والقابات ۱۱۶
ولادت باسعادت ۱۱۶
غسل اول ۱۱۸
حضرت علی پاک سے سیدہ کا نکاح ۱۱۹
حکم خداوندی ۱۲۰
آسمانوں پر سیدہ کا نکاح ۱۲۱
سیدہ کا جہیز ۱۲۲
حق مہر ۱۲۲
امت کی شفاعت سیدہ کا حق مہر ۱۲۳
سیدہ کا وصال پرملال ۱۲۵

سیدہ کی اولاد پاک ۱۲۶
اثبات بنات اربعہ از کتب معتبرہ شیعہ ۱۲۷
۱-شیعہ حضرات کی معتبر ترین کتاب اصول کافی ملاحظہ ہو ۱۲۸
۲-فروع کافی ۱۲۸
۳-فروع کافی بحوالہ القول المقبول فی بنات الرسول ۱۲۸
۴،۵،۶ القول المقبول فی بنات الرسول تحفۃ العوام اور تہذیب الاحکام ۱۲۹
۷-قرب الاسناد لابی العباس ۱۲۹
۸-خصال لابن بابویہ ۱۳۰
۹-کتاب الاستبصار ۱۳۱
۱۰-مجالس المومنین ۱۳۲
۱۱-مناقب آل ابی طالب ۱۳۲
۱۲-کتاب الامالی ۱۳۲
۱۳-مَنْ لَایَحْضُرُہُ الْفَقِیْہ ۱۳۳
۱۴-شرح نہج البلاغہ ابن ابی حدید ۱۳۳
۱۵-مروج الذھب للمسعودی ۱۳۳
۱۶-التنبیہ والاشراف للمسعودی ۱۳۳
۱۷-شرح نہج البلاغہ فارسی الاسلام ۱۳۳
۱۸-تفسیر مجمع البیان ۱۳۵
۱۹-منہج الصادقین ۱۳۵
۲۰-مسالک الافہام ۱۳۵
۲۱-اعیان الشیعہ ۱۳۶
۲۲-بحار الانوار ۱۳۶
۲۳،۲۴،۲۵،ناسخ التواریخ ۱۳۷

۲۶-چہاردہ معصوم ۱۳۷
۲۷-المبسوط ۱۳۸
۲۹،۲۸-شافی، تلخیص الشافی ۱۳۸
۳۰-منتخب التواریخ ۱۳۸
۳۱-حیات القلوب ۱۳۸
۳۲-منتہی الآمال ۱۳۹
۳۳-مروج الذہب ۱۳۹
۳۴-حیات القلوب ۱۳۹
۳۵-حیات القلوب ۱۴۰
۳۶-مراۃ العقول ۱۴۰
۳۷-ذبح عظیم ۱۴۰
۳۸-انوار نعمانیہ ۱۴۰
۳۹-مراۃ العقول ۱۴۱
۴۰-تنقیح المقال (فیصلہ کن بات) ۱۴۱
۴۱-ابن شہر آشوب ۱۴۱
۴۲-اخبار ماتم ۱۴۲
کتابیات ۱۴۳

انتساب

فقیر اپنی اس خالص عقیدت کو حضور شہنشاہ لاثانی قدس سرہ النورانی، علی پوری کے حضور پیش کر کے ان سے نصرت و اعانت کا ملتجی ہے کیونکہ نہ علمی اثاثہ رکھتا ہے نہ تحریری تجربہ

بس اپنے مرشد گرامی کی دعاؤں کے سہارے قلم تھام لیا ہے اور وہی ملجیٰ و ماویٰ ہیں۔

امید کرم کے ساتھ نگاہ لطف کا ملتجی

محمد مقبول احمد سرور
فیصل آباد

کبھی آپ نے سوچا؟

قارئین کرام!

کبھی آپ نے سوچا کہ یہ کتنا ظلم عظیم ہے۔

میرے آقا و مولیٰ امام الانبیاء علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شہزادیوں کو ابوت مصطفیٰ سے نکال کر کسی اور کی بیٹیاں کہا جا رہا ہے۔

اور ہم خواب خرگوش کے مزے لے رہے ہیں جبکہ ارشاد باری ہے کہ (اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ، پ ۲۲، سورۃ احزاب، آیت ۵) بلاؤ ان کو ان کے باپوں کی نسبت سے۔

اگر کبھی آپ روحانی کانوں سے سنیں تو آپ کو بنات رسول کی آوازیں آج بھی سنائی دیں گی کہ

کیا اس ظلم عظیم کا سدِ باب کرنے والا کوئی نہیں ہے؟

اٹھیے اور

اپنے آقا علیہ السلام کی دختران مقدسہ کی ناموس کے لیے میدان عمل میں آئیے

ان ظالموں کو بتا دیجئے کہ

جب تک اہلسنت و جماعت کا ایک ششماہا بچہ بھی موجود ہے عترت رسول پر کبھی آنچ نہ آنے دیں گے۔ انشاء اللہ العزیز

کیوں کہ ہمارا عقیدہ ہے کہ ؎

تیری نسل پاک میں ہے بچہ بچہ نور کا
تو ہے عین نور تیرا سب گھرانہ نور کا

جنابہ زینب، رُقیہ اور اُم کلثوم میرے نبی کی ایسی ہی شہزادیاں ہیں جیسی حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا تو پھر ان بدباطن دریدہ دہن لوگوں کا ایک شہزادی کا اقرار اور تین سے انکار کیوں؟ میری بالعموم ہر طبقہ سے اور بالخصوص وارثان محراب و منبر اور سجادگان خانقاہان اولیاء اللہ سے دست بستہ التماس ہے کہ اپنے آقا کی تمام شہزادیوں پر ایمان رکھنے والو...... آؤ مل کر ان کی عظمت وشان کا تحفظ کریں تا کہ اس ظلم عظیم کا خاتمہ ہو۔

اللہ تعالیٰ ہمارا حامی و ناصر اور اس کا حبیب علیہ السلام ہم سے راضی ہو۔

دعا گو

محمد مقبول احمد سرورؔ

فیصل آباد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

عقیدہ بناتِ اربعہ قرآن کریم سے

ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ

یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ

(پ۲۲،سورۃ احزاب، آیت ۵۹)

''اے نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ اپنی ازواج (مطہرات) اور اپنی بیٹیوں اور مومنین کی عورتوں کو فرما دیجئے۔''

''اَزْوَاجِكَ'': ازواج جمع ہے زوج کی اور زوج کہتے ہیں بیوی کو کیونکہ زوجہ کے ساتھ ۃ تانیث ہے تو زوجہ ایک بیوی اور ازواج کئی بیویاں۔ عربی اصول کے مطابق ایک کو واحد دو کو تثنیہ اور دو سے اوپر کو جمع بولتے ہیں تو لفظ ازواج کم از کم تین بیویوں پر بولا جائے گا اور ''ك'' ضمیر واحد مذکر مخاطب کی ہے جو کہ لفظ قل (صیغہ واحد مذکر مخاطب) کے مطابق ہے لہٰذا ترجمہ یہ ہوگا کہ ''اے حبیب آپ اپنی بیویوں کو فرما دیجئے'' تو یہاں پر تمام بیویاں خطاب میں شامل ہیں۔ اس سے آگے ''وَ'' عاطفہ ہے اور حرف عطف مغایرت کے لیے آتا ہے یعنی اس واؤ نے ماقبل اور مابعد کو علیحدہ علیحدہ کر دیا ہے آگے جو لفظ آ رہا ہے اس لفظ کا غیر ہے جو پہلے آ چکا ہے یعنی کہ ازواج اور بنات میں مغایرت ہے۔

''وَبَنٰتِكَ'': بنات جمع ہے بِنْتٌ کی اور بِنْتٌ کہتے ہیں بیٹی کو بِنْتٌ واحد یعنی

ایک بیٹی بِنْتَانِ تثنیہ یعنی دو بیٹیاں اور بَنَاتٌ جمع یعنی دو سے زیادہ جتنی بھی ہوں تمام بیٹیاں اور ترجمہ یہ ہوا کہ "اے حبیب آپ فرما دیجئے اپنی (تمام) ازواج (بیویوں) کو اور اپنی (تمام) بیٹیوں کو" جس سے روز روشن کی طرح معلوم ہو گیا کہ جس طرح ازواج دو سے زیادہ ہیں اسی طرح بنات بھی دو سے زیادہ ہیں۔

"وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ" نِسَآءٌ جمع ہے نِسْوَةٌ کی اور نِسْوَةٌ واحد یعنی ایک عورت نِسْوَتَانِ تثنیہ یعنی دو عورتیں اور نِسَآءٌ جمع یعنی دو سے اوپر تمام عورتیں اور یہاں نساء مضاف ہے مومنین کی طرف بخلاف "اَزْوَاجِكَ اور بَنَاتِكَ" کے کیونکہ یہ دونوں الفاظ "كَ" ضمیر مخاطب کی طرف مضاف ہیں تو اس تشریح و توضیح سے ثابت ہوا کہ "اَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ" میں نبی کریم علیہ السلام کی بیویاں اور بیٹیاں مراد ہیں اور "نِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ" میں مسلمانوں کی عورتیں مراد ہیں۔

لفظ نِسَآء عام ہے:

لفظ نِسْوَةٌ عام ہے۔ بیوی، بیٹی، ماں، بہن سب پر بولا جاتا ہے کیونکہ سب عورتیں ہیں مگر جب کسی خاص فرد کی طرف مضاف ہو تو اس مناسبت سے ترجمہ ہو گا مثلاً ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ فرعون کی قوم اپنی نسـآء کو باقی رکھتی اور بیٹوں کو ذبح کر دیتی تھی۔ ملاحظہ ہو قرآن کریم میں ہے کہ

يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ (ابراہیم:۶)

"وہ ذبح کر دیتے تمہارے بیٹوں کو اور زندہ چھوڑ رکھتے تمہاری عورتوں کو"

اگرچہ لفظ نسـآء تمام عورتوں پر بولا جاتا ہے مگر اس مقام پر بیٹیاں مراد ہیں کیونکہ اَبْنَآءَكُمْ کے مقابلہ پر نِسَآءَكُمْ فرمایا گیا ہے تو اس قرینہ نے بیٹیاں متعین کر دیں اور دوسرا واقعۂ فرعون کا حکم جاری کرنا کہ بیٹوں کو ذبح کرو بھی یہ مفہوم متعین

کرتا ہے کہ بیٹیوں کو چھوڑ دو تو یہاں پر لفظ نسـاء بول کر بیٹیاں مراد لی گئی ہیں بخلاف "قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ" کے کہ یہاں نِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ میں تمام عورتیں مومنین کی مائیں بہنیں بیٹیاں بیویاں سب مراد ہیں اور نبی علیہ السلام کی بیویاں اور بیٹیاں اَزْوَاجِكَ اور بَنٰتِكَ میں متعین ہیں اس وضاحت سے یہ بات واضح ہوئی کہ بَنٰتِكَ میں قوم کی بیٹیاں مراد لینا درست نہیں جیسا کہ شیعہ کہتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کی بیٹی تو ایک ہی ہے اور یہاں بَنٰتِكَ جمع کا لفظ قوم کی بیٹیوں کے لیے ہے کیونکہ وہ بھی حضور ہی کی بیٹیاں ہیں اگر اسے درست مانا جائے تو اَزْوَاجِكَ سے مراد بھی معاذ اللہ قوم کی بیویاں مراد لینی پڑیں گی حالانکہ یہ کسی طرح بھی مناسب نہیں کیونکہ تمام امت کی بیویاں بھی حضور کی روحانی بیٹیاں ہی ہیں تو اَزْوَاجِكَ میں حضور علیہ السلام کی اپنی ازواج مطہرات مراد ہیں اسی طرح بَنٰتِكَ میں بھی سرکار کی اپنی بیٹیاں (جسمانی شہزادیاں) مراد ہیں اور وہ کم از کم دو سے اوپر ہیں یعنی تین یا تین سے زائد ہیں مگر شیعہ حضور کی ایک صاحبزادی کے علاوہ باقی شہزادیوں کا انکار کر کے قرآن کریم کی اس نص قطعی کے منکر ہوتے ہیں۔ صرف اور صرف اس لیے کہ اگر باقی شہزادیاں تسلیم کر لیں تو حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم علیہ السلام کا داماد ماننا پڑے گا وہ اپنے من گھڑت عقیدہ کو برقرار رکھنے کے لیے قرآن کی آیت کے انکاری ہو جاتے ہیں۔ (معاذ اللہ)

عقیدۂ اہلسنت درست ہے:

اہلسنت و جماعت قرآن کریم کی مندرجہ بالا آیت کریمہ کے پیش نظر حضور علیہ السلام کی چار شہزادیوں کا وجود تسلیم کرتے ہیں اور سرکار عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سرکار نبی کریم علیہ السلام کا داماد مانتے ہیں جیسا کہ امام اہلسنت شاہ احمد رضا خان

فاضل بریلوی علیہ الرحمت فرماتے ہیں کہ

ہو مبارک تجھ کو ذی النّورین جوڑا نور کا
نور کی سرکار سے پایا دوشالا نور کا

ثابت ہوا اہلسنّت و جماعت کا عقیدۂ بنات اربعہ بالکل درست اور قرآن کریم کے مطابق ہے اور دنیا کی کوئی طاقت اسے چیلنج نہیں کرسکتی اور غلط ثابت نہیں کرسکتی۔

حضرت مناظر اعظم علیہ الرحمت کی بے نظیر وضاحت:

مناظر اعظم حضرت علامہ مولانا محمد عمر اچھروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اسی آیت کی وضاحت میں ارقام فرماتے ہیں:

۱- اللہ تعالیٰ نے (اس آیت میں) تین اقسام کی عورتوں کا ذکر فرمایا اور تینوں پر لفظ جمع استعمال فرمایا (۱) ازواج، (۲) بنات، (۳) نساء المومنین۔ ان تینوں میں سے کسی لفظ میں واحد کا شائبہ ہی نہیں بنت کا لفظ واحد کہاں سے لاؤ گے؟

۲- بنات کا لفظ حقیقی بیٹیوں پر استعمال ہوتا ہے سوتیلی بیٹیوں پر نہیں ہوتا۔

۳- بنات کی اضافت اللہ تعالیٰ نے ''ک'' خطاب کی طرف فرمادی تاکہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خصوصیت ثابت ہوجائے اگر حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پچھلی لڑکیاں ہوتیں تو بَنَاتِ زَوْجِكَ ہوتا وَبَنَاتِكَ میں ك اضافی نے مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقیقی صاحبزادیاں ثابت کردیں۔

(مقیاس خلافت حصہ اول، ص ۳۰۷ از مناظر اعظم رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ مطبوعہ المقیاس پبلشرز دربار مارکیٹ لاہور)

حضرت ضیاء الامت علیہ الرحمت کی وضاحت:

مفسر شہیر حضرت ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ صاحب الازہری بھیروی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ

یہاں (اس آیت میں) حضور کی صاحبزادیوں کا جب ذکر آیا تو قرآن نے بنت ایک صاحبزادی نہیں فرمایا بلکہ جمع کا لفظ بنات استعمال کیا جس سے صاف پتہ چلتا ہے کہ حضور کی ایک صاحبزادی نہ تھی بلکہ متعدد صاحبزادیاں تھیں اور شیعہ کی معتبر کتابوں میں بھی اس بات کی تصریح موجود ہے کہ حضرت خدیجہ کے بطن سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار صاحبزادیاں تھیں یہاں فقط دو حوالے پیش کرتا ہوں اصول کافی جو اس فرقہ کی معتبر ترین کتاب ہے اس میں لکھتے ہیں:

وتزوج خديجة و هوا بن بضع و عشرين سنة فولدله منها قبل مبعثه عليه السلام القاسم ورقية وزينب و أم كلثوم وولدله بعد المبعث الطيب والطاهر و فاطمة عليها السلام.

ترجمہ: حضور علیہ السلام نے حضرت خدیجہ سے شادی کی جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک پچیس برس کے قریب تھی اور حضرت خدیجہ کے بطن سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ اولاد پیدا ہوئی، بعثت سے پہلے قاسم، رقیہ، اُم کلثوم، زینب اور بعثت کے بعد طیب طاہر اور فاطمہ علیہا السلام پیدا ہوئیں۔ (اصول کافی جلد اول، ص ۴۳۹، مطبوعہ تہران)

ان کی دوسری کتاب حیوۃ القلوب میں علامہ مجلسی رقمطراز ہیں:

در قرب الاسناد بسند معتبر از حضرت صادق روایت کردہ است کہ از برائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم از خدیجہ متولد شدند طاہر و قاسم و فاطمہ و اُم کلثوم و رقیہ و زینب۔ (حیاۃ القلوب، ص ۸۲۲)

ترجمہ: قرب الاسناد میں معتبر سند سے حضرت جعفر صادق سے روایت ہے کہ حضرت خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے بطن سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ اولاد پیدا ہوئی، طاہر، قاسم، فاطمہ، اُم کلثوم، رقیہ اور زینب

(رضی اللہ تعالیٰ عنہم) (تفسیر ضیاء القرآن، جلد چہارم، ص ۹۶)

ان روشن تصریحات کے باوجود جو لوگ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تین صاحبزادیوں کا انکار کرتے ہیں خاندانِ نبوت سے ان کی بے مہری اور بے مروتی محتاجِ بیان نہیں۔

حضرت علامہ ابوالحسنات علیہ الرحمت کی وضاحت:

مفسرِ العصر حضرت علامہ ابوالحسنات سید محمد احمد قادری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ

فِی الْاٰیَةِ رَدٌّ عَلٰی مَنْ زَعَمَ مِنَ الشِّیْعَةِ اَنَّهٗ عَلَیْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ لَمْ یَکُنْ لَّهٗ مِنَ الْبَنَاتِ اِلَّا فَاطِمَةُ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی اَبِیْهَا وَعَلَیْهَا وَسَلَّمَ وَاَمَّا رُقَیَّةُ وَ اُمُّ کُلْثُوْمٍ فَرَبِیْبَاهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ۔

اس آیت کریمہ میں شیعوں کے اس زعمِ باطل کا بھی رد ہے جو وہ کہتے ہیں کہ حضور کی صاحبزادیاں نہ تھیں سوا حضرت سیدہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اور حضرت رقیہ و ام کلثوم یہ دونوں ربیبہ تھیں۔

یعنی حضور کی ازواج پہلے خاوندوں کی بیٹیاں لائیں تھیں۔

تو آیت کریمہ میں یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ کیوں فرمایا وَبِنْتِكَ فرمانا تھا۔

اور بنات کے بعد عامہ مومنین کی خواتین کے لیے وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ ارشاد ہوا۔

تو ثابت ہوا کہ حضور کی متعدد صاحبزادیاں تھیں کم از کم تین ضرور تھیں اس لیے کو

جمع مَا فَوْقَ الْاِثْنَیْنِ پر آتی ہے تو ثابت ہوا کہ حضرات شیعہ کا خیال غلط ہے بلکہ بَنَاتُ النَّبِیِّ تین تھیں سیدہ زہراء، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔

(تفسیر الحسنات، جلد پنجم ص ۴۱۳ مطبوعہ ضیاء القرآن پبلی کیشنز)

علیٰ ھذا القیاس تمام مفسرین کرام نے بنات کے لفظ سے حضور کی چار صاحبزادیاں تحریر کی ہیں۔

اثبات عقیدہ بنات اربعہ اکابرین امت سے

ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا[1] کے بطن سے حضور علیہ السلام کی چار صاحبزادیاں تھیں:

اِنَّمَا وَلَدَهٗ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَکُلُّهُمْ مِّنْ خَدِیْجَةَ اِلَّا

[1] حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا

سلسلہ نسب یہ ہے۔ خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی، قصی پر پہنچ کر ان کا خاندان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان سے مل جاتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے پہلے وہ طاہرہ کے لقب سے مشہور تھیں۔ ان کی والدہ فاطمہ بنت زاہدہ تھیں۔ ان کے والد اپنے قبیلے میں ممتاز تھے۔ مکہ میں آ کر سکونت اختیار کی اور بنو عبدالدار کے حلیف بنے۔

(طبقات ابن سعد ذکر خدیجہ کتاب النساء، بحوالہ سیرت النبی، جلد دوئم، ص ۱۳۳۳ از شبلی نعمانی)

عامر بن لوی کے خاندان میں فاطمہ بنت زاہدہ سے نکاح کیا ان کے بطن سے حضرت خدیجہ پیدا ہوئیں۔ ان کی پہلی شادی ابو ہالہ بن زرارہ تمیمی سے ہوئی۔ ان سے دو لڑکے پیدا ہوئے۔ ایک کا نام ہند تھا، دوسرے کا حارث۔ ابو ہالہ کے انتقال کے بعد عتیق بن عائذ مخزومی کے عقد نکاح میں آ گئیں۔ اس سے ایک لڑکی پیدا ہوئی اس کا نام بھی ہند تھا۔ اسی بنا پر حضرت خدیجہ ام ہند کے نام سے پکاری جاتی تھیں۔ ہند نے اول اسلام قبول کیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مفصل حلیہ ان ہی کی روایت سے منقول ہے نہایت فصیح و بلیغ تھے۔ حضرت علی کے ساتھ جنگ جمل میں شریک تھے اور شہید ہوئے۔ (الاصابہ ذکر ہند بحوالہ سیرت النبی، جلد دوئم، ص ۲۳۳)

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

اِبْرَاهِيْمَ فَاِنَّهٗ مِنْ مَارِيَةَ الْقُبْطِيَاءَ وَوُلِدَ مِنْ خَدِيْجَةَ اَرْبَعُ بَنَاتٍ۔ (الاستیعاب، جلد اوّل، ص ۲۲)

لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد پاک کہ وہ تمام کی تمام حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہوئی مگر حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ وہ حضرت ماریہ قبطیہ سے تھے اور حضرت خدیجہ سے حضور کی چار بیٹیاں ہوئیں۔

حضور علیہ السلام کی دو شہزادیاں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں آئیں:

لَاخِلَافَ فِيْ ذٰلِكَ اَكْبَرُهُنَّ زَيْنَبُ بِلَا خِلَافٍ وَبَعْدَهَا اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَقِيْلَ رُقَيَّةُ وَهُوَ الْاَوْلٰى لِاَنَّ رُقَيَّةَ تَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ قَبْلُ وَمَعَهَا هَاجَرَ اِلَى الْاَرْضِ الْحَبْشَةِ ثُمَّ تَزَوَّجَ بَعْدَهَا وَبَعْدَ وَقْعَةِ بَدْرٍ اُمَّ كُلْثُوْمٍ وَالصَّحِيْحُ اِنَّ اَصْغَرَهُنَّ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا وَعَنْ جَمِيْعِهِنَّ۔ (الاستیعاب، جلد اوّل، ص ۲۲)

اس میں اختلاف نہیں کہ سب میں سے بڑی سیّدہ زینب ہیں بلا اختلاف اور اس کے بعد اُم کلثوم بعض نے کہا کہ اس کے بعد رقیہ ہیں اور وہ پہلی ہیں رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نکاح فرمایا پہلے اور ان کے ساتھ ارض حبشہ کی طرف

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ سے) عتیق کے انتقال کے بعد حضرت خدیجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں آئیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ان کی چھ اولادیں ہوئیں۔ دو صاحبزادے کہ دونوں بچپن میں انتقال کر گئے اور چار صاحبزادیاں حضرت فاطمہ زہراء، حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت اُم کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) (سیرت النبی، جلد دوم، ص ۲۴۳)

ہجرت فرمائی۔ پھر ان کی وفات اور واقعہ بدر کے بعد حضرت اُم کلثوم سے نکاح فرمایا اور صحیح یہ ہے کہ ان سب سے چھوٹی حضرت سیّدہ فاطمہ تھیں رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔

ترتیب بنات اربعہ:

عَلٰى مَاتَوَاتَرَتْ بِهِ الْاَخْبَارُ فِيْ تَرْتِيْبِ بَنَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ زَيْنَبَ الْاُوْلٰى ثُمَّ الثَّانِيَةُ رُقَيَّةُ ثُمَّ الثَّالِثَةُ اُمُّ كُلْثُوْمٍ ثُمَّ الرَّابِعَةُ فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُنَّ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔ (الاستیعاب، جلد ثانی، ص ۷۴۹)

نبی کریم علیہ السلام کی چار صاحبزادیوں کی ترتیب متواترات احادیث مبارکہ سے یوں ہے کہ حضرت سیّدہ زینب پہلی، سیّدہ رقیہ دوسری، سیّدہ اُم کلثوم تیسری اور پھر سیّدہ فاطمۃ الزہراء نبی کریم علیہ السلام کی چوتھی شہزادی تھیں رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔

حضرت سیّدہ خدیجہ کے بطن اقدس سے سرکار علیہ السلام کی مکمل اولاد طاہرہ:

قَالَ قَتَادَةُ وُلِدَتْ لَهٗ خَدِيْجَةُ غُلَامَيْنِ وَاَرْبَعَ بَنَاتٍ
اَلْقَاسِمُ وَبِهٖ كَانَ يُكْنٰى وَعَاشَ حَتّٰى مَشٰى
وَعَبْدُ اللّٰهِ مَاتَ صَغِيْرًا
وَمِنَ النِّسَاءِ فَاطِمَةُ وَ زَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ۔ (الاستیعاب، جلد ثانی، ص ۷۱۸)

حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن اقدس سے نبی کریم علیہ السلام کے دو شہزادے تھے اور چار شہزادیاں، حضرت

قاسم وہ صاحبزادے جن سے حضور کی کنیت ابو القاسم تھی وہ چلنے تک زندہ رہے۔
حضرت عبداللہ صغرسنی میں ہی فوت ہوگئے اور شہزادیوں سے حضرت فاطمہ، زینب، اُم کلثوم اور سیدہ رقیہ تھیں۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم)

قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ فَوَلَدَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَدَهٗ كُلُّهُمْ اِلَّا اِبْرٰهِيْمَ
اَلْقَاسِمُ وَبِهٖ يُكْنٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالطَّاهِرُ وَالطَّيِّبُ وَزَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَ فَاطِمَةُ (رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُنَّ)

(سیرت ابن ہشام، جلد ا، ص ۲۰۶)

ابن اسحاق نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام اولاد طاہرہ، حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہے سوائے حضرت ابراہیم کے پہلے صاحبزادے قاسم انہیں کے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت ہوئی اور طاہر اور طیب اور زینب، رقیہ، اُم کلثوم اور حضرت فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)

فَخَطَبَهَا اِلَيْهِ تَزَوَّجَهَا فَوَلَدَتْ لَهٗ اَوْلَادَهٗ كُلُّهُمْ اِلَّا اِبْرَاهِيْمَ زَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَ فَاطِمَةُ وَالْقَاسِمُ وَبِهٖ كَانَ يُكْنٰى وَعَبْدُ اللّٰهِ وَ الطَّاهِرُ وَالطَّيِّبُ۔

(تاریخ کامل لابن الاثیر، جلد ثانی، ص ۔۔۔ و الطبری، جلد ا، ص ۳۵)

حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو نبی کریم علیہ السلام نے پیغام نکاح دیا پھر ان سے نکاح فرمایا تو حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی تمام اولاد طاہرہ پیدا ہوئی سوائے ابراہیم کے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد پاک حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے زینب، رقیہ، اُم کلثوم، فاطمہ اور قاسم جن

سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت (ابو القاسم) ہے اور عبداللہ اور طیب و طاہر (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) ہے[1]

ہجرت حضرت عثمان و رقیہ بنت رسول حبشہ کی طرف (رضی اللہ تعالیٰ عنہما):

وَخَرَجَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ وَامْرَاَتُهٗ رُقَيَّةُ بِنْتُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (بقیہ تاریخ ابن خلدون، جلد ثانی، ص ۸)

---

[1] معروف مورخ شاہ معین الدین ندوی رقمطراز ہیں کہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد و امجاد کے بارہ میں بڑا اختلاف ہے۔ مختلف روایتوں کی رو سے ان کی تعداد بارہ تک پہنچ جاتی ہے لیکن متفق علیہ بیان یہ ہے کہ چھ اولادیں تھیں۔ دو صاحبزادے قاسم اور ابراہیم اور چار صاحبزادیاں زینب، رقیہ، اُم کلثوم، فاطمہ زہراء۔ بعض روایتوں میں دو اور صاحبزادوں طیب اور طاہر کا نام بھی ملتا ہے ان میں حضرت ابراہیم ماریہ قبطیہ کے بطن سے تھے باقی کل حضرت خدیجہ سے۔

قاسم سب سے پہلی اولاد تھے۔ ان کی پیدائش نبوت سے گیارہ بارہ سال پیشتر ہوئی تھی لیکن بچپن ہی میں انتقال کر گئے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت ابو القاسم انہیں کے نام پر تھی۔ سب سے آخری اولاد حضرت ابراہیم تھے۔ یہ ۸ھ میں پیدا ہوئے اور کل سوا دو مہینے زندہ رہے۔ ان کی موت کے دن اتفاق سے سورج گہن ہوا۔ لوگوں میں مشہور ہو گیا کہ ابراہیم کی موت اس کا سبب ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کی تردید فرمائی کہ چاند اور سورج خدا کی نشانیاں ہیں کسی کی موت سے ان میں گہن نہیں لگتا۔ صاحبزادیوں میں زینب سب سے بڑی تھیں۔ یہ قاسم کے بعد پیدا ہوئیں۔ ان کی شادی ان کے خالہ زاد بھائی ابو العاص کے ساتھ ہوئی تھی۔ زینب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات ہی میں ۸ھ میں انتقال کیا۔ ایک لڑکا علی اور ایک لڑکی امامہ یادگار چھوڑی۔ آنحضرت امامہ سے بڑی محبت فرماتے تھے۔ نماز کی حالت میں بھی ان کو جدا نہ کرتے تھے۔ زینب سے چھوٹی رقیہ تھیں۔ ان کی شادی قبل از اسلام ابولہب کے بڑے لڑکے عتبہ کے ساتھ ہوئی تھی۔ ظہور اسلام کے بعد ابولہب نے اپنی کینہ پروری میں عتبہ سے طلاق دلوادی طلاق کے بعد حضرت عثمان سے شادی ہوئی۔ ان کا انتقال بھی آنحضرت کی زندگی میں غزوہ بدر کے زمانہ میں ہوا۔ انہی کی تیمارداری کی وجہ سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ بدر میں شریک نہ ہو سکے تھے۔

رقیہ سے چھوٹی اُم کلثوم تھیں۔ ان کی شادی ابولہب کے دوسرے بیٹے عتیبہ کے ساتھ ہوئی۔ انہیں بھی ابولہب نے طلاق دلوادی تھی۔ حضرت رقیہ کے انتقال کے بعد رسول اللہ

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

ثابت ہوا سیدہ رقیہ حضرت عثمان غنی کی زوجہ اور نبی کریم علیہ السلام کی حقیقی صاحبزادی تھیں۔

بنات اربعہ بروایت حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

كَانَ اَوَّلُ مَنْ وُلِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ قَبْلَ النُّبُوَّةِ اَلْقَاسِمُ وَبِهٖ كَانَ يُكْنٰى ثُمَّ وُلِدَ لَهٗ زَيْنَبُ ثُمَّ رُقَيَّةُ

اور حضرت عثمان ابن عفان اور ان کی بیوی رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ سے)

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی شادی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کردی۔ شادی کے چھ سال بعد تک زندہ رہیں۔ ۹ھ میں انتقال کیا۔

سب سے چھوٹی صاحبزادی حضرت فاطمہ زہراء تھیں۔ ان کا نکاح حضرت علی سے ہوا۔ چونکہ لڑکیوں میں یہ سب سے چھوٹی تھیں اور ان کے علاوہ سب اولادیں آنحضرت کی حیات میں انتقال کرگئیں تھیں اس لیے آپ ان کو بہت محبوب رکھتے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کی زندگی میں دوسرا نکاح کرنا چاہا تو آپ نے سخت ناپسندیدگی کا اظہار فرمایا کہ میری لڑکی میرا جگر گوشہ ہے جس سے اس کو دکھ پہنچے گا مجھے بھی اس سے اذیت ہوگی۔ آپ کی نامرضی دیکھ کر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نکاح کا ارادہ ترک کردیا اور حضرت فاطمہ کی زندگی بھر دوسری شادی نہیں کی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے چھ مہینے بعد جب حضرت فاطمہ کا انتقال ہوا ان کی پانچ اولادیں تھیں۔ حضرت حسن، حضرت حسین، ام کلثوم، زینب، محسن، محسن کا انتقال بچپن میں ہوگیا تھا۔ (تاریخ اسلام، جلد اول، ص ۱۲۹-۱۳۰-۱۳۱)

علامہ قاری رضاء المصطفیٰ فرماتے ہیں کہ

ام المومنین سیدہ خدیجہ کے ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے چھ اولادیں ہوئیں۔

دو صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں

۱۔ سیدنا قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے بڑے صاحبزادے تھے انہیں کے نام پر حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت ابوالقاسم تھی۔ آپ ابھی چلنے کے قابل ہی ہوئے تھے کہ آپ کا وصال ہوگیا۔

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

وسلم نکلے (ہجرت حبشہ کے لیے)

ثُمَّ فَاطِمَةُ ثُمَّ اُمُّ كُلْثُوْمٍ ثُمَّ وُلِدَ لَهٗ فِى الْاِسْلَامِ عَبْدُ اللّٰهِ فَسُمِّىَ الطَّيِّبُ وَالطَّاهِرُ وَاُمُّهُمْ جَمِيْعًا خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدَ۔

(طبقات ابن سعد، جلد اول، ص ۱۳۳)

حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے پہلے جگر گوشہ جو مکہ مکرمہ میں (اعلان) نبوت سے پہلے پیدا ہوئے وہ حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں اور انہیں سے آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی کنیت (ابوالقاسم) تھی پھر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں جو اولاد ہوئی وہ سیدہ زینب پھر سیدہ رقیہ پھر سیدہ فاطمہ پھر سیدہ اُم کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) تھیں پھر جو اسلام میں (اعلان نبوت کے بعد) جو پیدا ہوئے وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے جن کا نام طیب وطاہر رکھا گیا اور اس تمام اولاد کی والدہ حضرت خدیجہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ سے)

۲۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دوسرے صاحبزادے کا نام عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھا۔ آپ کا نہایت ہی چھوٹی عمر میں انتقال ہوگیا۔ آپ اعلان نبوت کے بعد پیدا ہوئے تھے۔ اس لیے اکثر مورخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ان کے لقب ہی طیب وطاہر تھے۔

۳۔ سیدہ زینب سلام اللہ علیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی صاحبزادی تھیں۔

۴۔ سیدہ رقیہ سلام اللہ علیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دوسری صاحبزادی تھیں۔

۵۔ سیدہ ام کلثوم سلام اللہ علیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تیسری صاحبزادی تھیں۔

۶۔ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے چھوٹی صاحبزادی تھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے سب سے زیادہ پیار فرمایا کرتے تھے۔

(مجمع الزوائد باب الاول، جلد ۹، ص ۲۷۱، طبقات ابن سعد، جلد ۱، ص ۲۱۷، المعارف ابن قتیبہ، ص ۶۱، جمرۃ الانساب العرب، ص ۱۶، حیات القلوب از ملاں باقر مجلسی، جلد ۲، ص ۲۹۸، منتہی الامال از عباس قمی، جلد ۱، ص ۱۰۸، اصول کافی، ص ۲۷۹، سیرت ابن ہشام، بحوالہ امہات المومنین، ص ۱۰۶-۱۰۷، از علامہ قاری رضاء المصطفیٰ مطبوعہ مکتبہ گیلانیہ، فیصل آباد)

بنت خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔

سوائے حضرت ابراہیم کے تمام اولاد رسول حضرت خدیجہ سے ہوئی:

حافظ ابن کثیر دمشقی لکھتے ہیں کہ

قال ابن اسحٰق

فَوَلَدَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَدَهٗ كُلَّهُمْ اِلَّا اِبْرَاهِيْمَ اَلْقَاسِمُ وَكَانَ بِهٖ يُكْنٰى وَالطَّيِّبُ وَالطَّاهِرُ وَ زَيْنَبُ وَرُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَ فَاطِمَةُ۔

(البدایہ والنہایہ، جلد ثانی، ص ۲۹۴)

ابن اسحاق نے کہا کہ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام اولاد پاک حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن اقدس سے ہے سوائے حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے (حضور کے ایک صاحبزادے) حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ جن سے آپ کی کنیت (ابوالقاسم) تھی اور طیب و طاہر اور سیدہ زینب، رقیہ، اُم کلثوم اور فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)۔

حضور علیہ السلام کے بڑے شہزادے حضرت قاسم تھے:

اَكْبَرُ وَلَدِهٖ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَلْقَاسِمُ ثُمَّ زَيْنَبُ ثُمَّ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ اُمُّ كُلْثُوْمٍ ثُمَّ رُقَيَّةُ ثُمَّ فَاطِمَةُ۔

(البدایہ والنہایہ، جلد ثانی، ص ۲۹۴)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی اولاد حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں پھر سیدہ زینب پھر حضرت سیدنا عبداللہ پھر سیدہ

اُم کلثوم پھر سیدہ فاطمہ پھر سیدہ رقیہ

(رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)

حضرت ابراہیم بن رسول اللہ حضرت ماریہ قبطیہ کے بطن سے تھے:

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

كَانَ اَكْبَرُ وَلَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْقَاسِمُ ثُمَّ زَيْنَبُ ثُمَّ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ اُمُّ كُلْثُوْمٍ ثُمَّ فَاطِمَةُ ثُمَّ رُقَيَّةُ فَمَاتَ الْقَاسِمُ وَهُوَ اَوَّلُ مَيِّتٍ مِنْ وَلَدِهٖ بِمَكَّةَ ثُمَّ مَاتَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ الْعَاصُ بْنُ وَائِلِ السَّهْمِيُّ قَدِ انْقَطَعَ نَسْلُهٗ فَهُوَ اَبْتَرُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ (اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ) قَالَ ثُمَّ وَلَدَتْ لَهٗ مَارِيَةُ بِالْمَدِيْنَةِ اِبْرَاهِيْمَ فِيْ ذِي الْحِجَّةِ سَنَةَ ثَمَانٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ فَمَاتَ ابْنُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا۔ (البدایہ والنہایہ جلد پنجم ص ۳۰۶)

حضرت سیدنا ابن عباس (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی اولاد حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں پھر سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پھر سیدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا پھر سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پھر سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پس فوت ہوگئے قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور وہ رسول اللہ علیہ السلام کی اولاد پاک سے سب سے پہلے فوت ہونے والے ہیں مکہ میں پھر فوت ہوئے عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو عاص بن وائل سہمی نے کہا (معاذ اللہ) یہ ابتر ہیں ان کی نسل منقطع ہوچکی ہے تو اللہ تعالیٰ نے سورہ کوثر نازل فرمائی پھر فرمایا ابن عباس نے کہ حضرت ماریہ قبطیہ

رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے ذی الحجہ ۸ھ ہجری کو مدینہ منورہ میں حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ پیدا ہوئے اور وہ اٹھارہ ماہ کے تھے کہ فوت ہو گئے۔[1]

اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ (الآیت) کی شانِ نزول اور اولادِ رسول:

امام اجل حافظ الحدیث حضرت امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ

''امام طبرانی اور ابن مردویہ رحمۃ اللہ علیہما نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بیان کیا ہے کہ جب حضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کا وصال ہوا تو مشرکین آپس میں ایک دوسرے کے پاس چل کر گئے اور کہنے لگے بے شک یہ صابی آج کی رات بے نام و نشان ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے مکمل

[1] (تاریخ ابن کثیر اردو ترجمہ البدایہ والنہایہ، جلد پنجم، ص ۵۲۷، مطبوعہ نفیس اکیڈمی کراچی)

صاحب افضل الموید تحریر کرتے ہیں کہ

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار طاہرہ وطیبہ بیٹیاں ام المومنین حضرت سیدہ خدیجہ الکبریٰ کے بطن اقدس سے پیدا ہوئیں۔

۱۔ حضرت زینب ۲۔ حضرت رقیہ ۳۔ حضرت ام کلثوم ۴۔ عمر میں سب سے چھوٹی اور مقام و مرتبہ میں سب سے اعلیٰ حضرت سیدہ فاطمہ ہیں۔ (انوار نبوت ترجمہ افضل الموید لآل محمد، ص ۲۸۲)

معروف مورخ شبلی نعمانی لکھتے ہیں کہ

''آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد کی تعداد میں سخت اختلاف ہے۔ متفق علیہ روایت یہ ہے کہ آپ کے چھ اولادیں تھیں۔ قاسم، ابراہیم، زینب، رقیہ، ام کلثوم، فاطمہ ان تمام لڑکیوں نے اسلام کا زمانہ پایا اور ہجرت سے شرف اندوز ہوئیں لیکن ابن اسحاق نے دو صاحبزادوں کا نام اور لیا ہے طاہر وطیب، اس بنا پر اولاد مذکور کی تعداد لڑکیوں کے برابر ہو جاتی ہے۔ اس بارہ میں تمام اقوال جمع کرنے سے ثابت ہوتا ہے کہ آنحضرت کے بارہ اولادیں تھیں جن میں آٹھ لڑکے اور چار لڑکیاں تھیں۔ لڑکیوں کی تعداد میں کسی قسم کا اختلاف نہیں البتہ صاحبزادوں کی تعداد میں سخت اختلاف ہے۔ مجموعی تعداد آٹھ تک پہنچتی ہے جن میں قاسم اور ابراہیم پر تمام راویوں کا اتفاق ہے حضرت ابراہیم ماریہ قبطیہ سے اور بقیہ حضرت خدیجہ سے تھیں۔

(زرقانی، صفحہ ۲۲۳، بحوالہ سیرۃ النبی، جلد دوم، ص ۲۵۲، از علامہ شبلی نعمانی)

سورۂ کوثر نازل فرمائی۔''

(مجمع الزوائد، جلد ۷، ص ۳۰۰ (۱۱۵۲۶) دار الفکر بیروت، بحوالہ تفسیر در منثور، جلد ششم، ص ۱۱۳۹ اردو مطبوعہ لاہور پاکستان)

امام ابن سعد اور ابن عساکر رحمہما اللہ نے حضرت کلبی کی سند سے حضرت ابوصالح سے اور انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قول روایت کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑے صاحبزادے حضرت قاسم تھے پھر حضرت زینب پھر حضرت عبداللہ پھر حضرت اُم کلثوم پھر حضرت فاطمہ اور پھر حضرت رقیہ رضی اللہ عنہن تھیں۔ پس حضرت قاسم فوت ہوئے آپ کی اولاد میں سے مکہ مکرمہ میں سب سے اوّل فوت ہونے والے یہی تھے پھر حضرت عبداللہ کا وصال ہوا تو عاص بن وائل سہمی نے کہا تحقیق ان کی نسل تو کٹ گئی اور یہ ابتر ہو گئے تو جواب میں اللہ تعالیٰ نے (اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ) نازل فرمائی۔

(تاریخ مدینہ دمشق جلد ۳، ص ۱۲۶ دار الفکر بیروت، بحوالہ تفسیر در منثور جلد ششم، ص ۱۱۳۹ اردو مطبوعہ لاہور پاکستان)

ضیاء الامت حضرت پیر کرم شاہ الازہری بھیروی علیہ الرحمت فرماتے ہیں کہ

''ام المومنین حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن مبارک سے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار صاحبزادیاں اور دو صاحبزادے تولد ہوئے۔''

(تفسیر ضیاء القرآن، جلد پنجم، ص ۶۸۲)

''حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن اقدس سے حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ اولاد پیدا ہوئی۔

قاسم پھر زینب پھر عبداللہ پھر اُم کلثوم پھر فاطمہ پھر رقیہ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَبِيْهِمْ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ پہلے قاسم کا انتقال ہوا پھر عبداللہ (جن کا لقب طیب وطاہر

ہے) داغ مفارقت دے گئے۔" (تفسیر ضیاء القرآن جلد پنجم، ص ۶۸۸)

صاحب تفسیر کمالین لکھتے ہیں کہ

"حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سب سے بڑے صاحبزادے قاسم تھے۔ ان سے چھوٹی حضرت زینب تھیں ان سے چھوٹے حضرت عبداللہ تھے ان سے چھوٹی اُم کلثوم پھر فاطمہ پھر رقیہ تھیں۔ پہلے حضرت قاسم کا پھر حضرت عبداللہ کا انتقال ہوا اس پر عاص بولا:

إِنَّ مُحَمَّدًا أَبْتَرُ لَا ابْنَ لَهُ يَقُوْمُ مَقَامَهُ بَعْدَهُ فَإِذَا مَاتَ انْقَطَعَ ذِكْرُهُ وَاسْتَرَحْتُمْ مِنْهُ۔ (معاذ اللہ)

بے شک محمد ابتر ہیں ان کا کوئی بیٹا نہیں جو ان کے قائم مقام ہو ان کے بعد پس جب یہ فوت ہو جائیں گے تو ان کا ذکر (معاذ اللہ) منقطع ہو جائے گا تو تم اس سے سکون حاصل کرنا اور خوش ہو جانا۔

یہ موقع دشمن کے خوش ہونے کا نہیں تھا مگر خوش ہو رہے ہیں کون؟ آپ کے چچا ابو جہل و ابولہب اور برادری کے عقبہ بن ابی معیط وغیرہ کچھ ٹھکانہ ہے اس کمینہ پن اور دنایت کا ان حوصلہ شکن اور دل گداز حالات میں سورۂ کوثر نازل ہوئی جس میں آپ کو بڑی تسلی دی گئی اور آپ کے طبعی ملال و تکدر کو دور فرمایا گیا۔"

(تفسیر کمالین شرح اردو تفسیر جلالین، جلد ۷، ص ۳۸۸ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور)

الغرض سورۂ کوثر کی شان نزول میں اکثر مفسرین نے سرکار دو عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی چار شہزادیاں تحریر کی ہیں جن میں سے شیعہ کتب کے حوالجات اپنے مقام پر بیان ہوں گے۔

شاہ مقوقس کا ہدیہ "حضرت ماریہ قبطیہ" حضور کیلئے:

حافظ ابن کثیر دمشقی رقمطراز ہیں کہ

وَقَدْ وُلِدَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَاسِمُ وَهُوَ اَكْبَرُ وَلَدِهٖ وَبِهٖ كَانَ يُكْنٰى ثُمَّ زَيْنَبُ ثُمَّ عَبْدُ اللّٰهِ وَكَانَ يُقَالُ لَهُ الطَّيِّبُ وَيُقَالُ لَهُ الطَّاهِرُ وُلِدَ بَعْدَ النُّبُوَّةِ وَمَاتَ صَغِيْرًا ثُمَّ اِبْنَتُهُ اُمُّ كُلْثُوْمٍ ثُمَّ فَاطِمَةُ ثُمَّ رُقَيَّةُ هٰكَذَا الْاَوَّلُ فَالْاَوَّلُ ثُمَّ مَاتَ الْقَاسِمُ بِمَكَّةَ وَهُوَ اَوَّلُ مَيِّتٍ مِّنْ وَلَدِهٖ ثُمَّ مَاتَ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ وُلِدَتْ لَهُ مَارِيَةُ الْقِبْطِيَّةُ الَّتِىْ اَهْدَاهَا الْمُقَوْقِسُ صَاحِبُ اِسْكَنْدَرِيَةِ وَاَهْدٰى مَعَهَا اُخْتَهَا شِيْرِيْنَ وَخَصِيًا يُقَالُ لَهُ مَايُوْدُ فَوَهَبَ شِيْرِيْنَ لِحَسَّانِ ابْنِ ثَابِتٍ فَوُلِدَتْ لَهُ اِبْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَقَدِ انْقَرَضَ نَسْلُ حَسَّانِ بْنِ ثَابِتٍ۔

(البدایہ والنہایہ، جلد ۵، ص ۳۰۷)

اور ان (حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قاسم پیدا ہوئے اور یہ آپ کے سب سے بڑے بیٹے تھے اور انہیں سے آپ کنیت کرتے تھے پھر زینب پھر عبداللہ پیدا ہوئے جنہیں طیب اور طاہر بھی کہا جاتا ہے۔ آپ نبوت کے بعد پیدا ہوئے اور بچپنے میں فوت ہو گئے پھر آپ کی بیٹی اُم کلثوم پھر فاطمہ اور پھر رقیہ پیدا ہوئیں پھر قاسم مکہ میں فوت ہو گئے اور یہ آپ کے پہلے فوت ہونے والے بیٹے تھے پھر عبداللہ فوت ہوئے پھر ماریہ قبطیہ کے بطن سے جسے مقوقس حاکم اسکندریہ نے آپ کو ہدیۂ دیا تھا ابراہیم پیدا ہوئے اور ماریہ

کے ساتھ ان کی بہن شیریں اور خصی مابور کو بھی ہدیۃً دیا تھا۔ آپ نے شیریں حضرت حسان کو بخش دی جس سے ان کا بیٹا عبدالرحمٰن پیدا ہوا اور حسان ابن ثابت کی نسل ختم ہوگئی۔ (تاریخ ابن کثیر جلد پنجم ص ۵۲۸ مطبوعہ کراچی)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی سیدہ زینب اور ان کی بیٹی امامہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہما):

فَقَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ لِيْ غَيْرُ وَاحِدٍ كَانَتْ زَيْنَبُ اَكْبَرُ بَنَاتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ فَاطِمَةُ اَصْغَرُهُنَّ وَاَحَبَّهُنَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَزَوَّجَ زَيْنَبُ اَبُو الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ فَوَلَدَتْ مِنْهُ عَلِيًّا وَاُمَامَةُ وَهِيَ الَّتِيْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْمِلُهَا فِي الصَّلٰوةِ فَاِذَا سَجَدَ وَضَعَهَا وَاِذَا قَامَ حَمَلَهَا وَلَعَلَّ ذٰلِكَ كَانَ بَعْدَ مَوْتِ اُمِّهَا سَنَةَ ثَمَانٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ عَلٰى مَا ذَكَرَهُ الْوَاقِدِيُّ وَقَتَادَةُ وَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَزْمٍ وَغَيْرُهُمْ وَكَاَنَّهَا كَانَتْ طِفْلَةٌ صَغِيْرَةٌ فَاللّٰهُ اَعْلَمُ وَ قَدْ تَزَوَّجَهَا عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بَعْدَ مَوْتِ فَاطِمَةَ وَكَانَتْ وَفَاةُ زَيْنَبَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا فِيْ سَنَةِ ثَمَانٍ۔

(البدایہ والنہایہ، جلد پنجم، ص ۳۰۸)

عبدالرزاق بحوالہ ابن جریج بیان کرتے ہیں کہ مجھے کئی لوگوں نے بتایا ہے کہ حضرت زینب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی بیٹی تھیں اور حضرت فاطمہ سب سے چھوٹی تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم کو ان سب سے زیادہ محبوب تھیں اور حضرت زینب سے ابو العاص بن الربیع نے نکاح کیا جس سے علی اور امامہ پیدا ہوئے اور انہیں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز میں اٹھایا کرتے تھے اور جب سجدہ فرماتے تھے تو نیچے بٹھادیا کرتے تھے اور جب کھڑے ہوتے تھے تو اٹھالیا کرتے تھے اور شاید یہ ان کی والدہ کی وفات کی وجہ سے تھا جو ۸ھ ہجری کو فوت ہوئی تھیں جیسا کہ واقدی قتادہ اور عبداللہ بن ابی بکر بن حزم وغیرہ نے بیان کیا ہے گویا وہ چھوٹی بچی تھیں واللہ اعلم اور حضرت فاطمہ کی وفات کے بعد حضرت علی نے ان سے نکاح کرلیا تھا اور حضرت زینب کی وفات ۸ھ ہجری میں ہوئی۔ (تاریخ ابن کثیر ص ۵۲۹ مطبوعہ نفیس اکیڈمی کراچی)

نبی کریم علیہ السلام کی عمر مبارک بوقت نکاح اور حضرت خدیجہ کی عمر مبارک:

ثُمَّ تَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَوْمَئِذٍ ابْنُ خَمْسٍ وَّ عِشْرِيْنَ سَنَةً وَخَدِيْجَةُ ابْنَةُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً فَوَلَدَتْ لَهُ الْقَاسِمُ وَالطَّاهِرُ وَهُوَ الْمُطَهَّرُ مَاتَا قَبْلَ النُّبُوَّةِ وَ وُلِدَتْ لَهُ مِنَ النِّسَآءِ زَيْنَبُ الَّتِيْ كَانَتْ تَحْتَ اَبِي الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ وَكَانَتْ اَكْبَرُ بَنَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رُقَيَّةُ تَزَوَّجَهَا عُتْبَةُ ابْنُ اَبِيْ لَهَبٍ فَطَلَّقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ بِهَا فَتَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ بَعْدَ النُّبُوَّةِ ثُمَّ وُلِدَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ فَتَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ بَعْدَ رُقَيَّةَ ثُمَّ وَلَدَتْ فَاطِمَةُ فَتَزَوَّجَهَا عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ وَ تُوُفِّيَ خَدِيْجَةُ لِعَشْرِ خَلَوْنَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي السَّنَةِ الْعَاشِرَةِ مِنَ النُّبُوَّةِ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِثَلَاثٍ

سِنِيْنَ وَهِيَ بِنْتُ خَمْسٍ وَسِتِّيْنَ سَنَةً۔ (طبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ۲۱۷)

پھر حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نکاح فرمایا آپ کی عمر مبارک اس وقت پچیس برس کی تھی اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر چالیس برس کی تھی' نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی اولاد حضرت خدیجہ سے قاسم اور طاہر نبوت کے اظہار سے پہلے ہی فوت ہو گئے اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جو لڑکیاں پیدا ہوئیں سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا جو سب سے بڑی تھیں ان سے ابو العاص بن ربیع نے نکاح کیا پھر رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ان سے عتبہ بن ابی لہب نے نکاح کیا پھر اس نے قبل دخول طلاق دے دی پھر ان سے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بعد نبوت نکاح فرمایا پھر اُم کلثوم پیدا ہوئیں تو رقیہ کے بعد حضرت عثمان نے ان سے نکاح کیا پھر حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پیدا ہوئیں ان سے حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نکاح کیا اور دس رمضان المبارک نبوت کے ۱۰ھ ہجری میں تین برس ہجرت سے پہلے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا اس وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر پینسٹھ برس کی تھی۔

فَتَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرْجِعَهُ مِنَ الشَّامِ وَهُوَ ابْنُ خَمْسٍ وَّ عِشْرِيْنَ سَنَةً فَوَلَدَتِ الْقَاسِمَ وَ عَبْدَاللّٰهِ وَهُوَ الطَّاهِرُ وَالطَّيِّبُ سُمِّيَ بِذٰلِكَ لِاَنَّهُ وُلِدَ فِي الْاِسْلَامِ وَزَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ وَ فَاطِمَةُ۔ (طبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ۱۶)

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ملک شام سے واپسی پر حضرت سیّدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا اس وقت آپ کی عمر مبارک پچیس برس کی تھی تو حضرت خدیجہ کے ہاں قاسم و عبداللہ پیدا ہوئے اور وہ طیب و طاہر ہیں ان کے یہ نام اس لیے رکھے گئے کہ وہ زمانہ اسلام میں پیدا ہوئے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صاحبزادیاں حضرت زینب، رقیہ، اُم کلثوم اور فاطمہ پیدا ہوئیں۔

(رضوان اللہ علیہن وعلیہم)

حضرت قاسم کی ولادت:

رَوَى ابْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ كَانَ اَكْبَرُ اَوْلَادِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَاسِمُ وَكَانَتْ وِلَادَتُهُ قَبْلَ النُّبُوَّةِ وَبِهٖ كَانَ يُكْنٰى ثُمَّ زَيْنَبُ ثُمَّ عَبْدُ اللّٰهِ ثُمَّ اُمُّ كُلْثُوْمٍ ثُمَّ فَاطِمَةُ ثُمَّ رُقَيَّةُ۔ (تاریخ ابن عساکر، جلد ۱، ص ۲۹۲)

ابن سعد نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی اولاد حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے اور ان کی ولادت اظہار نبوت سے پہلے ہوئی اور انہیں کی وجہ سے نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت ابو القاسم تھی پھر حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا پھر حضرت عبداللہ پھر اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا پھر حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

حضور علیہ السلام کی اولاد امجاد کی تفصیل:

وَكَانَ أَوَّلُ مَنْ مَاتَ وَلَدُهُ الْقَاسِمُ ثُمَّ مَاتَ عَبْدُ اللهِ بِمَكَّةَ ثُمَّ وَلَدَتْ لَهُ مَارِيَةُ بِالْمَدِيْنَةِ إِبْرَاهِيْمَ فِيْ ذِي الْحِجَّةِ سَنَةَ ثَمَانٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ فَمَاتَ ابْنُ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ شَهْرًا قَالَ هِشَامُ ابْنُ الْكَلْبِيِّ قَدْ تَزَوَّجَ زَيْنَبَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو الْعَاصِ ابْنُ رَبِيْعٍ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ شَمْسٍ بْنِ عَبْدِ مُنَافٍ فَوَلَدَتْ لَهُ عَلِيًّا وَ أُمَامَةَ وَ تُوُفِّيَتْ سَنَةَ ثَمَانٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ وَأَمَّا رُقَيَّةُ فَقَدْ تَزَوَّجَهَا عُتْبَةُ ابْنُ أَبِيْ لَهَبٍ وَ تَزَوَّجَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ عُتَيْبَةُ بْنُ أَبِيْ لَهَبٍ فَلَمْ يَبْتَنِيَا بِهِمَا حَتّٰى بُعِثَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا أَنْزَلَ اللهُ تَعَالٰى تَبَّتْ يَدَا أَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ قَالَ لَهُمَا أَبُوْهُمَا رَأْسِيْ مِنْ رَأْسِكُمَا حَرَامٌ إِنْ لَّمْ تُطَلِّقَا إِبْنَتَيْهِ فَفَارَقَاهُمَا وَلَمْ يَكُوْنَا دَخَلَا بِهِمَا فَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ رُقَيَّةَ فَوَلَدَتْ لَهُ عَبْدَاللهِ الَّذِيْ تُكْنٰى بِهٖ وَبَلَغَ سِتَّ سِنِيْنَ فَنَقَرَهُ دِيْكٌ عَلٰى عَيْنَيْهِ فَمَاتَ وَتُوُفِّيَتْ رُقَيَّةُ وَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَدْرٍ فَقَدِمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ الْمَدِيْنَةَ بَشِيْرًا بِمَا فَتَحَ اللهُ عَلٰى نَبِيِّهٖ بِبَدْرٍ فَجَاءَ حِيْنَ سُوِّيَ التُّرَابُ عَلٰى رُقَيَّةَ وَكَانَتْ صَبِيْحَةُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ لِسَبْعِ عَشَرَةَ لَيْلَةً مَضَتْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنَ السَّنَةِ الثَّانِيَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ ثُمَّ تَزَوَّجَ عُثْمَانُ أُمَّ كُلْثُوْمٍ فَمَاتَتْ عِنْدَهُ فِيْ شَعْبَانَ سَنَةَ تِسْعَةٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ وَلَمْ تَلِدْ لَهُ شَيْءٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى

اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْكَانَتْ عِنْدِيْ ثَالِثَةٌ لَزَوَّجْتُهَا عُثْمَانَ وَ تَزَوَّجَ عَلِيُّ ابْنُ أَبِيْ طَالِبٍ فَاطِمَةَ لِثَلَاثٍ بَقِيْنَ مِنْ شَهْرِ صَفَرٍ مِّنَ السَّنَةِ الثَّانِيَةِ مِنَ الْهِجْرَةِ فَوَلَدَتْ لَهُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ وَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ وَزَيْنَبَ وَ تُوُفِّيَتْ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسِتَّةِ أَشْهُرٍ.

(تاریخ ابن عساکر، جلد ۱، ص ۲۹۲)

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد پاک سے پہلا جو فوت ہوئے وہ حضرت قاسم تھے پھر حضرت عبداللہ کا وصال مکہ میں ہوا پھر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاں ماریہ سے حضرت ابراہیم مدینہ طیبہ میں ذی الحجہ ۸ ہجری میں پیدا ہوئے تو وہ اٹھارہ ماہ کی عمر میں وفات پا گئے ہشام بن کلبی نے کہا تحقیق حضرت سیدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکاح ابوالعاص بن ربیع بن عبدالعزّٰی بن شمس بن عبدمناف نے کیا تو حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ابوالعاص کے ہاں علی اور امامہ پیدا ہوئے اور حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ۸ ہجری میں انتقال ہو گیا اور حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو ان سے عتبہ بن ابی لہب نے نکاح کیا اور حضرت اُم کلثوم بنت رسول اللہ علیہ السلام سے عتیبہ بن ابی لہب نے نکاح کیا ابھی (رخصتی نہیں ہوئی تھی) کہ نبی کریم علیہ السلام نے اظہار نبوت فرمایا تو جب اللہ تعالیٰ نے تبت یدا ابی لھب نازل فرمائی تو ان دونوں کو ان کے باپ ابولہب نے کہا کہ میری سرداری کی سجادگی تمہارے لیے حرام ہو گی اگر تم نے محمد (صلی

اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی دونوں صاحبزادیوں (حضرت) رقیہ اور (حضرت) ام کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو طلاق نہ دی تو ان دونوں نے ان دونوں شہزادیوں کو قبل از آباد کرنے کے ہی چھوڑ دیا تو حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمالیا حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ کی اولاد حضرت عبداللہ پیدا ہوئے اور انہیں کے نام سے آپ کی کنیت (ابو عبداللہ) تھی چھ برس کی عمر کو پہنچے تو مرغ نے ان کی آنکھ پر چونچ ماری تو حضرت عبداللہ بن عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا وصال ہو گیا[1] نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم غزوۂ بدر میں تشریف لے گئے تھے کہ حضرت سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہو گیا۔

پھر حضرت زید بن حارثہ غزوۂ بدر کی کامیابی کی خوشخبری لے کر مدینہ منورہ آئے تو حضرت سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک و منور پر مٹی ڈالی جا رہی تھی اور بدر کا واقعہ جمعہ کی صبح سترہویں رمضان المبارک ۲ ہجری میں ہوا پھر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ام کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ

[1] اس امر میں علماء مورخین کا زبردست اختلاف ہے بعض نے تو یہی لکھا ہے کہ وہ سات سال کے تھے اور مرغ کی ٹھونگ لگنے سے ان کی وفات ہو گئی اور بعض نے اس روایت کو تحقیق کے ساتھ رد کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ہجرت حبشہ کے زمانہ میں پیدا ہوئے ان کی پیدائش اگر ہجرت حبشہ کے پہلے سال مانی جائے تو ہجرت مدینہ کے وقت ان کی عمر مبارک کم و بیش آٹھ نو سال بنتی ہے اور اگر آپ کی ولادت کو قیام حبشہ کا آخری سال قرار دیا جائے تو ہجرت مدینہ کے وقت آپ کی عمر چار پانچ سال ماننا پڑے گی اس صورت میں بھی آپ نبی کریم علیہ السلام کی رحلت کے وقت ۱۶، ۱۷ سال کے کڑیل جوان تھے۔ اس ایک ہی تجزیہ سے یہ بات غلط ثابت ہو جاتی ہے کہ آپ کو دو یا چھ سال کی عمر میں آنکھ میں مرغ نے ٹھونگ ماردی اور آپ فوت ہو گئے۔ یہ غلط ہے بلکہ آپ کی شادی ہوئی اور آپ صاحب اولاد ہوئے جن سے حضرت عثمان کی نسل پاک اب بھی موجود ہے۔

علیہ وآلہ وسلم سے نکاح فرمایا تو وہ بھی حضرت عثمان کے گھر شعبان ۹ ہجری میں فوت ہو گئیں اور ان سے کوئی بچہ نہ پیدا ہوا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

''اگر میرے پاس تیسری لڑکی کنواری ہوتی تو میں اس کا نکاح بھی عثمان ہی سے کر دیتا۔''[2]

اور حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے حضرت فاطمۃ الزھراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ستائیس صفر ۲ ہجری کو نکاح فرمایا۔ حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کی اولاد امجاد حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (کے بطن اقدس) سے حضرت امام حسن، حضرت امام حسین، حضرت ام کلثوم بنت علی اور حضرت زینب بنت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین پیدا ہوئیں اور حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے وصال سے چھ ماہ بعد رحلت فرما گئیں۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد امجاد چھ نفوس قدسیہ ہیں:

علامہ زرقانی علیہ الرحمت فرماتے ہیں کہ

اِعْلَمْ اَنَّ جُمْلَةَ مَا اتُّفِقَ عَلَيْهِ مِنْهُمْ سِتَّةُ الْقَاسِمُ اَوَّلُهُمْ وَاِبْرَاهِيْمُ آخِرُهُمْ وَاَرْبَعُ بَنَاتٍ زَيْنَبُ اَكْبَرُهُنَّ وَرُقَيَّةُ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ وَفَاطِمَةُ اَصْغَرُهُنَّ عَلَى الْاَصَحِّ. (زرقانی جلد ۳ ص ۱۹۴)

''جان لے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد پاک جن پر سب کا اتفاق ہے وہ چھ ہیں ان میں سے سب سے پہلے حضرت قاسم ہیں اور سب سے آخر حضرت ابراہیم ہیں اور سرکار کی چار بیٹیاں ہیں سب سے

[2] اعلیٰ حضرت بریلوی فرماتے ہیں کہ ؎

ہو مبارک تجھ کو ذوالنورین جوڑا نور کا
نور کی سرکار سے پایا دوشالہ نور کا

بڑی حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور رقیہ اور اُم کلثوم اور سب سے چھوٹی حضرت سیّدہ فاطمہ ہیں۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)''

امام زہری کی روایت:

عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَوَّلُ امْرَأَةٍ تَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدَ بْنِ أَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ قُصَيٍّ تَزَوَّجَهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَأَنْكَحَهُ إِيَّاهَا أَبُوْهَا خُوَيْلِدَ فَوَلَدَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَاسِمُ وَبِهِ يُكَنّٰى وَالطَّاهِرُ وَ زَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَ أُمُّ كُلْثُوْمٍ وَ فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ. (بیہقی شریف، جلد ۷، ص ۷۰)

زہری سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ

''پہلی عورت جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نکاح فرمایا حضرت سیّدہ خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی ہے' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اظہار نبوت سے قبل ان سے نکاح فرمایا اور حضرت خدیجہ کا نکاح ان کے والد خویلد نے کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد امجاد حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جن سے آپ کی کنیت ابوالقاسم ہے دوسرے صاحبزادے آپ کے طاہر ہیں اور چار صاحبزادیاں ہیں، حضرت سیّدہ زینب، حضرت سیّدہ رقیہ، حضرت سیّدہ اُم کلثوم اور حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔''

سب سے بڑی شہزادی سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ولادت ووصال:

زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ أَكْبَرُ بَنَاتِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُنَّ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقِ السَّرَّاجُ سَمِعْتُ عَبْدَاللّٰهِ ابْنَ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْهَاشِمِيِّ يَقُوْلُ

''وَلَدَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَنَةِ ثَلَاثِيْنَ مِنْ مَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَاتَتْ فِيْ سَنَةِ ثَمَانٍ مِنَ الْهِجْرَةِ۔'' (الاستیعاب، جلد ۷، ص ۷۳۲)

حضرت سیّدہ زینب بنت رسول اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی شہزادی تھیں محمد بن اسحاق السراج نے کہا کہ میں نے عبداللہ بن محمد بن سلیمان کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ

''حضرت زینب بنت رسول اللہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا وصلی اللہ علیہ وسلم) کی ولادت باسعادت ہوئی تو اس وقت نبی کریم علیہ السلام کی عمر مبارک تیس برس تھی اور ۸ ہجری میں آپ کا وصال ہوا۔''

حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور علیہ السلام کی محبت:

قَالَ أَبُوْ عُمَرَ ''كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحِبًّا فِيْهَا أَسْلَمَتْ وَهَاجَرَتْ حِيْنَ أَبٰى زَوْجُهَا أَبُو الْعَاصِ ابْنُ الرَّبِيْعِ أَنْ يُسْلِمَ وُلِدَتْ مِنْ أَبِي الْعَاصِ غُلَامًا يُقَالُ لَهُ عَلِيٌّ وَجَارِيَةٌ اِسْمُهَا أُمَامَةُ'' (الاستیعاب، جلد ۷، ص ۷۳۲)

ابوعمر نے کہا کہ ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان (سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے بہت محبت فرماتے' حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا مسلمان ہوگئیں جبکہ

ان کے شوہر ابو العاص نے اسلام (قبول کرنے) سے انکار کر دیا۔ تو حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے ان کے ساتھ ہجرت کی ابو العاص سے حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں ایک بیٹا پیدا ہوا اس کو علی کہا جاتا ہے اور ایک بیٹی پیدا ہوئی اس کا اسم گرامی امامہ تھا۔

فضائل سیّدہ زینب بزبان رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حضرت سیّدہ زینب بنت رسول اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا جب ابو العاص اپنے شوہر سے واپس نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلانے پر تشریف لائیں تو وہ سفر بہت تکلیف دہ تھا اور دشوار گزار جس سے آپ بہت نڈھال ہوگئیں اور زیادہ علیل بھی تو ان تکالیف کے پیش نظر سرکار فرمایا کرتے:

هِيَ اَفْضَلُ بَنَاتِيْ اُصِيْبَتْ فِيَّ۔

(المستدرک للحاکم، جلد ۴، ص ۴۳ و رحمۃ للعالمین، جلد ۲، ص ۹۶ و زرقانی، جلد ۳، ص ۱۹۵)

''یہ (زینب) میری سب بیٹیوں سے افضل ہے میرے لیے اس کو بہت مصائب دیئے گئے۔''

سیّدہ اُمامہ وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہما:

حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شہزادے علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سبط رسول اور صاحبزادی سیّدہ امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور علیہ السلام کے محبوب نواسہ اور نواسی تھے' حضرت علی بن ابو العاص نواسۂ رسول کو ان کے والد ابو العاص نے رضاعت کے لیے ایک قبیلہ میں چھوڑ رکھا تھا' حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کو ایام رضاعت کے بعد مدینہ منورہ منگوالیا اور ان کی تربیت اپنی گود مبارک میں فرمائی' فتح مکہ کے بعد یہی پروردۂ آغوش نبوت حضرت علی بن ابو العاص سبط رسول

اپنے نانا جان کی سواری مبارک پر آپ کے ردیف تھے۔

(آل رسول، ص ۲۵۰، ۲۵۱، از حضرت فضل ملت)

حضرت امامہ بنت ابو العاص رسول اللہ کی پیاری نواسی آپ کی لخت جگر حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نور نظر تھیں جن سے سرکار ابد قرار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بے پناہ محبت تھی جس طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرات امامین کریمین طیبین طاہرین امام حسن و امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اپنے دوش مبارک پر سوار کرتے تھے اسی محبت سے حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بھی اپنے مبارک کندھوں پر اٹھا لیتے تھے۔ (آل رسول، ص ۲۵۱)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز ادا فرماتے اور اس دوران اپنی نواسی امامہ بنت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ابو العاص کی صاحبزادی کو اٹھائے ہوئے ہوتے۔

فَاِذَا سَجَدَ وَضَعَهَا وَاِذَا قَامَ حَمَلَهَا۔ (بخاری شریف، جلد اوّل، ص ۷۴)

جب آپ سجدہ فرماتے تو انہیں اتار دیتے اور جب کھڑے ہونے لگتے تو انہیں (بھی) اٹھا لیتے۔

صاحب نور الابصار حضرت علامہ مومن شبلنجی علیہ الرحمت فرماتے ہیں:

فَاِذَا رَكَعَ وَضَعَهَا وَاِذَا رَفَعَ رَأْسَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ اَعَادَهَا۔

(نور الابصار، ص ۴۳، مطبوعہ مصر)

باقی کچھ تفصیلی حالات ہم خاص سیّدہ زینب کے ذکر مبارک میں تحریر کریں گے۔ (انشاء اللہ العزیز)

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کل اولاد امجاد:

امام یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ

حضور نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی چار صاحبزادیاں تھیں، ۱- حضرت زینب، ۲- حضرت رقیہ، ۳- حضرت اُم کلثوم اور ۴- حضرت فاطمۃ الزہراء (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) اور آپ کے صاحبزادوں کی تعداد تین تھی، ۱- سیدنا قاسم، ۲- سیدنا ابراہیم، ۳- سیدنا عبداللہ بعض لوگوں نے اس تعداد پر طیب مطیب طاہر اور مطہر کا اضافہ بھی کیا ہے۔ حضرت قاسم سب سے پہلے صاحبزادے ہیں جو بعثت سے پہلے پیدا ہوئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کنیت انہی کے نام سے تھی وہ چلنے تک زندہ رہے۔ ایک روایت میں ہے کہ وہ دو سال تک زندہ رہے۔"

(انوارِ محمدیہ تالیف، علامہ امام ابو یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، ص ۱۹۲، مطبوعہ مکتبہ نبویہ گنج بخش روڈ لاہور)

ان میں سے جن میں علماء کا اختلاف ہے:

حضرت امام قسطلانی شافعی شارح بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ رقمطراز ہیں کہ

"تم جان لو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جملہ اولاد جن پر علماء کا اتفاق ہے ان میں سے چھ ہیں' ان سب سے پہلے حضرت قاسم ہیں اور آخر حضرت ابراہیم اور آپ کی صاحبزادیاں چار ہیں جن میں بڑی زینب ہیں اور حضرت رقیہ اور حضرت اُم کلثوم اور حضرت فاطمہ ان سے اصغر ہیں' یہ صحیح قول ہے اور چاروں صاحبزادیوں نے اسلام کا زمانہ پایا ہے اور آپ کے ساتھ انہوں نے مدینہ کی طرف ہجرت کی ہے اور ان

اولاد کے سوا میں علماء نے اختلاف کیا ہے ابن اسحاق کے نزدیک طاہر اور طیب بھی آپ کی اولاد سے ہیں۔"

(سیرت محمدیہ اردو ترجمہ مواہب اللدنیہ، جلد دوئم، ص ۲۳۰-۲۳۱ مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور)

سیدہ زینب بنت رسول کا انتقال حیاتِ مبارکہ ظاہرہ نبی کریم میں ہوا:

وتوفيت زينب بنت رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في حياة رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في سنة ثمان من الهجرة۔ (الاستیعاب، جلد دوئم، ص ۷۳۲)

اور زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وصال رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی حیات مبارکہ میں ۸ ہجری میں ہوا۔[۱]

سیدہ زینب کی مختصر سوانح:

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سب سے بڑی شہزادی ہیں ان کی منقبت میں سرکار علیہ الصلوٰۃ والسلام انہیں اپنی بیٹیوں میں سے "اَفْضَلُ بَنَاتِي" تمام بیٹیوں سے افضل قرار دیا جو کہ مصائب ہجرت کی وجہ سے تھا اور یہ ایک جزوی فضیلت ہے ان کے شوہر اور ان کے خالہ زاد حضرت ابو العاص سے سرکار کو انتہائی محبت تھی ان کے مناقب بھی سرکار نے بیان فرمائے ان کو بھی اپنی زوجہ اور سسر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے والہانہ مودت والفت تھی کہ وہ مکہ میں سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر

[۱] حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سوا تمام شہزادیوں کا انتقال نبی کریم علیہ السلام کے عین حیات ظاہری میں ہی ہو گیا تھا۔ حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم زوجہ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا انتقال بموقع جنگ بدر اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول زوجہ عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حضرت رقیہ کے بعد اور حضرت زینب بنت رسول کا ۸ ہجری میں مگر سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال نبی اکرم علیہ السلام کے وصال سے چھ ماہ بعد ہوا۔

بارگاہ مصطفویہ میں حاضر ہو گئے۔ ان دونوں کی اولاد امجاد سے سرکار علیہ السلام نے اتنی محبت فرمائی کہ فتح مکہ کے موقع پر انہیں کے لختِ جگر حضرت علی بن ابی العاص کو اپنے پیچھے سواری پر سوار کیا ہوا تھا اور انہیں کی نورِ نظر حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بچپن میں جب کہ سرکار نماز ادا فرماتے تو یہ کندھوں پر سوار ہو جاتیں اور جب حضور علیہ السلام رکوع فرمانے لگتے تو یہ خود بخود اتر جاتیں۔ کتب احادیث وسیر میں یہ واقعات کثرت سے وارد ہیں۔ حضرت شیخ محقق علی الاطلاق شاہ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمت اس سلسلہ میں معترضین کے ایک اعتراض کو نقل فرما کر اس کا نفیس جواب مرحمت فرماتے ہیں کہ

''شارحین حدیث اس جگہ (کہ حضور نماز میں امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو اٹھاتے اور رکوع میں جاتے وقت اتار دیتے) کلام کرتے ہیں کہ یہ اٹھانا اور زمین پر اتارنا فعلِ کثیر تھا' حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اسے کیسے جائز رکھا؟ جواب میں فرماتے ہیں کہ امامہ خود آ کر بیٹھتیں اور خود ہی اتر جاتیں اور یہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فعل واختیار نہ تھا۔''

(مدارج النبوت، جلد دوئم، ص ۸۲۷ اردو)

حضرت امامہ بنت زینب سے حضرت علی کا نکاح:

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے سیدہ فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رحلت کے بعد سیدہ فاطمہ کی وصیت کے بموجب (انہیں) امامہ سے نکاح کیا اور ان سے حضرت علی مرتضیٰ کے فرزند ''محمد الاوسط'' پیدا ہوئے۔ (مدارج النبوت، جلد دوئم، ص ۸۲۷ اردو)

سیدہ زینب (بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانہ حیات ظاہری میں ۸ ہجری میں واقع

ہوئی۔ (ایضاً)

حضرت شیخ محقق محدث دہلوی کا ارشاد:

حضرت شیخ محقق فرماتے ہیں:

''واضح رہنا چاہئے کہ جن اولاد کرام صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین پر تمام کا اتفاق بیان کیا گیا ہے وہ چھ (۶) رسول زادے ہیں دو فرزند ہیں، حضرت قاسم اور حضرت ابراہیم اور چار صاحبزادیاں ہیں سیدہ زینب، سیدہ رقیہ، سیدہ ام کلثوم اور سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ان کے سوا میں اختلاف ہے اور بعض علماء طیب وطاہر کو بھی شمار کرتے ہیں لہٰذا کل آٹھ رسول زادے ہوئے' چار فرزند اور چار صاحبزادیاں اور بعض کہتے ہیں کہ حضرت قاسم وابراہیم کے سوا ایک فرزند عبداللہ ہیں جو مکہ مکرمہ میں صغر سنی کے عالم میں جہان سے رخصت ہو گئے اور طیب وطاہر ان کا لقب ہے۔ الخ (مدارج النبوت، جلد دوئم، ص ۷۷۰-۷۷۱)

حضرت ملاں معین کاشفی لکھتے ہیں:

صاحب معارج النبوت حضرت ملا معین کاشفی علیہ الرحمت حضرت ام المومنین سیدہ طیبہ خدیجہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خصوصیات تحریر کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

''یہ کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تمام اولاد سوا ابراہیم کے ان سے پیدا ہوئی۔ پہلا قاسم اور اسی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی کنیت ابوالقاسم ہوئی۔ دوسری زینب، تیسری رقیہ، چوتھی فاطمہ اور پانچویں ام کلثوم اور ایک قول کے مطابق فاطمہ سب چھوٹی تھیں اور یہ تمام نبوت

سے پہلے پیدا ہوئے۔ چھٹا عبداللہ اور صحیح قول کے مطابق طیب اور طاہر اسی کے لقب ہیں۔ درج الدرر میں اسی طرح ہے اور ایک دوسرے قول کے مطابق پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضرت خدیجہ سے تین لڑکے شمار کئے ہیں، قاسم، طیب وطاہر اور مشہور قول کے مطابق چار لڑکے تھے یہ تینوں اور عبداللہ لیکن اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام بچپن کے زمانہ میں فوت ہوگئے لڑکیاں جوان ہوئیں اور ان کی شادیاں ہوئیں ان سے اولاد پیدا ہوئی ان کی تفصیل اپنی اپنی جگہ پر آئے گی۔"

(معارج النبوت، جلد دوم، ص ۳۲۵، اردو)

علامہ غلام رسول رضوی شارح بخاری:

رأس المفسرین سند المحدثین سید المتکلمین استاذی المکرمی حضرت علامہ غلام رسول رضوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ شارح بخاری نے اپنی کتاب "حبیب اعظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" میں "بنات النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" کا باب باندھ کر سرکار دوعالم علیہ السلام کی چاروں شہزادیوں کی مختصر سوانح ارقام فرمائی ہیں' ملاحظہ ہو کتاب حبیب اعظم، ص ۹۸ تا ۱۰۴۔

علامہ غلام رسول سعیدی شارح مسلم:

مولانا غلام رسول سعیدی مسلم شریف کی شرح میں رقمطراز ہیں کہ

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بعثت سے پہلے شادی کی اس وقت آپ کی عمر پچیس سال تھی اور حضرت خدیجہ کی عمر چالیس سال تھی۔ وہ حضور کے ساتھ چوبیس سال رہیں وحی نازل ہونے سے پہلے حضور کی تمام اولاد حضرت خدیجہ سے پیدا

ہوئی۔ حضرت زینب، حضرت اُم کلثوم، حضرت فاطمہ، حضرت رقیہ، حضرت قاسم، حضرت طیب اور حضرت طاہر تینوں صاحبزادے ظہور اسلام سے پہلے فوت ہوگئے۔ حضرت قاسم کی وجہ سے حضور کی کنیت ابو القاسم تھی۔ آپ کی صاحبزادیوں نے اسلام کا زمانہ پایا۔ آپ کے ساتھ ہجرت کی آپ پر ایمان لائیں اور آپ کی اتباع کی ایک قول یہ ہے کہ طیب وطاہر اسلام میں پیدا ہوئے۔ قتادہ نے کہا حضرت خدیجہ کے دو صاحبزادے اور چار صاحبزادیاں پیدا ہوئیں۔ ایک صاحبزادے قاسم تھے اور دوسرے صاحبزادے حضرت عبداللہ تھے انہیں کا لقب طیب و طاہر تھا۔"

(شرح مسلم سعیدی، جلد سادس، ص ۱۰۰۰، مطبوعہ فرید بک سٹال اردو بازار لاہور)

حضرت پیر کرم شاہ بھیروی فرماتے ہیں:

حضرت پیر محمد کرم شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھیروی اپنی مشہور زمانہ کتاب "ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" میں بڑی تفصیل سے حضرت ام المومنین سیدہ خدیجہ طاہرہ سلام اللہ علیہا کا نکاح سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تحریر کرنے کے بعد رقم فرماتے ہیں کہ

"یہ عقد زواج بڑا بابرکت ثابت ہوا حضرت خدیجہ طاہرہ کے بطن طاہر سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بیٹے قاسم جن کی وجہ سے حضور کی کنیت ابوالقاسم ہوئی اور عبداللہ جو طیب اور طاہر کے لقب سے ملقب تھے تولد ہوئے دونوں صاحبزادے بچپن میں انتقال فرما گئے تیسرے صاحبزادے حضرت ابراہیم تھے جو حضرت ماریہ قبطیہ کے شکم سے پیدا ہوئے وہ بھی عالم شیر خوارگی میں وفات پا گئے۔"

حضور سرور عالم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی چاروں صاحبزادیاں سیدات رقیہ، زینب، اُم کلثوم اور سیدۃ نساء العٰلمین فاطمۃ البتول الزہراء رضوان اللہ تعالیٰ علیہن کی ولادت باسعادت بھی آپ (حضرت خدیجہ) کے شکم سے ہوئی ان سب نے عہد نبوت پایا سب مشرف باسلام ہوئیں۔''

(ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جلد دوئم، ص ۱۴۱)

''ابتداء میں مشرکین سے مومن عورتوں کے نکاح کی ممانعت کا حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ حضور کی دو صاحبزادیاں حضرت رقیہ اور اُم کلثوم ابولہب کے دونوں بیٹوں عتبہ اور عتیبہ کے عقد میں تھیں جب یہ سورت (تبت یدا ابی لہب) نازل ہوئی تو ابولہب نے اپنے دونوں بیٹوں کو بلا کر حکم دیا کہ تم فوراً ان کی لڑکیوں کو طلاق دے دو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو میرا تمہارا کوئی تعلق باقی نہیں رہے گا ابھی ان دو صاحبزادیوں کی رخصتی نہیں ہوئی تھی چنانچہ ظالم باپ کے بے رحم بیٹوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب نازک کو دکھ اور رنج پہنچانے کے لیے ان کو طلاق دے دی۔''

(ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جلد دوئم، ص ۳۰۶)

حضرت عثمان اور انکی زوجہ محترمہ رقیہ:

''(ہجرت حبشہ کرنے والوں کا) یہ قافلہ بارہ مردوں اور چار خواتین پر مشتمل تھا ان کے قافلہ سالار حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے آپ کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ جو رحمۃ للعٰلمین کی لخت جگر تھیں صلی اللہ تعالیٰ علی ابیہا وعلیہا و بارک وسلم آپ کے ساتھ تھیں سرکار دو عالم نے اسی جوڑے کے بارے میں فرمایا: ''اِنَّھُمَا اَوَّلُ بَیْتٍ ھَاجَرَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بَعْدَ اِبْرَاھِیْمَ وَلُوْطٍ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ'' یعنی ابراہیم اور لوط علیہما السلام کے بعد یہ پہلا گھرانہ ہے جس نے اللہ کی راہ

میں ہجرت کی۔'' (ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جلد دوئم، ص ۳۴۳)

''دوسری مرتبہ ہجرت کرنے والوں میں حضرت عثمان مع اپنی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ بھی تھے انہیں بہت افسوس تھا کہ وہ دوسری مرتبہ بھی ہجرت کر کے جا رہے ہیں لیکن انہیں سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت کا شرف حاصل نہیں۔ آپ نے ازراہ تأسف اس امر کا ذکر بارگاہ رسالت میں کیا ''یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَھِجْرَتُنَا الْاُوْلٰی وَ ھٰذِہِ الْاٰخِرَۃُ اِلَی النَّجَاشِیْ وَلَسْتَ مَعَنَا'' یارسول اللہ (صلی اللہ علیک وسلم)! ہماری پہلی اور یہ دوسری ہجرت نجاشی کی طرف ہے اور حضور ہمارے ساتھ نہیں ہیں۔

''فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنْتُمْ مُھَاجِرُوْنَ اِلَی اللّٰہِ وَاِلَیَّ لَکُمْ ھَاتَانِ ھِجْرَتَانِ جَمِیْعًا'' حضور نے فرمایا (افسوس مت کرو) تمہاری یہ دونوں ہجرتیں اللہ تعالیٰ کی طرف اور میری طرف ہیں یہ سن کر حضرت عثمان نے عرض کی ''فَحَسْبُنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ'' اگر ایسا ہے تو پھر ہم راضی ہیں ہمیں اتنا ہی کافی ہے۔

(طبقات ابن سعد، جلد اول، ص ۲۰۷، بحوالہ ضیاء النبی، جلد دوئم، ص ۳۵۹،۳۵۸)

حضور علیہ السلام کا اپنی شہزادیوں کو مدینہ میں بلانا:

''مدینہ طیبہ میں چند روز قیام پذیر رہنے کے بعد رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اہل بیت کو مکہ سے لانے کے لیے حضرت زید بن حارث اور حضرت ابو رافع کو مکہ بھیجا۔ حضور نے انہیں دو اونٹ سواری کے لیے اور پانچ سو درہم بطور زاد سفر عطا فرمائے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عبداللہ بن اریقط کو جو سفر ہجرت میں قافلہ کا دلیل راہ تھا، دو اونٹ دے کر حضرت زید اور ابو رافع کی معیت میں بھیجا کہ آپ کے صاحبزادے عبداللہ کو پیغام دیں کہ وہ اپنی والدہ اور اپنی ہمشیرگان کو ہمراہ لے کر مدینہ طیبہ پہنچ جائے چنانچہ حضرت زید اور ابو رافع سیدہ فاطمۃ الزھراء اور سیدہ اُم کلثوم حضور پرنور کی دونوں صاحبزادیاں ام المومنین حضرت سودہ حضور صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم کی دائی ام ایمن جو حضرت زید کی زوجہ تھیں اور ان کے بیٹے اسامہ کو لے کر بخیریت واپس پہنچ گئے ان کے ہمراہ حضرت عبداللہ بن ابی بکر اپنی والدہ ماجدہ ام رومان حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ اور آپ کی دو صاحبزادیاں حضرت عائشہ، حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو لے کر پہنچ گئے۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تیسری صاحبزادی حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا جو حضرت عثمان کی زوجہ محترمہ تھیں وہ اپنے شوہر کے ساتھ ہجرت کر کے پہلے ہی حبشہ چلی گئی تھیں، حضور کی چوتھی صاحبزادی حضرت زینب رضی اللہ عنہا جو عمر میں سب بہنوں سے بڑی تھیں جن کی شادی ابوالعاص بن ربیع جو ان کا خالہ زاد تھا' کے ساتھ ہوئی تھی اس نے ابھی اسلام قبول نہیں کیا تھا' نے آپ کو مدینہ جانے کی اجازت نہ دی اس لیے آپ وہیں رک گئیں۔ غزوۂ بدر میں ابوالعاص لشکر کفار کے ساتھ جنگ میں شریک ہوا اور گرفتار ہوا حضور نے اس کو آزاد کر دیا تب اس نے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس مدینہ طیبہ آنے کی اجازت دی۔

(السیرۃ الحلبیہ، جلد اوّل ص ۴۶۹، بحوالہ ضیاء النبی، جلد سوئم ص ۱۶۱، ۱۶۲)

ملاں باقر مجلسی شیعہ اور بنات اربعہ:

حضور سرور کائنات علیہ وعلی آلہ اطیب التحیات وازکی التسلیمات کو اللہ تعالیٰ نے چار صاحبزادیاں عطا فرمائی تھیں سب سے بڑی صاحبزادی کا اسم مبارک سیدہ زینب ان سے چھوٹی صاحبزادی کا نام نامی سیدہ رقیہ ان سے چھوٹی صاحبزادی کا اسم گرامی سیدہ اُم کلثوم تھا اور سب سے چھوٹی اور سب سے پیاری لخت جگر کا بابرکت نام سیدہ فاطمہ تھا جو سیدۃ النساء العلمین تھیں صلی اللہ تعالی علی ابیھن و علیھن الی یوم الدین ان سب کی مادر مشفق ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھیں

شیعہ کی معتبر کتاب حیات القلوب میں ہے:

''ابن بابویہ بسند معتبر از ان حضرت امام جعفر صادق روایت کردہ است از برائے حضرت رسول خدا متولد شدند از خدیجہ، قاسم، طاہر نام طاہر عبداللہ بود و اُم کلثوم و رقیہ و زینب و فاطمہ'' (حیاۃ القلوب، جلد دوئم، ص ۵۵۲)

ابن بابویہ نے سند معتبر سے حضرت امام جعفر صادق سے یوں روایت کیا ہے کہ حضرت خدیجہ کے بطن مبارک سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہ صاحبزادے قاسم اور طاہر اور طاہر کا نام عبداللہ تھا اور یہ صاحبزادیاں اُم کلثوم، رقیہ، زینب اور فاطمہ پیدا ہوئیں۔ (ضیاء النبی، جلد سوئم، ص ۳۲۲)

حضرت عثمان کی شادی ورخصتی حضرت اُم کلثوم اور اسکی تاریخ:

رحمت عالم علیہ الصلوۃ والسلام کی صاحبزادی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا رشتہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو مرحمت فرمایا گیا تھا۔ غزوہ بدر کے موقع پر ان کا انتقال ہو گیا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق حسنہ اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی لخت جگر کے ساتھ حسن سلوک کی وجہ سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دوسری نور نظر حضرت سیدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا رشتہ بھی آپ کو عنایت فرمایا چنانچہ ماہ جمادی الآخر ۳ ہجری میں یہ شادی خانہ آبادی پایہ تکمیل کو پہنچی۔ علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں کہ نکاح ربیع الاوّل ۳ ہجری میں ہوا اور رخصتی تین ماہ بعد جمادی الآخر میں ہوئی۔

(تاریخ الخمیس جلد اوّل، ص ۴۱۴، سیرت ابن کثیر جلد سوئم، ص ۲۰، تراجم سیدات بیت نبوت، ص ۲۱۸، بحوالہ ضیاء النبی، جلد سوئم، ص ۵۷۴)

ذکر حضرت زینب بنت رسول اللہ علیہ السلام

حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ابوالعاص سے اور اولاد:

صاحب الاصابہ فرماتے ہیں:

زَیْنَبُ بِنْتُ سَیِّدِ وُلْدِ آدَمَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْقُرَشِيَّةُ الْهَاشِمِيَّةُ وَهِيَ أَكْبَرُ بَنَاتِهِ وَ أَوَّلُ مَنْ تَزَوَّجَ مِنْهُنَّ وَلَدَتْ قَبْلَ الْبِعْثَةِ بِمُدَّةٍ قِيْلَ أَنَّهَا عَشَرَ سِنِيْنَ وَ تَزَوَّجَهَا ابْنُ خَالَتِهَا أَبُو الْعَاصِ ابْنُ الرَّبِيْعِ وَكَانَتْ زَيْنَبُ وَلَدَتْ مِنْ أَبِي الْعَاصِ عَلِيًّا وَ مَاتَ فِي حَيَاتِهِ وَأُمَامَةَ عَاشَتْ حَتّٰى تَزَوَّجَهَا عَلِيٌّ بَعْدَ فَاطِمَةَ (الاصابۃ فی تمییز الصحابۃ، جلد ۸، ص ۹۱)

حضرت سیدہ زینب بنت سید ولد آدم علیہ السلام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ابن عبداللہ ابن عبدالمطلب کی صاحبزادی تھیں' قرشیہ ہاشمیہ تھیں اور وہ نبی علیہ السلام کی شہزادیوں میں سب سے بڑی تھیں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی صاحبزادیوں میں سے سب سے پہلے ان کا نکاح کیا وہ اظہار نبوت سے کچھ مدت پہلے پیدا ہوئیں کہا گیا ہے کہ دس سال پہلے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کا نکاح ان کے خالہ

کے بیٹے ابوالعاص بن ربیع سے فرمایا اور حضرت زینب نے ابوالعاص سے علی کو پیدا کیا اور وہ ان کی زندگی ہی میں فوت ہوگیا اور (ان کی بیٹی) امامہ زندہ رہی حتی کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد اسی (امامہ بنت زینب) سے نکاح کیا۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا)

حضرت ابوالعاص ایمان لے آئے:

امام ابن سعد کہتے ہیں کہ

وَرَجَعَ أَبُو الْعَاصِ إِلَى مَكَّةَ فَأَدّٰى إِلَى كُلِّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ ثُمَّ أَسْلَمَ وَرَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ مُسْلِمًا مُهَاجِرًا فِي الْمُحَرَّمِ سَنَةَ سَبْعٍ مِنَ الْهِجْرَةِ فَرَدَّ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ بِذٰلِكَ النِّكَاحِ الْأَوَّلِ۔

(طبقات ابن سعد، جلد ۸ ص ۳۲)

"ابوالعاص مکے لوٹے اور اپنے ہر حقدار کو اس کا حق ادا کیا پھر مسلمان ہو گئے اور نبی کریم علیہ السلام کی بارگاہ بے کس پناہ میں لوٹے ہجرت کی محرم میں ہجرت سے چھ سات سال بعد تو نبی کریم علیہ السلام نے حضرت زینب کو ان کے سپرد کردیا پہلے ہی نکاح کے ساتھ۔

سیدہ زینب کی ولادت ووفات:

امام حاکم اپنی مستدرک میں لکھتے ہیں عبیداللہ بن محمد بن سلیمان الہاشمی کو میں نے یہ کہتے ہوئے سنا کہ

وَلَدَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَنَةَ

ثَلَاثِيْنَ مِنْ مَوْلِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَمَاتَتْ سَنَةَ ثَمَانٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ۔ (المستدرك، جلد ٤، ص ٤٢)

''حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہوئی میلاد النبی علیہ السلام سے تیس سال بعد مکہ مکرمہ میں (یعنی کہ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک تیس برس تھی) اور ۸ ہجری میں وفات ہوئی۔'' (اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ)

سیّدہ زینب بنت رسول اللہ کو غسل دینے والے؟

عبیداللہ بن ابی رافع نے اپنے دادا سے روایت کی وہ فرماتے ہیں کہ

كَانَتْ اُمُّ اَيْمَنَ مِمَّنْ غَسَّلَ زَيْنَبَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ وَ اُمُّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (طبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ٣٤)

''حضرت ام ایمن، سودہ بنت زمعہ اور حضرت ام سلمہ زوجہ مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے حضرت زینب بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دیا۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)

سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اپنی بیٹی کی قبر میں اترے:

حضرت سیدنا انس ابن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ

تُوُفِّيَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ بِجَنَازَتِهَا وَخَرَجْنَا مَعَهُ فَرَئَيْنَاهُ كَئِيْبًا حَزِيْنًا فَلَمَّا دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْرَهَا خَرَجَ مُلْتَمِعُ اللَّوْنِ وَسَأَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّهَا كَانَتْ امْرَأَةً مُسْقَامَةً فَذَكَرْتُ شِدَّةَ الْمَوْتِ

وَضَمَّةَ الْقَبْرِ فَدَعَوْتُ اللّٰهَ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْهَا (المستدرک، جلد ۴، ص ۴۶)

''حضرت سیّدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہوا تو نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم خود ان کے جنازے کے ساتھ تشریف لے گئے اور ہم بھی آپ کے ساتھ تھے تو ہم نے آپ کو کمزور اور غمناک دیکھا تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی لخت جگر سیّدہ زینب کی قبر شریف میں داخل ہوئے پھر نکلے تو آپ کا رنگ مبارک زرد چمکیلا تھا ہم نے آپ سے سوال کیا اس کے متعلق تو آپ نے ارشاد فرمایا: میری بیٹی ایک کمزور عورت تھی تو اس نے موت کی سختی اور قبر کی تکلیف کا ذکر کیا تو میں نے دعا کی کہ اے اللہ اس سے تخفیف فرما دے (یعنی موت کی سختی اور قبر کی تکلیف میں)۔''

خلاصہ ذکر حضرت سیّدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

گزشتہ تمام اوراق کا خلاصہ یہ ہوا کہ

حضرت سیّدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت ام المومنین سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن اقدس سے دس سال قبل از بعثت مکہ معظمہ میں پیدا ہوئیں آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد پاک میں سے سب سے بڑی شہزادی ہیں یعنی حضور انور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تمام شہزادیوں سے آپ بڑی ہیں اور شہزادوں کے متعلق علماء مورخین کا اختلاف ہے۔ بعض اہل سیر کے نزدیک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شہزادے سیدنا قاسم (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ان سے بڑے تھے اور اپنی ہمشیرگان میں سب سے بڑی ہونے پر علماء کا اتفاق ہے آپ نہایت نیک سیرت، پاکیزہ اخلاق، سلیقہ شعار، ذی شعور اور عقل وفہم کی دولت سے

بہرہ یاب تھیں۔

آپ کا نکاح حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ بن ربیع بن شمس بن عبد مناف بن قصی سے ہوا جو ام المومنین حضرت خدیجہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سگی بہن ہالہ بنت خویلد کے لخت جگر تھے اور حضرت زینب بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے خالہ زاد تھے۔

حضرت سیدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شوہر حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نہایت شریف النفس اور امانت دار ہونے کے علاوہ صاحب مال وتجارت بھی تھے' آپ جب بھی سفر سے واپس آتے تو فوراً اپنی خالہ حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر آتے۔ حضرت سیدہ خدیجہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خواہش تھی کہ حضرت سیدہ زینب بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا نکاح اپنے بھانجے ابوالعاص سے کردیا جائے چنانچہ انہوں نے ایک دن اس بارے میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا تو نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے یہ رشتہ پسند فرمایا۔ حضرت زینب بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شادی حضرت ابوالعاص سے ہوگئی اور یہ واقعہ اعلان نبوت سے پہلے کا ہے۔

(آل رسول، ص ۲۴۲، ۲۴۳، از حضرت خفرلت)

حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت مولائے کائنات سیدنا علی المرتضیٰ، حضرت عثمان غنی ذی النورین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرح حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بھی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے شرف صہر (دامادی کا شرف) حاصل ہے آپ کا نام نامی اسم گرامی لقیط ہے بعض نے مقسم، قاسم اور یاسر بھی لکھا ہے اکثر کے نزدیک قول اول درست ہے اور آپ اپنی کنیت سے ہی زیادہ مشہور ہیں۔ (آل رسول، ص ۲۴۲)

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اظہار نبوت فرمایا تو آپ کی لخت جگر سیدہ زینب فوراً آپ پر ایمان لے آئیں اس وقت حضرت ابوالعاص ایک تجارتی سفر کے سلسلہ میں مکہ معظمہ سے باہر تشریف لے گئے ہوئے تھے انہوں نے دوران سفر ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کی خبر پائی تھی جب واپس گھر پہنچے تو حضرت سیدہ زینب کی زبانی اس خبر کی تصدیق ہوگئی جب سیدہ زینب نے فرمایا کہ میں نے بھی اسلام قبول کرلیا ہے تو وہ مخمصے میں پڑ گئے اور کہا:

''اے زینب! کیا تم نے یہ بھی نہ سوچا کہ اگر میں آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر ایمان نہ لایا تو پھر کیا ہوگا؟''

سیدہ زینب نے جواب دیا کہ ''میں اپنے صادق اور امین باپ کو کس طرح جھٹلا سکتی ہوں؟ خدا کی قسم وہ سچے ہیں اور ان پر میری ماں (حضرت ابوالعاص کی خالہ حضرت ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ) میری بہنیں سیدہ رقیہ، ام کلثوم اور سیدہ فاطمۃ الزہراء (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) اور حضرت علی ابن ابی طالب، حضرت سیدنا ابوبکر اور تمہاری قوم میں سے حضرت عثمان ابن عفان اور تمہارے ماموں زاد بھائی زبیر بن عوام (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) بھی ایمان لاچکے ہیں اور میں تو یہ قیاس بھی نہیں کرسکتی کہ تم میرے باپ کو جھٹلاؤ گے اور ان کی نبوت پر ایمان نہ لاؤ گے۔''

ابوالعاص نے کہا: ''مجھے تمہارے والد پر کوئی شک وشبہ نہیں ہے اور نہ ہی میں ان کو جھٹلاتا ہوں بلکہ مجھے تو اس سے زیادہ کوئی چیز عزیز نہیں کہ میں تمہارے ساتھ تمہارے طریقے پر چلوں لیکن میں اس بات سے گھبراتا ہوں کہ مجھ پر الزام دھریں گے اور کہیں گے کہ میں نے اپنی بیوی کی خاطر اپنے آباء واجداد کے دین کو چھوڑ دیا ہے۔''

ادھر قریش مکہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیکیوں، خوبیوں، دیانت وامانت

اور آپ کی سچائی اور راستی کے معترف تھے یک لخت آپ کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے اور آپ کو دکھ پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ حضور کی چھوٹی صاحبزادیوں حضرت رقیہ اور حضرت اُم کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے نکاح ابولہب کے بیٹوں عتبہ اور عتیبہ سے ہو چکے تھے (رخصتی نہ ہوئی تھی) ابولہب نے بیٹوں پر زور دے کر انہیں طلاقیں دلوا دیں۔ حضرت زینب کو طلاق دلوانے کے لیے بھی قریش مکہ نے ایڑی چوٹی کا زور لگایا حتیٰ کہ انہوں نے ابوالعاص سے کہا کہ تم دختر رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو طلاق دے دو اور قریش سے جو لڑکی تم پسند کرو ہم اسے تمہارے ساتھ بیاہ دیتے ہیں لیکن ابوالعاص نے صاف انکار کر دیا اور کہا کہ ”خدا کی قسم! زینب کے عوض کسی بھی عورت کی مجھے ضرورت نہیں اور نہ ہی میں زینب کو اپنے سے جدا کر سکتا ہوں۔“ (ماخوذ از بنات مصطفیٰ بحوالہ آل رسول، ص ۲۴۳،۲۴۴)

علماء کرام کے مطابق اس وقت تک کافر و مومن میں میاں بیوی کی تفریق کے بارے کوئی حکم نازل نہ ہوا تھا اس لیے حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ابو العاص کے درمیان تفریق نہ کرائی گئی۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ اسلام کو اس وقت تک غلبہ حاصل نہ ہوا تھا اس لیے سیّدہ زینب اور ابوالعاص میں تفریق نہ کرائی جا سکی۔ یہ دونوں باتیں اپنی جگہ درست ہوں گی لیکن اصل بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حضرت سیّدہ زینب کی طلاق سے زیادہ دلچسپی ابوالعاص کے قبول اسلام میں تھی۔

(آل رسول، ص ۲۴۵ از حضرت خضرلت)

حضرت ابوالعاص اور جنگ بدر:

جنگ بدر میں قریش مکہ حضرت سیّدہ زینب کے شوہر حضرت ابوالعاص بن ربیع کو بھی اپنے ساتھ لے گئے تھے۔ حضرت سیّدہ زینب کے لیے یہ بات انتہائی صدمہ کا

باعث تھی کہ ایک طرف اپنے شوہر اور بچوں کا خیال تھا اور دوسری طرف اپنے عظیم و شفیق باپ کا خیال۔ جس سمت سے سوچتیں دل ڈوبنے لگتا۔ آپ انہی سوچوں میں گم تھیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھپھی عاتکہ بنت عبدالمطلب (جو زبیر بن امیہ مخزومی کی والدہ تھیں) نے آ کر حضرت سیّدہ زینب سے پوچھا کہ اے بیٹی! کیا تو نے یہ عجیب خبر سنی ہے کہ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے باوجود قلت صحابہ کے قریش کے عظیم لشکر پر فتح پائی ہے؟ حضرت سیّدہ زینب نے یہ خبر سنی تو مارے خوشی کے ان کے مبارک منہ سے نکلا ”وَافَرْحَتَا“ لیکن پھر فوراً اپنے بچوں علی اور امامہ سے لپٹ گئیں اور روتے ہوئے پوچھا میرے شوہر ابوالعاص کا کیا حال ہے؟ عاتکہ نے جواب دیا کہ وہ گرفتار ہو گئے ہیں اور اپنے سسر کریم کی قید میں ہیں۔

(ماخوذ از بنات مصطفےٰ بحوالہ آل رسول، ص ۲۴۵)

جنگ بدر کے قیدی جب مدینہ منورہ لائے گئے تو یہ فیصلہ ہوا کہ اسیران جنگ سے فدیہ لے کر انہیں رہا کر دیا جائے۔ ابوالعاص بھی ان قیدیوں میں شامل تھے اور ان کے پاس فدیہ کی رقم موجود نہ تھی۔ انہوں نے حضرت سیّدہ زینب (اپنی زوجہ) کو فدیہ کی رقم بھیجنے کے لیے پیغام بھیجا۔[1]

---

[1] معروف مورخ مولانا شبلی نعمانی اپنی کتاب سیرت النبی میں رقمطراز ہیں کہ

”آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے داماد ابوالعاص بھی اسیران جنگ میں آئے تھے ان کے پاس فدیہ کی رقم نہ تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت زینب کو (جو ان کی زوجہ تھیں) کہلا بھیجا کہ فدیہ کی رقم بھیج دیں۔ حضرت زینب کا جب نکاح ہوا تھا تو حضرت خدیجہ نے جہیز میں ان کو ایک قیمتی ہار دیا تھا حضرت زینب نے زرفدیہ کے ساتھ وہ ہار بھی گلے سے اتار کر بھیج دیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھا تو ۲۵۔ برس کا محبت انگیز واقعہ یاد آ گیا۔ آپ بے اختیار رو پڑے اور صحابہ سے فرمایا کہ تمہاری مرضی ہو تو بیٹی کو ماں کی یادگار واپس کر دو سب نے تسلیم کی گردنیں جھکا دیں اور وہ ہار واپس کر دیا۔ (تاریخ طبری، ص ۱۳۴۸)

(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

حضرت ام المومنین سیّدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ہار بطور فدیہ:

حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اپنے شوہر ابو العاص کے فدیہ میں وہ ہار بھیجا جو ان کے گلوئے مبارک میں لٹکا رہتا تھا جسے سیّدہ خدیجہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عقد کے وقت سیّدہ زینب کے جہیز میں دیا تھا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس ہار کو ملاحظہ فرمایا تو پرانی یادیں تازہ ہوگئیں اور آپ کی چشمان معنبرہ میں آنسو بھر آئے اور مارے غیرت وحیاء کے صحابہ کرام علیہم الرضوان کے سر جھک گئے اور آنکھیں زمین سے لگ گئیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ سے پوچھا کہ اگر تم رضامند ہو تو میں اپنی بیٹی کو ماں کی یادگار (یہ ہار) واپس کردوں اور ابو العاص کو رہا کردوں۔ تمام صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے سر تسلیم خم کیا اور ابو العاص کو فدیہ کے بغیر رہا کردیا گیا لیکن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو العاص سے یہ عہد لیا کہ مکے پہنچ کر تم زینب کو میرے پاس بھیج دو گے۔

(مدارج النبوت، بنات مصطفےٰ، بحوالہ آل رسول، ص ۲۳۶)

(بقیہ حاشیہ صفحہ گزشتہ سے) ابو العاص رہا ہو کر مکہ آئے اور حضرت زینب کو مدینہ بھیج دیا۔ ابو العاص بہت بڑے تاجر تھے چند سال کے بعد بڑے ساز و سامان سے شام کی تجارت لے کر نکلے واپسی میں مسلمان دستوں نے ان کو مع تمام مال و اسباب کے گرفتار کرلیا اسباب ایک ایک سپاہی پر تقسیم ہوگیا۔ یہ چھپ کر حضرت زینب کے پاس پہنچے۔ انہوں نے پناہ دی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا: اگر مناسب سمجھو تو ابو العاص کا سامان واپس کردو۔ پھر تسلیم کی گردنیں جھک گئیں اور سپاہیوں نے ایک ایک دھاگہ تک لا لا کر واپس کردیا۔ اب یہ وار ایسا نہ تھا کہ جو خالی جاتا ابو العاص مکہ آئے اور تمام شرکاء کو حساب سمجھا کر دولت اسلام سے فائز ہوئے اور کہہ دیا کہ میں اس لیے یہاں آکر اور حساب سمجھا کر جاتا ہوں تاکہ یہ نہ ہو کہ ابو العاص ہمارا روپیہ کھا کر تقاضے کے ڈر سے مسلمان ہوگیا۔

(سیرت النبی از شبلی نعمانی، جلد اول، ص ۱۹۶، ۱۹۷)

سیّدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکہ سے مدینہ منورہ ہجرت:

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابو العاص کے ساتھ حضرت زید بن حارثہ اور ایک انصاری صحابی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو مکہ مکرمہ بھیجا تاکہ وہ سیّدہ زینب کو لے آئیں اور فرمایا کہ مکہ کے اندر نہ جانا بلکہ وادی تاجج کے بطن میں ٹھہرنا یہ ایک موضع کا نام ہے جو مکہ مکرمہ کے باہر مسجد عائشہ کے سامنے ہے جہاں انہوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا۔ آپ نے فرمایا جب وہ سیّدہ زینب کو تمہارے حوالے کردیں تو ان کو ساتھ لے کر مدینہ منورہ آجانا۔ گھر پہنچ کر حضرت ابو العاص نے حضرت زینب کو اپنے چھوٹے بھائی کنانہ بن ربیع کے ہمراہ زید بن حارثہ اور انصاری صحابی کی طرف روانہ کردیا جو انہیں لینے آئے تھے۔

قریش کے مظالم:

قریش نے جب حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روانگی کی خبر سنی تو ان کے تعاقب میں روانہ ہوگئے سب سے پہلے انہیں ہبار بن اسود اور نافع بن قیس ذی طویٰ کے مقام پر ملے۔ سیّدہ زینب کجاوہ میں سوار تھیں۔ ہبار نے آگے بڑھ کر اونٹ کو اپنے نیزے کے ساتھ ایک زوردار کچوکا دیا جس سے وہ تڑپ اٹھا اور حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا نیچے گر پڑیں اور آپ کو ایسی سخت چوٹ آئی کہ جنین شکم میں ساقط ہوگیا۔

(مدارج النبوت، بنات مصطفےٰ، آل رسول، ص ۲۳۷)

حضرت زید بن حارثہ سیّدہ زینب کو لے کر مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہبار اور اس کے ساتھیوں کا حال سنا تو غضبناک ہو کر فرمایا کہ اگر تم ان پر قابو پاؤ تو ان کو قتل کردینا۔ (آل رسول، ص ۲۳۷)

هِیَ اَفْضَلُ بَنَاتِیْ فرمانِ مصطفوی:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مصائب جھیلنے کی بناء پر حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی منقبت میں ارشاد فرمایا: ''ھِیَ اَفْضَلُ بَنَاتِیْ اُصِیْبَتْ فِیَّ'' یعنی کہ یہ (سیّدہ زینب) میری بیٹیوں میں افضل ہے (اس حیثیت سے کہ) اسے میری وجہ سے مصائب پہنچے۔

(رحمۃ للعالمین، جلد دوم صفحہ ۹۶، زرقانی، جلد سوئم، ص ۱۹۵، بروایت طحاوی وحاکم بحوالہ آل رسول، ص ۲۲۷)

مسلک اہلسنت وجماعت:

قارئین کرام! لوگ یہ خیال نہ فرمائیں کہ اس حدیث مبارکہ سے تو سیّدہ زینب کی فضیلت حضرت سیّدہ فاطمۃ الزھراء پر لازم آتی ہے جو کہ خلاف مسلک اہل سنت ہے کیونکہ حدیث پاک میں سیّدہ زینب کو افضل البنات فرمایا گیا ہے اور سیّدہ فاطمہ کو سیّدۂ نساء کائنات فرمایا گیا ہے۔ لیکن یہ حدیث مسلک اہل سنت کے خلاف ہرگز ہرگز نہیں ہے۔

سیّدہ فاطمہ سب بنات رسول سے افضل ہیں:

محقق العصر ادیب اہل سنت خطیب ملت نامور مصنف حضرت علامہ پیر سید محمد خضر حسین شاہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے اسی بات کی وضاحت فرماتے ہوئے تحریر فرمایا کہ

> ''خیال رہے کہ یہ فضیلت اس امر کے باعث ہے کہ آپ کو (سیّدہ زینب کو) راہ حق میں کئی تکالیف کا سامنا کرنا پڑا مثلاً ایک مدت والد کریم کی مفارقت اور سفر ہجرت میں درپیش مشکلات وغیرہ مگر یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ سیّدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

> کی تمام صاحبزادیوں سے برتر وافضل ہیں۔''

(آل رسول از حضرت خضر ملت، ص ۲۲۷، ۲۲۸)

ابوالعاص کا قبول اسلام:

ہجرت کے چھٹے سال حضرت ابوالعاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقدر بھی رفعت آشنا ہوا اور ظلمت کدۂ اصنام میں بھٹکنے والا یہ پیکر خاکی آفتاب ہدایت بن گیا' ہوا یوں کہ یہ (حضرت ابوالعاص) مکہ معظمہ سے بغرض تجارت شام گئے جب یہ قافلہ سرحد شام کے قریب پہنچا تو اس قافلے کا سارا سامان ضبط کرلیا گیا سامان ضبط کرنے والا گروہ ان مسلمانوں پر مشتمل تھا جو عرصہ تک کفار کے مظالم کا شکار رہے اور پھر تنگ آ کر مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے ایک پہاڑی پر مقیم ہو گئے اور قریش مکہ کے تجارتی قافلوں کو پریشان کرنے لگے۔[۱] ان کی قیادت ابوجندل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کر رہے تھے۔[۲] انہوں نے سارا سامان تو ضبط کرلیا مگر کسی شخص کو گرفتار نہ کیا۔ ابوالعاص وہاں سے سیدھے مدینہ طیبہ (اپنی زوجہ) حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس پہنچ گئے۔ صبح کی نماز کے وقت جب مسلمان نماز میں داخل ہو چکے تو سیّدہ زینب کی آواز مسلمانوں کے کانوں میں پڑی سیّدہ نے ان الفاظ میں اعلان فرمایا: ''اِنِّیْ قَدْ اَجَرْتُ اَبَا الْعَاصِ ابْنِ الرَّبِیْعِ''[۳] میں ابوالعاص ابن ربیع کو پناہ دیتی ہوں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے یہ آواز سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرتے

---

[۱] اس سے یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ مسلمان طلب زر کے لیے مشرکین کے قافلوں پر ڈاکے ڈالتے تھے دراصل اس زمانے میں کفار مکہ اسلام اور اہل اسلام کو صفحۂ ہستی سے نیست ونابود کرنے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہے تھے اور قبائل عرب کو مدینہ طیبہ پر حملہ کرنے کے لیے اکسا رہے تھے۔ لہٰذا یہ ضروری تھا کہ ان کے قافلوں پر حملے کر کے ایک طرف تو ان کا زور توڑا جائے اور دوسری طرف ان کو ہوا کا رخ بتایا جائے۔ (حضرت خضر ملت)

[۲] بعض نے لکھا ہے کہ سامان ضبط کرنے والے زید بن حارثہ تھے۔

[۳] (رحمۃ للعالمین، بحوالہ آل رسول، ص ۲۲۸)

ہوئے سنی نماز کے بعد سرکار ابد قرار اپنی بیٹی سیّدہ زینب کے پاس تشریف لائے اور فرمایا:

"ای بنیة اکرمی مثواہ ولا یخلصن الیك فانك لا تحلین لہ"

''اے بیٹی! ابو العاص کو عزت سے ٹھہراؤ خود اس سے الگ رہو کیونکہ تم اس کے لیے حلال نہیں ہو۔''

سیّدہ زینب نے عرض کیا بابا جان! ابو العاص میری اولاد علی اور امامہ کا باپ اور میرا خالہ زاد ہے اور یہاں یہ قافلے کا لٹا ہوا مال واپس لینے آیا ہے یہ بات سن کر نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم باہر تشریف لائے اور اپنے اصحاب سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا میری خواہش ہے کہ لٹا ہوا مال واپس کر دیا جائے۔ وفا شعار غلاموں نے اپنے آقا و مولیٰ کی خواہش کا احترام کیا اور گویا ہوئے ۔

ہمارا فرض ہے تکمیل کرنا رائے عالی کی
ہماری زندگی تکمیل ہے ایمائے عالی کی

چنانچہ ابو جندل رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پیغام بھیجا گیا کہ ضبط شدہ سامان واپس کر دیا جائے۔ ابو العاص وہ مال لے کر مکہ مکرمہ پہنچے اور سارے کا سارا مال اصل مالکوں میں تقسیم کر دیا پھر کہا کسی کی کوئی چیز رہ گئی ہو تو بتایئے مگر سب کی نگاہیں بغرض سپاس گزاری جھکی ہوئی تھیں اور زبانیں اپنے مخلص دوست کے گن گا رہی تھیں۔ مسلمانوں کے حسن سلوک نے ابو العاص کا دل موہ لیا تھا چنانچہ آپ نے مال واپس کر دینے کے بعد کلمہ شہادت پڑھا اور ببانگ دہل اعلان فرمایا۔

حقیقت کا تمہارے سامنے اظہار کرتا ہوں
میں توحید و رسالت کا بدل اقرار کرتا ہوں

کوئی جھٹلائے مجھ کو یا کرے میرا یقیں کوئی
محمد ہیں رسول اللہ اس میں شک نہیں کوئی

آپ نے سب کو چھوڑا اور مدینہ طیبہ کی طرف روانہ ہو گئے وہاں پہنچے تو نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کمال شفقت و محبت کا اظہار فرمایا اور سیّدہ زینب کو نکاح اول پر ہی ابو العاص کے پاس بھیج دیا[1] بعض نے کہا ہے کہ نکاح دوبارہ کیا گیا۔
(آل رسول ص ۲۴۹، ۲۵۰)

سیّدہ زینب بنت رسول اور حضرت ابو العاص کی وفات:

حضرت سیّدہ زینب بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وسلام اللہ علیہا) کا انتقال ۸ ہجری میں مدینہ منورہ میں ہوا اور حضرت ابو العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ماہ ذوالحجہ ۱۲ ہجری میں وفات پائی۔ (آل رسول ص ۲۵۰)

عمرو بن حزم نے کہا کہ

تُوُفِّیَتْ زَیْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ فِیْ اَوَّلِ سَنَۃِ ثَمَانٍ مِّنَ الْھِجْرَۃِ۔ (طبقات ابن سعد جلد ۸ ص ۳۲)

''سیّدہ زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ۸ ہجری کی ابتداء میں وفات پائی۔

سیّدہ زینب بنت رسول کی اولاد امجاد:

حضرت سیّدہ زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن اقدس سے ایک فرزند جن کا نام علی تھا اور ایک صاحبزادی جن کا نام امامہ تھا پیدا ہوئیں۔

(آل رسول ص ۲۵۰)

---

[1] (رحمۃ للعالمین بحوالہ آل رسول ص ۲۵۰)

نواسۂ رسول علی بن ابی العاص:

فتح مکہ کے روز یہی حضرت علی سبط رسول اپنے نانا جان کی ناقہ مبارکہ پر آپ کے ردیف تھے اور قریب بلوغت دنیا سے رخصت ہو گئے۔

(آل رسول، ص ۲۵۱)

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نواسی اُمامہ بنت زینب:

حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز ادا فرماتے تو

كَانَ يُصَلِّيْ وَهُوَ حَامِلٌ اُمَامَةَ بِنْتِ زَيْنَبَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَلِاَبِي الْعَاصِ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ الشَّمْسِ فَاِذَا سَجَدَ وَضَعَهَا وَاِذَا قَامَ حَمَلَهَا۔

(بخاری شریف، جلد ۱، ص ۷۴، نور الابصار فی مناقب اہل بیت النبی المختار، ص ۴۳، مدارج النبوت، جلد دوم، ص ۷۸۲ اور آل رسول، ص ۲۵۱)

''حالت نماز ہی میں آپ امامہ بنت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم (جو کہ ابوالعاص بن ربیعہ بن عبدالشمس کی صاحبزادی تھیں) اپنی نواسی امامہ کو اٹھائے ہوئے ہوتے جب سجدہ فرماتے اس کو رکھ دیتے جب قیام فرما ہوتے تو پھر ان کو اٹھا لیتے۔''

نکاح امامہ بمطابق وصیت حضرت فاطمہ:

حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا بتول علیہا السلام نے جناب مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ کو وصیت فرمائی تھی کہ میرے بعد میری بھانجی امامہ بنت زینب کو اپنے نکاح میں لے لینا چنانچہ حضرت علی نے سیدہ زہرا کی رحلت کے بعد حضرت امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

نکاح فرمایا اور ان سے حضرت علی کے شہزادے محمد اوسط پیدا ہوئے۔

(مدارج النبوت بحوالہ آل رسول، ص ۲۵۲)

نکاح ثانی امامہ بمطابق وصیت حضرت علی:

جب حضرت علی مجروح ہوئے تو آپ نے حضرت امامہ کو وصیت فرمائی کہ اگر وہ نکاح کرنا چاہیں تو حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حارث کے پوتے مغیرہ بن نوفل سے کر لیں۔ وصیت پر عمل کیا گیا۔ امیر المومنین حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اجازت سے نکاح ثانی پڑھا گیا۔ مغیرہ کے ہاں سیدہ امامہ کے بطن سے ایک فرزند پیدا ہوا ان کا نام یحییٰ تھا یہ نسل دنیا سے ناپید ہو چکی ہے۔

(رحمۃ للعالمین، جلد ۲، ص ۹۹ بحوالہ آل رسول، ص ۲۵۲)

مناقب امامہ بزبان نبی اکرم علیہ السلام:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ جناب امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بارے ارشاد فرمایا: ''اَحَبُّ اِلَىَّ اَهْلِىْ'' مجھے اپنے تمام اہل سے محبوب امامہ ہے۔ ایک مرتبہ آپ کے پاس ایک بیش قیمت ہار تحفے میں آیا آپ نے فرمایا کہ میں یہ ہار اسے پہناؤں گا جو مجھے اپنے اہل خانہ میں سب سے زیادہ عزیز ہے اور پھر امامہ کو بلا کر ہار ان کے گلے میں ڈال دیا۔ (بنات مصطفےٰ، ص ۲۵ بحوالہ آل رسول، ص ۲۵۲)

نواسۂ رسول علی کی وفات:

وَوَلَدَتْ زَيْنَبُ لِاَبِي الْعَاصِ عَلِيًّا وَاُمَامَةَ اِمْرَاَةً فَتُوُفِّيَ عَلِيٌّ وَهُوَ صَغِيْرٌ وَبَقِيَتْ اُمَامَةُ فَتَزَوَّجَهَا عَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ بَعْدَ مَوْتِ فَاطِمَةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(الطبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ۳۰)

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔ ۳:۲۱

''اور حضرت سیّدہ زینب کی اولاد ابو العاص سے ایک لڑکا علی اور ایک لڑکی امامہ تھی علی بچپن میں فوت ہو گئے[1] اور امامہ زندہ رہیں تو حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے وصال کے بعد امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نکاح فرمایا (رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین)۔

[1] اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔

ذکر

حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سیّدہ زینب سے چھوٹی شہزادی سیّدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

رُقَیَّۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُمُّھَا خَدِیْجَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْھَا بِنْتُ خُوَیْلَدَ اَکْبَرُ بَنَاتِہٖ زَیْنَبُ ثُمَّ رُقَیَّۃُ۔

''سیّدہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی والدہ حضرت خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں ان کی سب سے بڑی بیٹی زینب اور پھر رقیہ ہیں۔ (الاستیعاب، جلد دوئم، ص ۷۲۷)

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے بڑی شہزادی سیّدہ زینب سے چھوٹی شہزادی رقیہ تھیں یہ بھی حضرت سیّدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطنِ اقدس سے پیدا ہوئیں۔

جعفر بن سلیمان الہاشمی نے کہا:

وَوُلِدَتْ رُقَیَّۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِیْنَ سَنَۃً۔

(الاستیعاب، جلد دوئم، ص ۷۲۷)

اور جنابہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئیں تو اس وقت جناب نبی کریم علیہ السلام کی عمر مبارک تینتیس (۳۳) سال تھی۔

حضرت عثمان سے نکاحِ رقیہ:

قَالَ ابْنُ الشِّهَابِ فَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ رُقَیَّۃَ بِمَکَّۃَ وَھَاجَرَتْ مَعَہٗ اِلٰی اَرْضِ الْحَبْشَۃِ وَوَلَدَتْ لَہٗ ھُنَاکَ اِبْنًا فَسَمَّاہُ عَبْدَ اللّٰہِ فَکَانَ یَکْنٰی بِہٖ۔

(الاستیعاب، جلد دوم، ص ۴۷)

"ابن شہاب زہری نے کہا! حضرت سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ تعالٰی عنہ نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالٰی عنہا کے ساتھ مکہ معظمہ میں نکاح فرمایا اور حضرت رقیہ رضی اللہ تعالٰی عنہا نے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالٰی عنہ کے ساتھ ارض حبشہ کی طرف ہجرت فرمائی وہاں حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالٰی عنہ کے ہاں حضرت رقیہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے ایک صاحبزادے پیدا ہوئے ان کا نام عبداللہ رکھا گیا اسی عبداللہ کے ساتھ حضرت عثمان کی کنیت ابوعبداللہ ہوئی۔"

حضرت رقیہ کا اسلام لانا اور عتبہ کا ان کو چھوڑنا:

رُقَیَّۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاُمُّھَا خَدِیْجَۃُ بِنْتُ خُوَیْلِدَ ابْنِ اَسَدِ ابْنِ عَبْدُ الْعُزّٰی بْنِ قُصَیٍّ کَانَ تَزَوَّجَھَا عُتْبَۃُ ابْنُ اَبِیْ لَھَبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَبْلَ النُّبُوَّۃِ فَلَمَّا بُعِثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ

لَھَبٍ قَالَ لَہٗ اَبُوْ لَھَبٍ مَنْ رَّأْسِکَ حَرَامٌ اِنْ لَّمْ تُطَلِّقْ اِبْنَتَہٗ فَفَارَقَھَا وَلَمْ یَکُنْ دَخَلَ بِھَا وَاَسْلَمَتْ حِیْنَ اَسْلَمَتْ اُمُّھَا خَدِیْجَۃُ بِنْتُ خُوَیْلَدَ وَبَایَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھِیَ وَاَخَوَاتُھَا حِیْنَ بَایَعَتْہُ النِّسَآءُ وَ تَزَوَّجَھَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ وَھَاجَرَتْ۔ (طبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ۳۶)

"جنابہ سیدہ رقیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی اور ان کی والدہ سیدہ خدیجہ طاہرہ رضی اللہ تعالٰی عنہا بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزی بن قصی حضرت رقیہ سے عتبہ بن ابی لہب بن عبدالمطلب نے اظہار نبوت سے پہلے نکاح کیا تو جب سید عالم علیہ السلام نے اعلان نبوت فرمایا اور اللہ تعالٰی نے تبت یدا ابی لھب سورت نازل فرمائی تو عتبہ کو اس کے باپ ابولہب نے کہا میری سرداری کی جانشینی تیرے لیے حرام ہے اگر تو نے ان (حضور) کی بیٹی کو طلاق نہ دی تو عتبہ نے رخصتی سے قبل ہی حضرت رقیہ کو چھوڑ دیا اور حضرت رقیہ مسلمان ہوئیں جبکہ ان کی والدہ حضرت خدیجہ مسلمان ہوئیں اور حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالٰی عنہا نے اپنی بیٹیوں کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کی جبکہ دیگر عورتوں نے بیعت کی اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالٰی عنہ نے حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے نکاح فرمایا اور ہجرت کی۔

نبی کریم علیہ السلام کی عمر مبارک بوقت ولادت رقیہ:

حضرت جعفر بن سلیمان الہاشمی کہتے ہیں کہ:

وَوُلِدَتْ رُقَیَّۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ رَسُوْلِ

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ابْنُ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِیْنَ سَنَةً۔

(الاستیعاب، جلد ثانی، ص ۷۴۷)

''اور رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا ہوئیں تو نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی عمر مبارک (اس وقت) تینتیس (۳۳) برس تھی۔''

ابن اسحاق نے کہا کہ میں نے عبداللہ سے سنا وہ کہتے تھے کہ

وَوُلِدَتْ رُقَیَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَنَةَ ثَلَاثٍ وَّثَلَاثِیْنَ مِنْ مَّوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

(المستدرک، جلد ۴، ص ۴۶)

''نبی کریم علیہ السلام کی لخت جگر رقیہ کی ولادت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے تینتیس (۳۳) برس بعد ہوئی (یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر پاک اس وقت ۳۳ برس تھی)''

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اپنی زوجہ سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ کیساتھ ہجرت حبشہ:

عَنْ عُرْوَةَ فِیْ تَسْمِیَةِ الَّذِیْنَ خَرَجُوْا فِی الْمَرَّةِ الْاُوْلٰی اِلٰی هِجْرَةِ الْحَبْشَةِ قَبْلَ خُرُوْجِ جَعْفَرَ وَاَصْحَابِهٖ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ مَعَ اِمْرَأَتِهٖ رُقَیَّةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

(المستدرک، جلد ۴، ص ۹)

''حضرت عروہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جو افراد پہلی مرتبہ مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے حبشہ کی طرف گئے' حضرت جعفر (طیار) رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کے ساتھیوں سے پہلے حضرت عثمان ابن عفان رضی

اللہ تعالیٰ عنہ اور ان کی زوجہ محترمہ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے۔''

حضرت عبداللہ بن عثمان کی والدہ رقیہ:

ابن اسحاق سے روایت ہے کہ

عَاشَتْ رُقَیَّةُ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهَا حَتّٰی تَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ وَوُلِدَ مِنْ رُّقَیَّةَ غُلَامٌ یُسَمّٰی عَبْدُ اللّٰہِ ۔الخ

(المستدرک، جلد ۴، ص ۴۷)

''حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا زندہ رہیں حتیٰ کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کے ساتھ نکاح فرمایا اور ان سے ایک صاحبزادے پیدا ہوئے جن کا نام عبداللہ رکھا گیا۔'' الخ

ہو مبارک تجھ کو ذی النورین جوڑا نور کا:

وَاَمَّا رُقَیَّةُ قَدْ تَزَوَّجَهَا اَوَّلًا اِبْنُ عَمِّهَا عُتْبَةُ ابْنُ اَبِیْ لَهَبٍ كَمَا تَزَوَّجَ اُخْتَهَا اُمَّ كُلْثُوْمٍ اَخُوْهُ عُتَیْبَةُ بْنُ اَبِیْ لَهَبٍ ثُمَّ طَلَّقَاهُمَا قَبْلَ الدُّخُوْلِ بِهِمَا بُغْضَةً فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ اَنْزَلَ اللّٰہُ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ وَّتَبَّ (الخ) فَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْهُ رُقَیَّةَ ثُمَّ هَاجَرَتْ مَعَهٗ اِلٰی اَرْضِ الْحَبْشَةِ وَیُقَالُ اَنَّهٗ اَوَّلُ مَا هَاجَرَ اِلَیْهَا ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی مَكَّةَ كَمَا قَدَّمْنَا وَهَاجَرَ اِلَی الْمَدِیْنَةِ وَوُلِدَتْ لَهٗ اِبْنَهٗ عَبْدَ اللّٰہِ فَبَلَغَ سِتَّ سِنِیْنَ فَنَقَرَهٗ دِیْكٌ فِیْ عَیْنَیْهِ فَمَاتَ وَبِهٖ كَانَ یُكْنٰی اَوَّلًا ثُمَّ اكْتَنٰی بِاِبْنِهٖ عَمْرٍو وَتُوُفِّیَتْ وَقْتِ النَّصْرِ

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِبَدْرٍ یَوْمَ الْفُرْقَانِ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعَانِ وَلَمَّا اَنْ جَاءَ الْبَشِیْرُ بِالنَّصْرِ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ وَھُوَ زَیْدُ ابْنُ حَارِثَۃَ وَجَدَھُمْ قَدْ سَارُوْا اِلٰی قَبْرِھَا التُّرَابَ وَکَانَ عُثْمَانُ قَدْ اَقَامَ عَلَیْھَا بِمَرْضِھَا بِاَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَضَرَبَ لَہٗ بِسَھْمِہٖ وَاَجْرِہٖ وَلَمَّا رَجَعَ زَوَّجَہٗ بِاُخْتِھَا اُمَّ کُلْثُوْمَ اَیْضًا وَلِھٰذَا کَانَ یُقَالُ لَہٗ ذُوالنُّوْرَیْنِ ثُمَّ مَاتَتْ عِنْدَہٗ فِیْ شَعْبَانَ سَنَۃَ تِسْعٍ وَلَمْ تَلِدْ لَہٗ شَیْئًا وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

"لَوْ کَانَتْ عِنْدِیْ ثَالِثَۃٌ لَزَوَّجْتُھَا عُثْمَانَ"

وَفِیْ رِوَایَۃٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ "لَوْکُنَّ عَشْرًا لَزَوَّجْتُھُنَّ عُثْمَانَ" (البدایہ والنہایہ جلد ۵، ص ۳۰۸)

''اور حضرت رقیہ سے سب سے پہلے آپ کے عم زاد عتبہ بن ابی لہب نے نکاح کیا جیسا کہ آپ کی بہن حضرت اُم کلثوم سے اس کے بھائی عتیبہ بن ابی لہب نے کیا تھا پھر جب اللہ تعالیٰ نے سورۃ تبت یدا ابی لھب الخ نازل فرمائی تو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بغض کی وجہ سے دونوں بہنوں کو دخول سے قبل طلاق دے دی تو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت رقیہ سے نکاح کر لیا اور آپ نے ان کے ساتھ حبشہ کی طرف ہجرت کی کہتے ہیں کہ آپ حبشہ کی طرف پہلے مہاجر تھے پھر دونوں مکہ واپس آ گئے جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں اور مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کر گئے اور آپ کے ہاں حضرت رقیہ سے عبداللہ پیدا ہوئے اور چھ سال کی عمر کو پہنچے تو ان کی دونوں آنکھوں میں

مرغ نے ٹھونگا مارا اور وہ فوت ہو گئے اور حضرت عثمان پہلے انہیں سے کنیت کرتے تھے پھر آپ اپنے (دوسرے) بیٹے عمرو سے کنیت کرنے لگے اور حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس وقت فوت ہوئیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر میں دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ کے روز یوم الفرقان کو فتح پائی اور جب حضرت زید ابن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتح کی خوشخبری لے کر آئے تو انہوں نے دیکھا کہ انہوں نے آپ کی قبر پر مٹی برابر کر دی ہے اور حضرت عثمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے ان کی تیمارداری کرتے رہے اور آپ نے ان کا حصہ اور اجر مقرر فرمایا اور جب آپ واپس تشریف لائے تو آپ نے ان (رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کی بہن حضرت اُم کلثوم کا ان سے نکاح فرما دیا۔ اسی وجہ سے آپ کو ''ذی النورین'' کہا جاتا ہے پھر اُم کلثوم بھی ۹ھ ہجری میں آپ کے پاس وفات پا گئیں اور آپ کے ہاں کوئی بچہ پیدا نہیں ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ''اگر میرے پاس کوئی تیسری بیٹی بھی ہوتی تو میں عثمان سے اس کا نکاح کر دیتا۔''

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''اگر میری دس بیٹیاں بھی ہوتیں تو میں حضرت عثمان سے بیاہ دیتا۔''

(تاریخ ابن کثیر، جلد ۵، ص ۵۳۹)

اسی حدیث مبارکہ کو مدنظر رکھ کر امام اہل سنت شاہ احمد رضا بریلوی علیہ الرحمت نے فرمایا کہ

ہو مبارک تجھ کو ذی النورین جوڑا نور کا
نور کی سرکار سے پایا دو شالا نور کا

امام بخاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی صحیح میں نقل فرمایا کہ

عُثْمٰنُ بْنُ عَفَّانٍ الْقُرَشِیِّ خَلَّفَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی اِبْنَتِهٖ وَضَرَبَ لَهٗ بِسَهْمِهٖ۔ (بخاری شریف، جلد۱ص۵۲۳، جلد۲ص۵۷۲)

''حضرت عثمان ابن عفان القرشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حقیقی بیٹی کی تیمارداری کے لیے پیچھے چھوڑا اور ان کا مقررہ حصہ بدر سے ان کو عطا فرمایا۔''

بوقت وصال عبداللہ بن عثمان کی عمر:

قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ وَيُقَالُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ ابْنَ عُثْمَانَ مَاتَ فِیْ جُمَادِی الْاُوْلٰی سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّهُوَ ابْنُ سِتِّ سِنِيْنَ

(المستدرک، جلد۴ص۴۷)

''ابن اسحاق نے کہا کہ حضرت عبداللہ ابن حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما (حضرت رقیہ کے صاحبزادے) کا وصال جمادی الاوّل ۴ ہجری میں ہوا اس وقت ان کی عمر چھ برس تھی۔''

رسول اللہ علیہ السلام کا اپنی شہزادی کے وصال پر گریہ فرمانا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

شَهِدْتُ دَفْنَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ عَلَی الْقَبْرِ وَرَاَيْتُ عَيْنَيْهِ تَدْمَعَانِ۔ (المستدرک، جلد۴ص۴۷)

میں حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تدفین پر حاضر تھا نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم ان کی قبر پر تشریف فرما تھے میں نے آپ کی چشمان مقدسہ سے آنسو رواں دیکھے۔

ابن شہاب زہری کہتے ہیں:

وَبَلَغَنَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ يَوْمَ بَدْرٍ لِعُثْمَانَ سَهْمَهٗ وَكَانَ قَدْ تَخَلَّفَ عَلٰی امْرَاَتِهٖ رُقَيَّةَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصَابَتْهَا حَصْبَةٌ فَجَاءَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بَشِيْرًا بِالْفَتْحِ وَمَعَهٗ بُدْنَةٌ وَعُثْمَانُ عَلٰی قَبْرِ رُقَيَّةَ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهَا يَدْفِنُهَا۔ (المستدرک، جلد۴ص۴۸)

''خدا بہتر جانتا ہے یہ خبر مجھ تک پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بدر کے دن حصہ عطا فرمایا حالانکہ حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی بیوی حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیماری کی وجہ سے حضور پیچھے چھوڑ گئے تھے اور حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو چوٹ لگی تھی پھر زید ابن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتح بدر کی خوشخبری لے کر آئے ان کے ساتھ ایک اونٹ کا بچہ تھا اس وقت حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر پر ان کو دفن کر رہے تھے۔''

ایک اور روایت یوں ہے کہ

وَاَمَّا وَفَاةُ رُقَيَّةَ فَالصَّحِيْحُ فِیْ ذٰلِكَ اَنَّ عُثْمَانَ تَخَلَّفَ عَلَيْهَا بِاَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِیَ مَرِيْضَةٌ فِیْ حِيْنِ خُرُوْجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی بَدْرٍ وَتُوُفِّيَتْ يَوْمَ وَقْعَةِ بَدْرٍ وَدُفِنَتْ يَوْمَ جَاءَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ بَشِيْرًا بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ بِبَدْرٍ. (الاستیعاب، جلد۴ص۴۷۷)

''اور بہرحال سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات تو اس میں صحیح بات یہ

ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معرکہ بدر کے لیے تشریف لے گئے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حکم سے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تیمارداری کے لیے پیچھے رہے اس وقت حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیمار تھیں اور جنگ بدر کے دن حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا اور جس دن حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتح بدر کی خوشخبری لے کر آئے اسی دن سیدہ رقیہ کو دفن کیا گیا۔''

قَالَ اَبُوْ عُمَرَ لَا خِلَافَ بَیْنَ اَھْلِ السِّیَرِ اَنَّ عُثْمَانَ ابْنَ عَفَّانَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اِنَّمَا تَخَلَّفَ مِنْ بَدْرٍ عَلٰی اِمْرَأَتِہٖ رُقَیَّۃَ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَّہٗ ضُرِبَ لَہٗ بِسَھْمِہٖ وَاَجْرِہٖ وَکَانَتْ بَدْرٌ فِیْ رَمَضَانَ مِنَ السَّنَۃِ الثَّانِیَۃِ مِنَ الْھِجْرَۃِ۔ (الاستیعاب، جلد ۲، ص ۴۸۷)

ابو عمر نے کہا کہ تاریخ والوں کا اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی اہلیہ حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشاد سے غزوہ بدر سے پیچھے رہے اور حضرت عثمان کا مقررہ حصہ ان کو دیا گیا اور غزوہ بدر رمضان المبارک ۲ ہجری میں واقع ہوا تھا۔

رُقَیَّۃُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاُمُّھَا خَدِیْجَۃُ وَتَزَوَّجَھَا عُتْبَۃُ بْنُ اَبِیْ لَھَبٍ۔ الخ (الاصابہ، جلد ۸، ص ۹۱)

ترجمہ ہو چکا ہے اور اس روایت میں یہ زائد ہے کہ سترہ رمضان المبارک کو آپ کا انتقال ہوا۔

خلاصہ ذکر حضرت رقیہ بنت رسول اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

ادیب اہلسنت خطیب ملت حضرت پیر سید خضر حسین صاحب خضر رقمطراز ہیں کہ

حضرت سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دوسری صاحبزادی ہیں جو سرکار علیہ السلام کی ۳۳ سال کی عمر شریف میں حضرت زینب سے تین سال بعد بعثت نبوی سے سات سال پہلے مکہ معظمہ میں پیدا ہوئیں سیدہ رقیہ وہ پہلی خاتون ہیں جنہوں نے ہجرت فی سبیل اللہ کی سنت کو اپنے شوہر کا ساتھ دے کر قائم کیا۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دوسری بیٹی کا نام مبارک رقیہ بنت محمد رسول اللہ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم ہے والدہ کا اسم گرامی ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا ہے۔

عقد اول:

جب سیدہ رقیہ کی بڑی بہن جنابہ سیدہ زینب کی شادی ابو العاص بن ربیع کے ساتھ ہوگئی جو بنو عبدالعزیٰ بن عبدالشمس ابن عبد مناف میں سے تھے تو بنو ہاشم کو خیال ہوا کہ شاید سیدہ زینب کی طرح حضرت رقیہ اور جنابہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح بھی کہیں اپنی قوم و برادری سے باہر کسی دوسرے قبیلہ میں نہ ہو جائیں اس لیے نکاح زینب سے تھوڑا عرصہ بعد بنی عبدالمطلب، حضرت ابو طالب کو ساتھ لے کر حضرت رقیہ و اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پیغام لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے جناب ابو طالب نے بات شروع کرتے ہوئے کہا اے بھتیجے آپ نے زینب کا نکاح ابو العاص کے ساتھ کر دیا ہے بے شک وہ

اچھا داماد اور شریف آدمی ہے لیکن آپ کے عم زاد کہتے ہیں کہ جس طرح آپ پر خدیجہ کی بہن حالہ بنت خویلد کے بیٹے کا حق ہے اسی طرح سے آپ پر ہمارا بھی حق ہے اور حسب ونسب اور شرافت میں بھی ہم اس سے کم نہیں۔

آپ نے فرمایا یہ بات درست ہے اس پر جناب ابو طالب نے کہا کہ ہم رقیہ اور ام کلثوم کا رشتہ آپ کے چچا ابولہب کے بیٹوں عتبہ اور عتیبہ کے لیے مانگنے آئے ہیں۔ آپ نے فرمایا: اے چچا قرابت داری اور رشتہ داری سے تو انکار نہیں لیکن اس معاملہ میں آپ مجھے کچھ مہلت دے دیں۔

عتبہ اور عتیبہ کی ماں ام جمیل بنت حرب (ابو سفیان کی بہن) امیر معاویہ کی پھوپھی تھی جو نہایت زبان دراز، سنگ دل، بداخلاق اور بدمزاج عورت تھی اس لیے ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ڈرتی تھیں کہ ابولہب کے گھر میں اس عورت کے ساتھ میری لڑکیوں کی گزران کیسے ہوگی۔ اس زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ذکر الٰہی میں زیادہ مشغول رہنے لگے تھے اس لیے حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اپنے خدشات کا اظہار کر کے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پریشان کرنا نہ چاہتی تھیں۔ اس لیے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کا کوئی ذکر نہ کیا چنانچہ بعثت نبوی سے پہلے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح بالترتیب ابولہب کے بیٹوں عتبہ، عتیبہ سے ہو گئے چونکہ لڑکیاں ابھی بالغ نہ تھیں اس لیے رخصتی نہ ہوئی۔ (بنات مصطفیٰ)

طلاق:

جب سورۃ لہب (تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ) نازل ہوئی تو ابولہب نے اپنے دونوں بیٹوں سے کہا: ''رَأْسِيْ مِنْ رَأْسِكُمَا حَرَامٌ اِنْ لَّمْ تُفَارِقَا اِبْنَتَيْ مُحَمَّدٍ''

کہ جب تک محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی دونوں بیٹیوں کو طلاق نہ دو گے میرا سر تمہارے سروں سے جدا رہے گا چنانچہ ابولہب کے دونوں لڑکوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دونوں صاحبزادیوں (رقیہ اور ام کلثوم) کو قبل از قرابت اپنے نکاحوں سے جدا کر دیا۔ (نور الابصار ص ۴۳)

حضرت قاضی عیاض اندلسی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

حضور سرور کون و مکاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عتبہ بن ابولہب کے لیے یہ الفاظ ارشاد فرمائے کہ

''اَللّٰهُمَّ سَلِّطْ عَلَيْهِ كَلْبًا مِّنْ كِلَابِكَ'' ''اے اللہ تو اس پر اپنے کتوں میں سے ایک کتے کو مسلط کر دے'' فَاَكَلَهُ الْاَسَدُ'' تو ایک شیر نے اسے پھاڑ کھایا تھا۔

(شفا شریف، ص ۲۱۴، مطبوعہ عبدالتواب اکیڈمی ملتان)

عتبہ یا عتیبہ:

محققین و مورخین کا اس میں اختلاف ہے کہ جس کو شیر نے ہلاک کیا وہ عتبہ تھا یا عتیبہ بعض نے عتبہ کے بارے میں اور بعض نے عتیبہ کے بارے میں لکھا ہے حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں کہ یہ قصہ عتبہ سے متعلق ہے عتیبہ بعد میں مسلمان ہو کر صحابہ کی گنتی میں شمار ہوا۔

علامہ شبلنجی نور الابصار میں حضرت قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے لکھتے ہیں کہ عتبہ نے جب حضرت سیدہ ام کلثوم علیہا السلام کو جدا کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آ کر کہنے لگا ''كَفَرْتُ بِدِيْنِكَ وَفَارَقْتُ اِبْنَتَكَ'' میں نے آپ کے دین سے کفر و انکار کیا ہے اور آپ کی بیٹی کو جدا کر دیا ہے' کہنے لگا آپ کی بیٹی مجھے اچھا نہیں سمجھتی اور میں آپ کو اچھا نہیں سمجھتا میں شام کی طرف بغرض تجارت جا رہا ہوں ثُمَّ سَطَا عَلَيْهِ وَشَقَّ قَمِيْصَهُ پھر اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم پر حملہ کر دیا اور آپ کی قمیص پھاڑ ڈالی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اِنِّیْ أَسْئَلُ اللّٰہَ اَنْ یُّسَلِّطَ عَلَیْکَ کَلْبَہٗ '' میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تیرے اوپر اپنا کتا مسلط کر دے۔ عتبہ قریش کے تاجروں کے ساتھ نکلا حتیٰ کہ شام میں زرقاء کے مقام پر رات بسر کرنے کے لیے ٹھہرے تو اسی رات ایک شیر آیا عتبہ کہنے لگا ''یَاوَیْلَ اُمِّیْ ھُوَ وَاللّٰہِ اٰکِلِیْ کَمَا دَعَا عَلَیَّ مُحَمَّدًا قَاتِلِیْ ابْنُ اَبِیْ کَبْشَۃَ وَھُوَ بِمَکَّۃَ وَاَنَا بِالشَّامِ '' ہائے میری ماں وہ شیر مجھے کھا جائے گا جیسا کہ میرے لیے محمد نے ...... دعا کی ہے کیا؟ ابن ابی کبشہ مجھے قتل کر دے گا حالانکہ وہ مکہ میں ہے اور میں شام میں ہوں۔ لوگوں کے سامنے اس پر شیر نے حملہ کیا اور اس کا سر پکڑ کر زمین پر مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔ (نور الابصار ص ۴۳)

ابو کبشہ:

تفسیر خطیب کے مطابق جناب ابو کبشہ کا تعلق رسول اللہ علیہ السلام کے ننہال سے تھا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کی طرف اس لیے منسوب ہیں کہ ابو کبشہ نے قریش وغیرہ کی مخالفت کی تھی جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قریش کے دین کی مخالفت کی تو کفار قریش نے کہا: ''نَزَعَۃَ اَبُوْ کَبْشَۃَ'' ان کو ابو کبشہ کھینچ لے گیا ہے۔ ذخائر العقبیٰ میں ہے کہ رسول کریم کا رضاعی باپ جو حضرت حلیمہ سعدیہ کا شوہر تھا اسے بھی ابو کبشہ کہا جاتا تھا۔ (نور الابصار ص ۴۴)

حضرت عثمان سے نکاح:

حضرت سیدہ رقیہ علیہا السلام کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مکہ مکرمہ میں ہوا جو اللہ تعالیٰ کے ایماء و رضا سے تھا۔ طبرانی نے ''معجم'' میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

''اِنَّ اللّٰہَ اَوْحٰی اِلَیَّ اَنْ اُزَوِّجَ کَرِیْمَتِیْ عُثْمَانَ ابْنَ عَفَّانَ''

''اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی ہے کہ میں اپنی کریمہ (رقیہ) کا نکاح عثمان بن عفان سے کر دوں۔''

جب سیدہ کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوا تو اس وقت یہ بات مکہ مکرمہ میں بہت مشہور ہوئی کہ

سب سے اچھا جوڑا:

اَحْسَنَ زَوْجَیْنِ رَاٰھُمَا اِنْسَانٌ رُقَیَّۃُ وَ زَوْجُھَا عُثْمَانُ۔

''سب سے اچھا جوڑا جو دیکھا گیا ہے وہ حضرات رقیہ و عثمان ہیں۔

اس نکاح پر جنابہ سعدیٰ بنت کرز صحابیہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے یہ اشعار ہیں۔

هَدَی اللّٰہُ عُثْمَانَ الصَّفِیَّ بِقَوْلِہٖ — فَاَرْشَدَہُ اللّٰہُ وَیَھْدِیْ اِلَی الْحَقِّ
وَاَنْکَحَ الْمَبْعُوْثُ اِحْدٰی بَنَاتِہٖ — فَکَانَ کَبَدْرٍ مَازَجِ الشَّمْسِ فِی الْاُفُقِ

(سیرت رحمۃ للعالمین)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے عثمان باصفا کو اپنے اس قول سے کہ (اللہ تعالیٰ حق کی طرف ہدایت دیتا ہے) ہدایت اور رہنمائی بخشی اور حضور علیہ السلام نے اپنی ایک بیٹی کا نکاح آپ سے کر دیا' آپ ایسے چودھویں کے چاند کی طرح تھے جو افق میں سورج کو شرما رہا ہو۔

ارشاد رسول:

سیدہ رقیہ وہ پہلی خاتون ہیں جنہوں نے ہجرت فی سبیل اللہ کی سنت کو اپنے شوہر نامدار کا ساتھ دے کر قائم کیا آپ نے حضرت عثمان کے ساتھ دو ہجرتیں کیں ایک حبشہ کی طرف اور دوسری حبشہ سے مدینہ منورہ کی طرف' سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ

وسلم نے ان کی شان میں فرمایا:

"اِنَّهُمَا الْاَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ بَعْدَ لُوْطٍ وَّ اِبْرَاهِيْمَ"

''لوط اور ابراہیم علیہما السلام کے بعد یہ پہلا جوڑا ہے جنہوں نے راہ خدا میں ہجرت کی۔''

سیّدہ رقیہ کی وفات:

''حضرت سیّدہ رقیہ علیہا السلام ۲ ہجری میں بیمار ہوئیں' نبی کریم علیہ السلام جب جنگ بدر کو تشریف لے جا رہے تھے اس وقت سیّدہ رقیہ علیل تھیں حضور علیہ السلام نے ان کی تیمارداری کے لیے حضرت عثمان غنی اور اسامہ بن زید کو مدینہ منورہ میں چھوڑا تھا جس روز حضرت زید بن حارثہ فتح کی بشارت لے کر مدینہ پہنچے تو اس وقت سیّدہ کی تدفین ہو رہی تھی بوقت وفات سیّدہ کی عمر شریف ۲۱ سال تھی آپ کی وفات چیچک کی بیماری کے سبب سے ہوئی۔

سیّدہ رقیہ کی اولاد:

سیّدہ رقیہ کے بطن اطہر سے ایک فرزند پیدا ہوا جس کا نام عبداللہ تھا' عبداللہ سبط رسول اپنی والدہ کے بعد صرف دو سال تک زندہ رہے ان کی عمر چھ سال کی تھی کہ ایک مرغ نے ان کی آنکھ میں ٹھونگ ماری زخم پک گیا آخر یہ والدہ کی یادگار بھی آغوش مادر میں جا سویا۔ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ○

(آل رسول ص ۲۵۲ تا ۲۵۹)

ذکر اُم کلثوم بنت رسول اللہ
(صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہا)

صاحب الاستیعاب فرماتے ہیں کہ

اُمُّ كُلْثُوْمَ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمُّهَا خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلَدَ وَلَدَتْهَا قَبْلَ فَاطِمَةَ وَقِيْلَ رُقَيَّةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا فِيْهِمَا ذَكَرَهُ مُصْعَبٌ وَلَمْ يَخْتَلِفُوْا اَنَّ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اَنَّمَا تَزَوَّجَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بَعْدَ رُقَيَّةَ وَكَانَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ تَحْتَ عُتَيْبَةَ بْنِ اَبِيْ لَهَبٍ فَلَمْ يُبْنِ بِهَا حَتّٰى بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا بُعِثَ فَارَقَهَا بِاَمْرِ اَبِيْهِ اِيَّاهُ بِذٰلِكَ ثُمَّ تَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ بَعْدَ مَوْتِ اُخْتِهَا رُقَيَّةَ وَكَانَ نِكَاحُهُ اِيَّاهَا فِيْ سَنَةِ ثَلَاثٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ بَعْدَ مَوْتِ رُقَيَّةَ وَكَانَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ اِذْ تُوُفِّيَتْ رُقَيَّةَ قَدْ عُرِضَ عَلَيْهِ عُمَرُ ابْنُ الْخَطَّابِ حَفْصَةَ ابْنَتَهُ لِيَتَزَوَّجَهَا فَسَكَتَ عُثْمَانُ عَنْهُ لِاَنَّهُ قَدْ كَانَ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُهَا فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اَدُلُّ عُثْمَانَ عَلٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ لَهُ مِنْهَا وَ اَدُلُّهَا عَلٰى مَنْ هُوَ خَيْرٌ لَّهَا مِنْ عُثْمَانَ فَتَزَوَّجَ

رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَفْصَۃَ وَ زَوَّجَ عُثْمَانُ اُمَّ کُلْثُوْمَ فَتُوُفِّیَتْ عِنْدَہٗ وَلَمْ تَلِدْ مِنْہُ وَکَانَ نِکَاحُہٗ لَھَا فِیْ رَبِیْعِ الْاَوَّلِ وَ بَنٰی عَلَیْھَا فِیْ جُمَادَی الْآخِرَۃِ مِنَ السَّنَۃِ الثَّالِثَۃِ مِنَ الْھِجْرَۃِ وَ تُوُفِّیَتْ فِیْ سَنَۃِ تِسْعٍ مِّنَ الْھِجْرَۃِ وَصَلّٰی عَلَیْھَا اَبُوْھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَنَزَلَ فِیْ حُفْرَتِھَا عَلِیٌّ وَّالْفَضْلُ وَ اُسَامَۃُ ابْنُ زَیْدٍ وَغَسَّلَتْھَا اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَیْسٍ وَّصَفِیَّۃُ بِنْتُ عَبْدِالْمُطَّلِبِ۔

(الاستیعاب، جلد ۴، ص ۱۷۷)

حضرت سیدہ اُم کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن کی والدہ حضرت سیدہ ام المومنین خدیجہ بنت خویلد رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پہلے پیدا ہوئیں اور مصعب نے کہا کہ سیدہ رقیہ کی ولادت پہلے ہوئی اور اس میں اختلاف نہیں کہ حضرت سیدہ رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بعد وفات حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سیدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا اور ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا پہلے عتیبہ بن ابی لہب کے نکاح میں تھیں۔ عتیبہ حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قریب نہیں گیا تھا حتیٰ کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مبعوث ہوئے پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اظہار نبوت فرمایا تو عتیبہ نے اپنے باپ ابولہب کے کہنے سے حضرت سیدہ اُم کلثوم کو (اپنے نکاح سے) علیحدہ کر دیا۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سیدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ۳ ہجری میں حضرت

رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد حضرت اُم کلثوم سے نکاح کیا جب حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اپنی بیٹی حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کرنے کے متعلق پیشکش فرمائی۔ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ خاموش رہے کیونکہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا تھا کہ آپ حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کرنے کا ذکر فرماتے تھے جب یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے ارشاد فرمایا:

''کیا میں عثمان کو اس سے بہتر رشتہ نہ بتاؤں اور حفصہ کو عثمان سے بہتر آدمی کا مشورہ نہ دوں۔''

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح فرمایا اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کر لیا اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاں ہی ہوا اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کوئی اولاد نہیں ہوئی اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ربیع الاوّل ۳ ہجری میں ہوا اور جمادی الاوّل میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر آباد ہوئیں اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ ان کے باپ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خود پڑھائی ۹ ہجری میں حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا ان کی قبر میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت فضل بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ اترے اور ان کو غسل حضرت اسماء بنت عمیس (زوجہ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہا) اور حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب (حضور علیہ السلام

کی پھوپھی محترمہ) رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے دیا۔

صاحب طبقات امام ابن سعد فرماتے ہیں کہ

أُمُّ كُلْثُوْمٍ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمُّهَا خَدِيْجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدَ ابْنِ اَسَدِ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰى بْنِ قُصَيٍّ تَزَوَّجَهَا عُتَيْبَةُ بْنُ اَبِيْ لَهَبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَبْلَ النُّبُوَّةِ فَلَمَّا بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ قَالَ لَهُ اَبُوْهُ اَبُوْ لَهَبٍ رَأْسِيْ مِنْ رَأْسِكَ حَرَامٌ اِنْ لَّمْ تُطَلِّقْ اِبْنَتَهُ فَفَارَقَهَا وَلَمْ يَكُنْ دَخَلَ بِهَا فَلَمْ تَزَلْ بِمَكَّةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَسْلَمَتْ اُمُّهَا وَ بَايَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ اَخَوَاتِهَا حِيْنَ بَايَعَتْهُ النِّسَاءُ وَهَاجَرَتْ اِلَى الْمَدِيْنَةِ حِيْنَ هَاجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَرَجَتْ مَعَ عِيَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَلَمْ تَزَلْ بِهَا فَلَمَّا تُوُفِّيَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَفَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ عَلٰى اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ بِكْرًا وَذٰلِكَ فِيْ شَهْرِ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ ثَلَاثٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ وَاُدْخِلَتْ عَلَيْهِ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ فِيْ جُمَادَى الْاٰخِرِ فَلَمْ تَزَلْ عِنْدَهُ اِلٰى اَنْ مَاتَتْ وَلَمْ تَلِدْ لَهُ شَيْئًا وَمَاتَتْ فِيْ شَعْبَانَ سَنَةَ تِسْعٍ مِّنَ الْهِجْرَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "لَوْ كُنَّ عَشْرًا لَّزَوَّجْتُهُنَّ عُثْمَانَ" (طبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ۳۷)

حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی کریم علیہ السلام کی حقیقی بیٹی جن کی

والدہ حضرت سیدہ خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی تھیں ان سے عتیبہ بن ابی لہب نے اظہار نبوت سے پہلے نکاح کیا تو جب نبی کریم علیہ السلام نے اظہار نبوت فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے آپ پر سورت تبت یدا ابی لهب نازل فرمائی تو عتبہ کے باپ ابولہب نے اپنے لڑکے عتبہ کو کہا کہ اگر تو نے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی بیٹی کو طلاق نہ دی تو میری سرداری کی جانشینی تجھ پر حرام ہوگی تو عتبہ نے آپ کی شہزادی حضرت سیدہ ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو جدا کر دیا اور عتبہ حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قریب ابھی نہیں گیا تھا۔ حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہمیشہ نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ مکہ مکرمہ میں رہیں جب آپ کی والدہ ماجدہ حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اسلام لائیں تو حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی مسلمان ہو گئیں اور جب دوسری عورتوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کی تو حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بھی اپنی حقیقی بہنوں کے ساتھ اپنے والد حقیقی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بیعت کی اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت فرمائی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تمام اہل وعیال کے ساتھ حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بھی ہجرت کی اور آپ کے اہل وعیال میں زندگی بسر فرمائی پھر جب حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت رقیہ کی جگہ حضرت ام کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کنواری کا ہی نکاح حضرت عثمان رضی

اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمادیا' حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نکاح ربیع الاول ۳ ہجری میں ہوا اور جمادی الآخر ۳ ہجری میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر حضرت اُم کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آباد ہوئیں اور آخر موت تک حضرت سیّدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر زندگی گزاری اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کوئی اولاد نہیں ہوئی اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال شعبان ۹ ہجری میں ہوا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

''اگر میرے پاس دس لڑکیاں بھی ہوتیں تو (یکے بعد دیگرے) میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہی نکاح میں دے دیتا۔''

عَنْ قَتَادَةَ قَالَ تَزَوَّجَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ اِبْنَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُتَيْبَةُ بْنُ عَبْدِ الْعُزّٰى اَبِيْ لَهَبٍ فَلَمْ يَبْنِ بِهَا حَتّٰى بُعِثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ رُقَيَّةُ ابْنَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ عُتْبَةَ اَخِيْ عُتَيْبَةَ فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ (تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ) (المسد:۱)

قَالَ اَبُوْ لَهَبٍ لِابْنَيْهِ عُتَيْبَةَ وَ عُتْبَةَ رَأْسِيْ مِنْ رَأْسِيْكُمَا حَرَامٌ اِنْ لَّمْ تُطَلِّقَا اِبْنَتَيْ مُحَمَّدٍ وَ سَأَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُتْبَةُ طَلَاقَ رُقَيَّةَ وَسَأَلَتْهُ رُقَيَّةُ ذٰلِكَ فَقَالَتْ لَهُ اُمُّهُ وَهِيَ حَمَّالَةُ الْحَطَبِ طَلِّقْهَا يَا بُنَيَّ فَاِنَّهَا قَدْ صَبَتْ فَطَلَّقَهَا وَطَلَّقَ عُتَيْبَةُ اُمَّ كُلْثُوْمٍ وَجَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ فَارَقَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ وَقَالَ كَفَرْتُ بِدِيْنِكَ وَفَارَقْتُ اِبْنَتَكَ .... فَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ رُقَيَّةَ فَتُوُفِّيَتْ عِنْدَهُ وَلَمْ تَلِدْ لَهُ

(کنزالعمال، جلد ۱۲، ص ۱۵۹، رقم الحدیث: ۳۵۳۵۱) (مطبوعہ مکتبہ رحمانیہ لاہور)

ترجمہ ہو چکا ہے۔

حضرت اُم کلثوم کا نکاح بامرِ خداوندی ہوا:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ عُثْمَانَ ابْنَ عَفَّانَ وَهُوَ مَغْمُوْمٌ فَقَالَ مَاشَأْنُكَ يَا عُثْمَانُ قَالَ بِاَبِيْ اَنْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاُمِّيْ هَلْ دَخَلَ عَلَيَّ اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ مَا دَخَلَ عَلَيَّ تُوُفِّيَتْ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَهَا اللّٰهُ وَانْقَطَعَ الصِّهْرُ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ اِلَى الْاٰخِرِ الْاَبَدِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَقُوْلُ ذٰلِكَ يَا عُثْمَانُ وَهٰذَا جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ يَأْمُرُنِيْ عَنْ اَمْرِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَنْ اُزَوِّجَكَ اُخْتَهَا اُمَّ كُلْثُوْمٍ عَلٰى مِثْلِ صَدَاقِهَا وَعَلٰى عِدَّتِهَا وَعَلٰى مِثْلِ عِدَّتِهَا فَزَوَّجَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهَا۔

(المستدرک، جلد ۴، ص ۴۹)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مغموم حالت میں ملاقات فرمائی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عثمان! تمہارا کیا حال ہے؟ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں کیا لوگوں پر ایسی مصیبت آئی جو مجھے پہنچی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی کا انتقال ہو گیا اور جو رشتہ دامادی میرے اور آپ کے درمیان تھا وہ ہمیشہ کے لیے منقطع ہو گیا تو رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عثمان! تم یہ کیا بات کہہ رہے ہو اور یہ جبریل امین علیہ الصلوٰۃ والسلام مجھے اللہ تعالیٰ کا حکم سنا رہے ہیں کہ میں تجھے رقیہ کی ہمشیرہ اپنی لخت جگر اُم کلثوم کا اسی کے حق مہر پر اسی کی عدت پر تجھ سے نکاح کر دوں پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرما دیا۔

مقام حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت اُم کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم)!

زَوْجِیْ خَیْرٌ اَوْ زَوْجُ فَاطِمَةَ قَالَتْ فَسَکَتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ زَوْجُكِ مِمَّنْ یُّحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ فَوَلَّتْ فَقَالَ لَهَا هَلُمِّیْ مَاذَا قُلْتُ قَالَتْ قُلْتَ زَوْجِیْ مِمَّنْ یُّحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَیُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ نَعَمْ وَاَزِیْدُكِ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَرَأَیْتُ مَنْزِلَهٗ وَلَمْ اَرَ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِیْ یَعْلُوْهُ فِیْ مَنْزِلِهٖ (المستدرک جلد ۴ ص ۴۹)

میرا خاوند عثمان بہتر ہے یا فاطمہ کا خاوند علی؟

حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری یہ بات سن کر خاموش ہو گئے؟ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اُم کلثوم! تیرا شوہر عثمان وہ شخص ہے جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرتا ہے تو حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے منہ پھیر لیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ادھر آؤ! میں نے کیا کہا

حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا کہ آپ نے فرمایا ہے کہ میرا شوہر وہ شخص ہے جو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول اس سے محبت فرماتے ہیں۔

فرمایا ہاں اور میں تمہیں اور زیادہ بتاتا ہوں:

''میں جنت میں گیا تو میں نے عثمان کی جگہ دیکھی اپنے اصحاب سے میں نے اس کے مرتبے پر کسی کو بلند ہوتے نہیں دیکھا؟''

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادیوں کا نکاح اللہ نے فرمایا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا:

لَمَّا مَاتَتْ رُقَیَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عُمَرُ بِعُثْمَانَ وَقَالَ هَلْ لَّكَ فِیْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیْهِ شَیْئًا فَاَتٰی عُمَرُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یَا عُمَرُ اَنْ یَّأْتِیَكَ بِصِهْرٍ هُوَ خَیْرٌ لَّكَ مِنْ عُثْمَانَ فَتَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِابْنَةِ عُمَرَ وَ زَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُمَّ کُلْثُوْمٍ مِنْ عُثْمَانَ وَقَدْ کَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ خَطَبَهَا اَبُوْبَکْرٍ وَّ خَطَبَهَا عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُمَا فَلَمْ یُزَوِّجْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَیْرُ الشَّفِیْعِ لِعُثْمَانَ مَا اَنَا اُزَوِّجُ بَنَاتِیْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی یُزَوِّجُهُنَّ۔

(المستدرک جلد ۴ ص ۴۹)

جب حضرت سیدہ رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس

سے گزرے اور کہا میری بیٹی حفصہ کے ساتھ نکاح کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟ حضرت عثمان نے کوئی جواب نہ دیا تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو (اس واقعہ کی) خبر دی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! شاید اللہ تعالیٰ تمہیں اس سے بہتر داماد دلا دے جو عثمان سے تیرے لیے بہتر ہو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بیٹی سے نکاح فرمایا اور اپنی شہزادی حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرما دیا اور اس سے پہلے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے بھی (حضرت اُم کلثوم کے لیے) شادی کا پیغام بھیجا تو آپ نے ان کا نکاح ان سے نہیں کیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''بہتر سفارشی میں نہیں ہوں کہ میں اپنی بیٹیوں کا نکاح کروں بلکہ اللہ تعالیٰ نے خود حضرت عثمان سے میری بیٹیوں کا نکاح فرمایا ہے۔''

حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نکاح:

یحییٰ بن سعید نے فرمایا کہ

مَاتَتْ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ أُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا حَدِيْثٌ صَحِيْحٌ عَلٰى شَرْطِ الشَّيْخَيْنِ وَلَمْ يُخْرِجَاهُ۔

(المستدرک، جلد ۴، ص ۴۹)

''حضرت رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سیدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ

عنہا حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی سے نکاح فرمایا یہ حدیث صحیح ہے شیخین کی شرط پر لیکن انہوں نے اسے بیان نہیں کیا۔''

وصال حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

مصعب بن عبداللہ الزبیری نے کہا:

وَاسْمُ أُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَيَّةُ زَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عُثْمَانَ بَعْدَ رُقَيَّةَ فِيْ شَهْرِ رَبِيْعِ الْأَوَّلِ وَدَخَلَتْ عَلَيْهِ فِيْ جُمَادَى الْآخِرَةِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَتُوُفِّيَتْ وَهِيَ عِنْدَ عُثْمَانَ فِيْ شَعْبَانَ سَنَةَ تِسْعَةٍ وَكَانَتْ أُمُّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةُ الَّتِيْ هِيَ غَسَّلَتْهَا فِيْ نِسْوَةِ الْأَنْصَارِ۔ (المستدرک، جلد ۴، ص ۴۸)

''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی حضرت سیدہ اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا اسم گرامی امیہ تھا۔ نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نکاح اپنی شہزادی اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ربیع الاول شریف کے مہینہ میں کیا اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا جمادی الآخرۃ ۸ ہجری میں تشریف لے گئیں اور ان کا وصال حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی کے پاس شعبان ۹ ہجری میں ہوا اور ام عطیہ انصاریہ نے ان کو غسل دیا جو انصار کی عورتوں کو غسل دیتی تھیں۔''

حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے غسل دیا:

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ

أَنَا غَسَلْتُ اُمَّ کُلْثُوْمِ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَصَفِیَّۃُ بِنْتُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَ جُعِلَتْ عَلَیْہَا نَعْشًا اَمَرَتْ بِجَرَائِدِ رَطْبَۃٍ فَوَارَیْتُہَا ۔ (طبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ۳۸)

''میں نے خود اُم کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل دیا اور صفیہ بنت عبدالمطلب نے بھی اور حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے موافق ان کا گہوارہ بھی بنایا گیا۔''

حضرت علی، فضل اور اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے قبر شریف میں اتارا:

وَنَزَلَ فِیْ حُفْرَتِہَا عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَالْفَضْلُ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاُسَامَۃُ ابْنُ زَیْدٍ (طبقات ابن سعد، جلد ۸، ص ۳۹)

''حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی قبر شریف میں حضرت علی ابن ابی طالب، حضرت فضل ابن عباس اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم اترے اور انہوں نے آپ کو لحد شریف میں اتارا۔'' (اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ٥)

خلاصۂ ذکر حضرت اُم کلثوم بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حضرت سیّدہ اُم کلثوم سلام اللہ علیہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تیسری صاحبزادی ہیں آپ بعثت نبوی سے چھ سال پہلے پیدا ہوئیں۔ اس پاک بی بی بنت رسول نے اپنے پیارے باپ اور عظیم والدہ کے حالات ومشکلات کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا۔ شعب ابی طالب کے کٹھن ترین مراحل کو برداشت کیا۔ حضرت رقیہ اپنے خاوند عثمان غنی کے ہمراہ ہجرت کر کے حبشہ کو چلی گئیں لیکن سیدہ اُم کلثوم اپنی بوڑھی ماں اور چھوٹی بہن سیدہ فاطمہ کے ساتھ مکہ معظمہ میں رہ گئیں۔ ان سخت ترین ایام میں خدا

تعالیٰ کی بندگی، اپنے مغموم بابا کے دکھوں میں شریک ہونا، اپنی بوڑھی ماں کا ہاتھ بٹانا، اپنی چھوٹی بہن کو دلاسے دینا، یہ وہ امور ہیں جن کا انجام دینا اتنا آسان نہ تھا یہ وہ سعادتیں ہیں جو اُم کلثوم کے حصہ میں آئیں۔

آپ کا اسم شریف آمنہ بنت محمد رسول اللہ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم ہے۔ والدہ حضرت ام المومنین سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ ہیں اور کنیت اُم کلثوم ہے۔ حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا پہلا نکاح ابولہب کے بیٹے عتیبہ سے ہوا لیکن رخصتی نہ ہوئی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اظہار نبوت اور تبلیغ کا آغاز فرمایا تو ابو لہب اور اس کی بیوی ام جمیل آپ کے سخت مخالف ہوگئے۔

ابولہب آپ کا سگا چچا تھا لیکن اس نے رشتہ داری کو بالائے طاق رکھ دیا اور آپ کی مخالفت پر کمر باندھ لی اور قدم قدم پر آپ سے دشمنی کرنے لگا اس پر اللہ تعالیٰ نے سورۃ لہب نازل فرمائی جس میں ابولہب اور اس کی بیوی کا نام لے کر بالتصریح ان کی مذمت کی گئی اس پر ان کا غصہ اور بھی بھڑک اٹھا ام جمیل ہاتھ میں کنکریاں لے کر آپ کو مارنے کے لیے چڑھ دوڑی اور ابولہب نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دونوں شہزادیوں حضرت رقیہ اور اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو اپنے بیٹوں سے طلاقیں دلوادیں۔ (سیرت بنات مصطفیٰ، ص ۴۱، ۴۲)

حضرت جنابِ سیّدہ رقیہ علیہا السلام کی وفات ہوئی تو اس کے بعد حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم نے ربیع الاول ۳ ہجری میں اپنی عظیم شہزادی اُم کلثوم علیہا السلام کا نکاح بھی حضرت عثمان سے کردیا۔

حضرت سعید ابن مسیب نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی رقیہ انتقال کر گئیں ادھر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صاحبزادی حضرت حفصہ بیوہ ہوگئیں تو عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ

تعالیٰ عنہ سے کہا کہ وہ حفصہ سے نکاح کر لیں لیکن حضرت عثمان یہ خبر سن چکے تھے کہ رسول کریم حفصہ سے نکاح کی خواہش رکھتے ہیں اس لیے حضرت عثمان خاموش رہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام کی بارگاہ میں اس امر کا تذکرہ کیا تو آپ نے فرمایا:

"هَلْ لَكَ فِيْ خَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكَ اَتَزَوَّجُ اَنَا حَفْصَةَ وَ اُزَوِّجُ عُثْمَانَ خَيْرًا مِّنْهَا اُمَّ كُلْثُوْمٍ (نور الابصار ص ۴۴)

''کیا میں آپ کو اس سے بہتر مشورہ نہ دوں کہ میں حفصہ سے نکاح کر لوں اور عثمان کو حفصہ سے بہتر اُم کلثوم سے نکاح کر دوں؟''

ربعی بن حراس نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے اپنی صاحبزادی حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شادی کا پیغام بھیجا اور یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہنچی جب عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

يَا عُمَرُ اَدُلُّكَ عَنْ خَيْرٍ لَّكَ مِنْ عُثْمَانَ وَ اَدُلُّ عُثْمَانَ عَنْ خَيْرٍ لَّهٗ مِنْكَ.

''اے عمر! حفصہ کی شادی کے لیے میں تجھے عثمان سے بہتر شخص کی طرف رہنمائی کروں؟ اور عثمان کو تجھ سے بہتر کی طرف رہنمائی کروں؟''

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا ہاں ٹھیک ہے یا نبی اللہ! حضور نے فرمایا:

زَوِّجْنِیْ اِبْنَتَكَ وَاُزَوِّجُ عُثْمَانَ اِبْنَتِیْ۔ (نور الابصار ص ۴۴)

''تم اپنی بیٹی کی شادی مجھ سے کر دو اور میں اپنی بیٹی کا نکاح عثمان سے کر دیتا ہوں۔''

اس ارشاد عالی کے بعد حفصہ کو ام المومنین ہونے کا شرف عطا ہوا اور عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذی النورین بننے کی عزت حاصل ہوئی۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ

''رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد کے دروازے کے قریب حضرت عثمان سے ملے اور ارشاد فرمایا:

يَا عُثْمَانُ هٰذَا جِبْرِيْلُ اَخْبَرَنِیْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ زَوَّجَكَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بِمِثْلِ صِدَاقِ رُقَيَّةَ عَلٰى مِثْلِ صُحْبَتِهَا۔ (ابن ماجہ شریف)

''اے عثمان! یہ جبرائیل ہیں انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اُم کلثوم کا نکاح تم سے فرمایا ہے اور مہر جو رقیہ کا تھا وہی ہے۔''

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے ایک اور روایت ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا:

''جب میری بیوی یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی کا انتقال ہوا تو میں بہت رویا رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا:

مَا يُبْكِيْكَ ؟ کیوں رو رہے ہو؟ قُلْتُ اَبْكِیْ عَلَى انْقِطَاعِ صِهْرِیْ مِنْكَ میں نے عرض کیا، اس لیے کہ آپ سے میری دامادی کا تعلق منقطع ہو گیا ہے۔ قَالَ فَهٰذَا جِبْرِيْلُ يَاْمُرُنِیْ بِاَمْرِ اللّٰهِ اَنْ اُزَوِّجَكَ اُخْتَهَا وَاَنْ اَجْعَلَ صِدَاقَهَا مِثْلَ صِدَاقِ اُخْتِهَا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ جبرائیل ہیں انہوں نے مجھے اللہ تعالیٰ کا حکم پہنچایا ہے کہ میں تیرے ساتھ رقیہ کی ہمشیرہ کا نکاح کر دوں اور اسی کے مہر کی مثل اس کا مہر مقرر کروں۔''

(نور الابصار ص ۴۴)

حضرت سیدہ اُم کلثوم سلام اللہ علیہا کی وفات ۹ ہجری میں ہوئی' حضرت علی المرتضیٰ، فضل ابن عباس، اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے مراسم تدفین پورے کیے اسماء بنت عمیس، صفیہ بنت عبدالمطلب نے غسل دیا۔ حضور علیہ السلام کی اس صاحبزادی کے ہاں کوئی اولاد نہیں ہوئی۔

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذی النورین کہا جاتا ہے وہ اس لیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی صاحبزادی رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح میں دی جب وہ انتقال فرما گئیں تو دوسری صاحبزادی حضرت اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو آپ کے نکاح میں دے دیا جب وہ بھی انتقال فرما گئیں تو حضور علیہ السلام نے فرمایا:

لَوْ كَانَ عِنْدِىْ ثَالِثَةٌ لَزَوَّجْتُكَهَا۔ (نور الابصار ص ۷۶)

''اے عثمان! اگر میرے پاس تیسری صاحبزادی ہوتی تو میں وہ بھی تمہارے نکاح میں دے دیتا۔'' (آل رسول ص ۲۶۰ تا ۲۶۴)

جسے علی کی ولایت کا اعتراف نہیں:

گرامی قارئین! بعض بد بخت لوگ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان شہزادیوں کا انکار کرتے ہیں اور محض اس لیے کرتے ہیں کہ اگر ان کا وجود تسلیم کر لیا تو پھر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو داماد رسول تسلیم کرنا پڑے گا اور اگر ان کو داماد مصطفےٰ تسلیم کر لیا تو ان کے خیال سے انفرادیت مرتضوی قائم نہیں رہتی حالانکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی فضیلت میں سب صحابہ کرام علیہم الرضوان سے زیادہ احادیث وارد ہوئی ہیں جو ان کی انفرادیت کو روز روشن کی طرح عیاں کرتی ہیں۔

علی فاتح خیبر ہیں
علی قاتل عنتر ہیں

علی باب مدینۃ العلم ہیں
علی امی رسول ہیں
علی والد حسنین کریمین ہیں
علی مولائے کائنات ہیں
علی حیدر و صفدر ہیں
علی قاسم کوثر ہیں کرم اللہ وجہہ الکریم

اور ہمارا عقیدہ ہے کہ۔

جسے علی کی ولایت کا اعتراف نہیں
وہ لاکھ سجدے کرے کوئی گناہ معاف نہیں
بدن پہ حج کا احرام دل میں بغض علی
یہ کعبہ پاک کے پھیرے تو ہیں طواف نہیں

ذکر حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے چھوٹی اور سب سے پیاری شہزادی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔

سیّدہ سلام اللہ علیہا کے القابات:

۱۔ زہرا:

علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی مشہور کتاب الشرف المؤبد لآل محمد میں رقمطراز ہیں کہ حضرت امام جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ اپنی عظیم کتاب خصائص کبریٰ میں لکھتے ہیں کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خصائص میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ آپ کی لخت جگر سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا

حیض سے پاک تھیں اور بچے کی ولادت سے ایک ساعت کے بعد نفاس سے پاک ہو جاتیں حتیٰ کہ آپ کی کوئی نماز قضا نہ ہوتی (وَكَذٰلِكَ سُمِّيَتِ الزَّهْرَاءُ) اسی لیے آپ کا نام زہرا ہے۔ (الخصائص الکبریٰ، الشرف المؤبد لآل محمد، ص ۵۷،۷۷)

۲- بتول:

سیدۃ النساء العالمین فاطمہ سلام اللہ علیہا کو بتول اس لیے کہا گیا ہے کہ آپ اپنے زمانہ کی تمام عورتوں سے فضیلت و دین اور حسب و نسب کے اعتبار سے منفرد ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آپ کو دنیا سے کٹ کر اللہ تعالیٰ کی طرف رخ کرنے کی وجہ سے بتول کہا گیا ہے اور یہ بھی وجہ ہے کہ آپ کی مثال و نظیر کوئی نہیں اس لیے بھی آپ بتول ہیں۔ (فضائل خمسہ، ص ۱۵۶، بحوالہ ابن الاثیر عبیدۃ الہروی)

نام نامی اسم گرامی کی وجہ تسمیہ:

حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

"اِنَّمَا سَمَّيْتُ فَاطِمَةَ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى حَرَّمَهَا وَذُرِّيَّتَهَا عَلَى النَّارِ"

(اسعاف الراغبین علی حاشیہ نور الابصار، ص ۸۲، مطبوعہ مصر)

(کنز العمال، جلد ۱۲، ص ۱۰۹، رقم الحدیث ۳۴۲۲۷)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''میں نے ان کا نام فاطمہ اس لیے رکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اور ان کی تمام ذریت کو نار (جہنم) پر حرام فرمادیا۔'' (جامع الاحادیث، جلد ۵، ص ۵۹۵)

رسول اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا:

حضرت سیدنا ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِفَاطِمَةَ

"اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى غَيْرُ مُعَذِّبِكِ وَلَا وَلَدِكِ."

(کنز العمال، جلد ۱۲، ص ۱۰۱، رقم الحدیث ۳۴۲۳۶)

تاجدار انبیاء علیہ التحیۃ والثناء نے حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ارشاد فرمایا: ''اے فاطمہ! اللہ تعالیٰ نہ تجھے عذاب کرے اور نہ تیری اولاد میں سے کسی کو۔'' (جامع الاحادیث، جلد ۵، ص ۵۹۶)

اولاد فاطمہ کا میں باپ ہوں فرمان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

حضرت سیدنا مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

"فَاطِمَةُ بُضْعَةٌ مِّنِّيْ وَكُلُّ بَنِيْ اَبٍ يَنْتَمُوْنَ اِلٰى عُصْبَتِهِمْ وَاَبِيْهِمْ اِلَّا بَنِيْ فَاطِمَةَ فَاَنَا اَبُوْهُمْ۔" (الفتح البخاری، جلد ۱، ص ۲۳۲)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''سب کی اولادیں اپنے باپوں کی طرف نسبت کی جاتی ہیں سوا اولاد فاطمہ کے کہ میں ان کا باپ ہوں۔''

اولاد فاطمہ پر جہنم حرام ہے:

حضرت سیدنا عبد اللہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

ل آج کل کے بزعم خویش بڑے بڑے استاذ العلماء اور شیخ الحدیث تردید شیعہ میں اس صریح حدیث پاک کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ کتنا گھناؤنا جرم ہے کہ حضرت فاطمہ کے والد کو بطور شوہر کے رکھا جاتا ہے حالانکہ وہ خود کو رضوی کہلواتے ہیں اور یہ حدیث امام اہل سنت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی علیہ الرحمت نے فتاویٰ رضویہ میں تحریر کی ہے کیونکہ فتاویٰ رضویہ میں مرقوم تمام احادیث کا مجموعہ جامع الاحادیث ہے جسے مولانا محمد حنیف خان رضوی بریلوی نے جمع کیا ہے اور سرورق پر بطور مصنف لکھا ہے ''مجدد اعظم امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ'' ملاحظہ ہو جامع الاحادیث، جلد ۵، ص ۵۹۶ پر حدیث ۳۵۲۶ یہی رقم ہے کیا یہ اہل بیت سے تعصب نہیں ہے؟

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فَاطِمَةَ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَحَرَّمَهَا اللّٰهُ وَذُرِّيَّتَهَا عَلَى النَّارِ۔

(المستدرک للحاکم، جلد ۳، ص ۱۵۲، کنز العمال جلد ۱۲، ص ۱۱۱)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے پاکدامنی اختیار کی تو اللہ تعالیٰ نے اس پر اور اس کی اولاد پر دوزخ حرام فرمادی۔'' (جامع الاحادیث، جلد ۵، ص ۵۹۶)

سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا انسانی شکل میں حور ہیں:

حضرت سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ ابْنَتِيْ فَاطِمَةُ آدَمِيَّةٌ حُوْرَآءُ لَمْ تَحِضْ وَلَمْ تَطْمُثْ۔

(کنز العمال، جلد ۱۲، ص ۱۲۵، رقم الحدیث ۳۴۲۲۶)

نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے ارشاد فرمایا: ''بے شک میری صاحبزادی بتول زہراء انسانی شکل میں حوروں کی طرح حیض ونفاس سے پاک ہے۔''

(جامع الاحادیث، جلد ۵، ص ۵۹۶) (فتاویٰ رضویہ، جلد ۹، ص ۱۱۸، از اعلیٰ حضرت امام احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) (الشرف المؤبد، ص ۴۷)

فضائل سیدہ بزبان ام المؤمنین عائشہ صدیقہ:

ام المؤمنین حضرت عائشۃ الصدیقہ بنت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتی ہیں:

مَارَأَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهُ سَمْتًا وَهَدْيًا وَدَلًّا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَاطِمَةَ كَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَجْهَهَا كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِيْ

مَجْلِسِهٖ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا۔ (سنن ابوداؤد، باب فی القیام، جلد ۲، ص ۷۰۸)

''میں نے حضرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے زیادہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عادات واطوار میں مشابہ کسی کو نہ دیکھا جب خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتیں تو حضور پر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قیام فرماتے اور ہاتھ پکڑ کر بوسہ دیتے اور اپنی جگہ بٹھاتے اور جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے یہاں تشریف لے جاتے تو وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے قیام کرتیں اور دستِ اقدس و بوسہ دیتیں اور حضور والا کو اپنی جگہ بٹھاتیں۔

(المستدرک، جلد ۳، ص ۱۴۰، صفائح اللجین، ص ۱۳، جامع الاحادیث، جلد ۵، ص ۵۹۷)

خارجیوں سے سوال:

خارجیوں کا باوا آدم مولوی اسماعیل دہلوی تقویۃ الایمان میں لکھتا ہے ''نبی کی تعظیم بھائیوں کی سی کرو'' اور مزید کہتا ہے ''قیام نماز کا رکن اور عبادت ہے، غیر اللہ کے لیے جائز نہیں بلکہ شرک ہے۔'' اسی طرح اس نے لکھا ''بزرگوں کے ہاتھ پاؤں چومنا شرک ہے۔'' (تقویۃ الایمان) تو کیا خارجی بتائیں گے کہ اس فتوؤں کی اندھی بوچھاڑ میں خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی شہزادی کو یہ خارجی کیا سمجھتے ہیں؟ کیونکہ اس حدیث پاک میں قیام، تعظیم، بوسہ دونوں طرف سے ثابت ہے اور بیان کرنے والی ام المؤمنین عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں۔ اس کے سوا کیا کہا جائے کہ

ع شرم تم کو مگر نہیں آتی

تمہارے فتوے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر العیاذ باللہ تعالیٰ حضرت حسن رضا بریلوی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ

اہل بیت پاک سے گستاخیاں بے باکیاں

لعنۃ اللہ علیکم دشمنانِ اہل بیت

سیّدہ فاطمہ اور ان کے محب جہنم سے آزاد ہیں:

حضرت سیدنا عبد اللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا سَمَّاھَا فَاطِمَۃَ لِاَنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی فَطَمَھَا وَمُحِبِّیْھَا مِنَ النَّارِ۔

(تاریخ بغداد للخطیب، جلد ۱۲، ص ۳۳۱، تنزیہ الشریعۃ لابی نعیم، جلد ۱، ص ۴۱۲، کنز العمال، جلد ۱۲، ص ۱۰۹، رقم الحدیث ۳۴۲۲۶)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ نے اس کا نام فاطمہ اس لیے رکھا کہ اسے اور اس سے محبت کرنے والوں کو آتشِ دوزخ سے آزاد فرمایا۔''

(جامع الاحادیث، جلد ۵، ص ۵۹۷)(ذخائر العقبیٰ، ص ۲۶ مطبوعہ مکہ)

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا محدث بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں کہ

''غلامانِ زہرا کو نار سے چھڑایا اللہ عزوجل نے مگر نام حضرت زہراء کا ہے فاطمہ، چھڑانے والی' آتش جہنم سے نجات دینے والی۔''

(الامن والعلیٰ، ص ۲۳۶)

فاطمہ کی ناراضگی میری ناراضگی ہے:

حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ

''فَاطِمَۃُ بَضْعَۃٌ مِّنِّیْ فَمَنْ اَغْضَبَھَا اَغْضَبَنِیْ'' رواہ البخاری

(انوار نبوت، ص ۴۹۶)

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہیں جس شخص نے ان کو ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔''

فاطمہ کی خوشی میری خوشی ہے:

''اِنَّمَا فَاطِمَۃُ بَضْعَۃٌ مِّنِّیْ یُؤْذِیْنِیْ مَا اٰذَاھَا وَیَسُرُّ مَا اَسَرَّھَا''

رَوَاہُ مُسْلِمٌ (انوار نبوت، ص ۴۹۶)

''فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جس کسی نے اسے اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی اور جس نے اس کو خوش کیا اس نے مجھے خوش کیا۔

جنتی عورتوں کی سردار سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا:

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

''اَلَا تَرْضَیْنَ اَنْ تَکُوْنِیْ سَیِّدَۃَ نِسَآءِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ اَوْ نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ''

رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ وَمُسْلِمٌ (انوار نبوت، ص ۴۹۶)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ''اے فاطمہ! کیا تو اس پر راضی نہیں ہے کہ تو سارے جہانوں اور جنت کی عورتوں کی سردار ہو۔''

(حدیث پاک کی بہترین تفصیل کے لیے ہماری کتاب اسرار خطابت ملاحظہ ہو، جلد ۶)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

''خَیْرُ نِسَآءِ الْعٰلَمِیْنَ اَرْبَعٌ مَرْیَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ وَ اٰسِیَۃُ بِنْتُ مُزَاحِمٍ وَّ خَدِیْجَۃُ بِنْتُ خُوَیْلَدَ وَفَاطِمَۃُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّی

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " (الاستیعاب، جلد۲، ص۷۷)

تمام جہانوں کی عورتوں میں سے بہتر چار عورتیں ہیں:

۱: مریم بنت عمران، ۲: آسیہ بنت مزاحم، ۳: خدیجہ بنت خویلد،

۴- فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہی حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"يَا بُنَيَّةُ اَمَا تَرْضَيْنَ اَنَّكِ سَيِّدَةُ نِسَاءِ الْعٰلَمِيْنَ ؟ قَالَتْ يَا اَبَتِ فَاَيْنَ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ ؟ قَالَ تِلْكَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ عَالَمِهَا وَاَنْتِ سَيِّدَةُ نِسَاءِ عَالَمِكِ اَمَا وَاللّٰهِ لَقَدْ زَوَّجْتُكِ سَيِّدًا فِي الدُّنْيَا"

(الاستیعاب، جلد۲، ص۷۷)

"اے بیٹی! کیا تو اس بات پر راضی نہیں ہے کہ تو سارے جہانوں کی عورتوں کی سردار ہے؟ جنابہ سیدہ عالم نے عرض کیا ابا جان! مریم بنت عمران بھی تو ہیں؟ ارشاد فرمایا: وہ اپنے زمانہ کی عورتوں کی سردار ہیں اور تم اپنے زمانہ کی عورتوں کی سردار ہو اور اللہ کی قسم میں نے تیری شادی اس سے کی ہے جو ساری دنیا کا سردار ہے۔"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں کہ جناب نبی کریم علیہ السلام نے فرمایا:

خَيْرُ نِسَاءِ اُمَّتِيْ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(انوار نبوت، ص۴۹۷)

"میری امت کی تمام عورتوں سے بہتر فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔"

سب سے زیادہ محبوب کون؟

حضرت جمیع بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنی پھپھی کے ساتھ حضرت سیدہ ام المومنین عائشۃ الصدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا

فَسَأَلْتُ اَيُّ النَّاسِ كَانَ اَحَبَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ "فَاطِمَةُ" فَقِيْلَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ زَوْجُهَا۔

(رواہ الترمذی ومشکوٰۃ، انوار نبوت، ص۴۹۷)

"میں نے پوچھا کہ نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کو سب سے زیادہ محبوب کون ہیں؟ فرمایا: فاطمہ۔ کہا گیا کہ مردوں میں سے فرمایا: ان کے شوہر۔"

(حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ)

حضرت سیدنا بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ

كَانَ اَحَبُّ النِّسَاءِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةُ وَمِنَ الرِّجَالِ عَلِيٌّ۔ (رواہ الترمذی المستدرک للحاکم، جلد۳، ص۱۵۵)

"نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو عورتوں میں سب سے زیادہ محبوب فاطمہ اور مردوں میں سب سے زیادہ محبوب علی تھے۔"

نبی کریم علیہ السلام کا سیدہ سے انداز محبت:

حضرت سیدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں:

اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَافَرَ كَانَ آخِرُ النَّاسِ عَهْدًا بِهٖ فَاطِمَةُ وَاِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ كَانَ اَوَّلُ النَّاسِ بِهٖ عَهْدًا فَاطِمَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهَا۔

(المستدرک للحاکم، جلد۳، ص۱۵۴)

''نبی محترم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب سفر پر تشریف لے جاتے تو سب کے بعد اور جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو سب سے پہلے حضرت سیّدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ملاقات فرماتے۔''

سب سے زیادہ فصیح اللسان:

ام المؤمنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ

مَارَأَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَصْدَقَ لَهْجَةً مِّنْ فَاطِمَةَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الَّذِیْ وَلَدَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (الاستیعاب، جلد۲، ص۷۷۲)

''میں نے حضرت سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بڑھ کر کسی کو فصیح اللہجہ نہیں دیکھا اور ایسا کیوں نہ ہوتا کہ وہ حضور کی لختِ جگر تھیں۔''

میں فاطمہ سے جنت کی خوشبو سونگھتا ہوں:

آپ ہی راویہ ہیں کہ

كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَقَبَّلَ نَحْرَ فَاطِمَةَ وَقَالَ مِنْهَا اَشُمُّ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ۔ (انوارِ نبوت، ص۵۰۴)

''نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم جب سفر سے واپس تشریف لاتے تو سیّدہ فاطمہ کی گردن مبارک کو بوسہ دیتے اور فرماتے میں اس سے جنت کی خوشبو سونگھتا ہوں۔

اے اہل محشر سر جھکا لو آنکھیں بند کر لو:

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ سرکار علیہ السلام نے ارشاد فرمایا:

اِذَا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ نَادٰی مُنَادٍ مِّنْ بُطْنَانِ الْعَرْشِ

''يَا اَهْلَ الْمَحْشَرِ نَكِّسُوْا رُؤُوْسَكُمْ غُضُّوْا اَبْصَارَكُمْ حَتّٰى تَمُرَّ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ عَلَى الصِّرَاطِ فَتَمُرَّ مَعَ سَبْعِيْنَ اَلْفَ جَارِيَةٍ مِّنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ كَمَرِّ الْبَرْقِ۔

(نور الابصار، الصواعق المحرقہ، انوارِ نبوت، ص۵۰۵)

''جب قیامت کا دن ہوگا تو عرش کے درمیان سے ایک منادی ندا کرے گا:

اے اہل محشر! اپنے سروں کو جھکا لو اور اپنی آنکھوں کو بند کر لو حتیٰ کہ فاطمہ بنت محمد پل صراط سے گزر جائیں تو آپ حورعین میں سے ستر ہزار حوروں کے ساتھ بجلی کی طرح گزریں گی۔''

کسی شاعر نے کیا خوب کہا کہ ؎

ذکر زہرا سے شرافت کا شعور آتا ہے
اسم زہرا سے محمد کا سرور آتا ہے
جس کے بابا کے سپاروں پہ شجر پلتا ہے
جس کے بابا کے اشاروں پہ قمر چلتا ہے
جس کے بابا کی اطاعت کا صلہ ملتا ہے
جس کے بابا کے توسط سے خدا ملتا ہے
جس کا فرزند شہادت کے ترانے بانٹے
جس کا سرتاج ولایت کے خزانے بانٹے
جس کے بیٹوں کے لیے سجدوں میں طول آ جائے
جس کے بیٹوں کی سواری میں رسول آ جائے

☆☆☆☆

مختصر سوانح سیّدہ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا

واصف آل رسول حضرت پیر سید خضر حسین شاہ صاحب بڑے اعلیٰ پیرائے میں رقم فرماتے ہیں کہ

ملکۂ ملک سخاوت، مطلع چرخ کرامت، سرچشمۂ صبر و رضا، ام شہیدان وفا، سیّدہ طیبہ طاہرہ حضرت فاطمہ زہرا بتول رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چوتھی صاحبزادی ہیں آپ سیدۃ النساء العلمین کے مبارک لقب سے مشہور ہیں۔

نام ونسب والقابات:

آپ کا اسم گرامی فاطمہ بنت محمد رسول اللہ بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم ہے۔ والدہ سیّدہ ام المومنین خدیجہ طاہرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہیں اور القاب سیدۃ النساء عالمین، زہرا، عذرا، بتول، خاتون جنت، بضعۃ الرسول، سیّدہ، زاہدہ، طیبہ، طاہرہ، راکعہ، ساجدہ، صالحہ، عاصمہ، جیدہ، کاملہ، صادقہ ہیں۔

ولادت باسعادت:

سیدۃ النساء کی ولادت کے بارے میں مورخین کا شدید اختلاف ہے لیکن صحیح تر قول یہ ہے کہ آپ کی ولادت مبارکہ نبوت کے پہلے سال ہوئی جبکہ حضور امام الانبیاء

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک اکتالیس سال تھی۔

حاشیہ بخاری شریف جلد اول، ص ۵۳۲ پر استیعاب کے حوالے سے مرقوم ہے:

وُلِدَتْ فَاطِمَةُ سَنَةَ اِحْدٰی وَاَرْبَعِیْنَ مِنْ مَّوْلِدِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

یعنی جنابہ سیّدہ فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کی ولادت مبارکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اکتالیس سال کی عمر میں ہوئی۔

جب سیّدہ فاطمۃ الزہراء کی ولادت کا وقت قریب آیا تو حضرت خدیجہ طاہرہ نے کسی شخص کو اپنے قریبوں کے ہاں بھیجا کہ ان کی عورتیں میری کفایت کے لیے آئیں۔ قریش کی عورتوں نے جواب بھیجا کہ اے خدیجہ تو ہمارے نزدیک گناہ گار ہے تو نے ہماری بات نہ مانی اور عبداللہ کے یتیم کی زوجہ بن گئی' تو نے فقیری کو امیری پر ترجیح دی ہے اس لیے ہم تیرے پاس نہیں آئیں گئیں اور نہ ہی تیری کفایت کریں گی۔

حضرت خدیجہ ان کے اس جواب سے ملول و غمگین ہو گئیں تو اچانک گندمی رنگ اور دراز قد کی چار خواتین آپ کے سامنے ظاہر ہو گئیں اور بنو ہاشم کی عورتوں کی طرح گفتگو کرنے لگیں' آپ انہیں دیکھ کر خوفزدہ ہو گئیں تو ان میں سے ایک نے عرض کیا اے خدیجہ! آپ گھبرائیں نہیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں آپ کے لیے بھیجا ہے اور ہم آپ کی بہنیں ہیں میں سارہ ہوں اور یہ دوسری مریم بنت عمران ہیں اور تیسری موسیٰ علیہ السلام کی ہمشیرہ کلثوم ہیں اور یہ چوتھی فرعون کی بیوی آسیہ ہیں اور یہ سب بہشت میں تیری ساتھی ہیں بعد ازاں ان میں سے ایک خاتون آپ کے دائیں ایک بائیں ایک سامنے اور ایک پیچھے بیٹھ گئیں تو جنابہ سیّدہ فاطمۃ الزہراء علیہا السلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

جب سیّدہ فاطمہ طاہرہ مطہرہ نے صحن عالم میں قدم رکھا تو آپ کا نور مبارک درخشاں ہوگیا چنانچہ آپ کے نور نے مکہ معظمہ کے مکانوں کو گھیر لیا اور زمین کے شرق وغرب میں کوئی ایسی جگہ نہ تھی جسے اس نور نے روشن نہ کیا ہو۔

(روضۃ الشہداء از علامہ ملا حسین واعظ کاشفی حنفی متوفی ۹۱۰ھ ص ۱۱۷'۱۱۸ مطبوعہ ایران، ذخائر عقبیٰ)

ع برآسمان رسالت ہلالے از نو تافت
بوستان نبوت گلی ز نو بشگفت

رسالت کے آسمان پر ایک نیا چاند چمکا' نبوت کے باغ میں ایک نئی کلی کھلی ہے۔

غسل اوّل:

روایت میں آیا ہے کہ قادر کریم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حجرۂ پاک میں جنت کی دس حوروں کو بھیجا ان میں سے ہر ایک کے پاس ایک طشت اور چمکتی ہوئی چھاگل تھی اور ان چھاگلوں میں کوثر کا پانی تھا چنانچہ سیّدہ خدیجہ کے سامنے بیٹھی ہوئی خاتون نے سیّدہ فاطمۃ الزہراء کو لے کر کوثر کے پانی سے غسل دیا اور ایک سفید کپڑا نکال کر اعلیٰ قسم کی خوشبوؤں میں بسا کر آپ کو پہنایا اور ایسے ہی ایک اور پاکیزہ کپڑے کا رومال آپ کے سراقدس پر باندھ کر کہا اے خدیجہ! اب آپ اس پاک اور پاکیزہ کو لے لیں اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی اولاد پر برکت کرے اور دوسری بیبیوں نے بھی جنابہ سیّدہ خدیجہ کو مبارک باد پیش کی۔

جنابہ سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ سلام اللہ علیہا نے خوشی خوشی بچی کو گود میں لیا اور حضور رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کا نام فاطمہ (زہرا) رکھا۔

(روضۃ الشہداء ص ۱۱۸، آل رسول ص ۲۶۵ تا ۲۶۸)

حضرت علی پاک سے سیّدہ کا نکاح:

حضرت سیّدہ بتول فاطمہ سلام اللہ علیہا کا نکاح حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے ۲ ہجری میں غزوہ بدر سے واپسی کے بعد رمضان میں ہوا تو آپ کی عمر اس وقت پندرہ سال اور حضرت علی کی اکیس سال تھی اور رخصتی ذوالحجہ میں ہوئی۔ جناب سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جنابہ سیّدہ کی زندگی میں کسی دوسری خاتون سے نکاح نہیں فرمایا۔

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کی رخصتی کی رات کو دعا فرماتے ہوئے فرمایا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اُعِیْذُھَا بِکَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

''اے اللہ کریم! انہیں اور ان کی اولاد کو تیری پناہ میں دیتا ہوں۔''

اور ایسی ہی دعا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے لیے فرمائی اور پھر ان دونوں کے لیے دعا فرمائی: ''جَمَعَ اللّٰہُ شَمْلَکُمَا'' اللہ تمہارے متفرق امور کو جمع فرمائے۔

''فَجَعَلَ اللّٰہُ نَسْلَھُمَا مَفَاتِیْحَ الرَّحْمَۃِ وَ مَعَادِنَ الْحِکْمَۃِ وَاَمْنَ الْاُمَّۃِ'' اللہ تعالیٰ نے ان کی اولاد کو رحمت کی چابیاں اور حکمت کے خزانے اور امت کے لیے باعث امن بنایا بعد ازاں ان دونوں (فاطمہ و علی) کو مخاطب کر کے فرمایا:

بَارَکَ اللّٰہُ لَکُمَا وَبَارَکَ فِیْکُمَا وَاَعَزَّ جَلَّ جَدَّکُمَا وَاَخْرَجَ مِنْکُمَا الْکَثِیْرَ الطَّیِّبَ۔

''اللہ تعالیٰ تم دونوں کو برکتیں عطا فرمائے تم میں برکت فرمائے تمہاری

کوشش کو عزت دے اور تم دونوں کو نہایت ہی پاکیزہ کثیر اولاد عطا فرمائے۔“

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اَخْرَجَ مِنْهُمَا الْكَثِيْرُ الطَّيِّبُ۔

(الشرف المؤبد ص ۷۶، ۷۷، ذخائر العقبیٰ ص ۲۸)

”خدا کی قسم اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو بہت ہی پاکیزہ اولاد عطا فرمائی۔“

حکم خداوندی:

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ فرماتے ہیں، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود تھا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی نازل ہوئی جب فرشتہ چلا گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے فرمایا: اے انس! کیا تو جانتا ہے کہ جبرائیل علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے کیا پیغام لائے ہیں؟ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں جبرائیل علیہ السلام کیا خبر لائے ہیں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے جبرائیل نے کہا ہے:

اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى يَأْمُرُكَ اَنْ تُزَوِّجَ فَاطِمَةَ مِنْ عَلِيٍّ۔

(نور الابصار ص ۳۶، از علامہ شبلنجی)

”بے شک اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم فرمایا ہے کہ فاطمہ کا نکاح علی سے کر دیجئے۔“

چنانچہ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدہ بتول کا نکاح حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے چار سو مثقال حق مہر کے عوض صحابہ کرام کی موجودگی میں کر دیا۔

آسمانوں پر سیدہ کا نکاح:

حضرت علامہ حافظ ابو جعفر احمد بن عبداللہ المعروف محب طبری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے ذخائر عقبیٰ میں اور علامہ عبدالرحمٰن صفوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے نزھت المجالس میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور عرض کرنے لگے کہ خدا نے آپ کو سلام فرمایا ہے اور کہا ہے کہ آج فاطمہ کا جنت میں ان کی والدہ کے محل میں عقد ہوا ہے' اسرافیل علیہ السلام نے خطبہ پڑھا ہے اور جبرائیل و میکائیل علیہما السلام گواہ بنے اور خدائے رب العزت ولی ہوئے اور شوہر علی بنے۔

(نزھت المجالس مترجم، جلد ۲ ص ۴۴۱)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ ابھی حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد ہی میں تھے اتنے میں حضرت علی سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ

هٰذَا جِبْرَئِيْلُ يُخْبِرُنِيْ اَنَّ اللّٰهَ زَوَّجَكَ فَاطِمَةَ وَاسْتَشْهَدَ عَلٰى تَزْوِيْجِهَا اَرْبَعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ۔ (ذخائر العقبیٰ) ص ۳۲

”یہ جبرائیل مجھے بتا رہے ہیں کہ خدا تعالیٰ نے فاطمہ کو تمہاری زوجیت میں دے دیا اور ان کے نکاح پر چالیس ہزار فرشتوں کو گواہ بنایا ہے۔“

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس ایک فرشتہ آیا اور اس نے کہا: اے محمد صلی اللہ علیک وسلم! اللہ تعالیٰ آپ کو سلام فرماتا ہے اور آپ سے فرماتا ہے کہ

اِنِّيْ قَدْ زَوَّجْتُ فَاطِمَةَ ابْنَتَكَ مِنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى فَزَوِّجْهَا مِنْهُ فِي الْاَرْضِ۔ (ذخائر العقبیٰ)

''بے شک میں نے آپ کی شہزادی کا نکاح عالم بالا میں علی المرتضیٰ ابن ابی طالب سے کر دیا ہے۔ پس سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت فاطمہ کا نکاح حضرت علی سے زمین پہ کر دیا۔''

(آل رسول ص ۲۷۱ تا ۲۷۴)

سیّدہ کا جہیز:

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے جو جہیز حضرت فاطمۃ الزھراء سیدۃ النساء سلام اللہ علیہا کو عطا فرمایا کتب سیر و تواریخ میں اس کی تفصیل کچھ یوں منقول ہے:

ایک چار...... ایک چکی...... بستر سادہ کپڑوں کا ایک...... کھجور کے پتوں کی چٹائی ایک...... ایک کپڑوں کا جوڑا...... ایک اعلیٰ کپڑے کی قمیص...... چاندی کے بازو بند دو عدد...... چار گلاس...... موٹے کپڑے کے تکیے چار...... ایک تانبے کا لوٹا...... دو مٹی کے گھڑے...... چارپائی ایک...... چمڑے کے ٹکڑوں پر لکھی ہوئی قرآن مجید فرقان حمید کی چند سورتیں۔ (آل رسول ص ۲۷۵)

حق مہر:

سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ آپ نے حضرت علی سے فرمایا کہ اے علی!

اِنَّ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اَمَرَنِیْ اَنْ اُزَوِّجَكَ فَاطِمَةَ عَلٰی اَرْبَعِمِائَةِ مِثْقَالٍ فِضَّةٍ اَرَضِیْتَ بِذٰلِكَ.

''بے شک اللہ رب العزت نے مجھے حکم فرمایا ہے (اے علی) کہ تیرا نکاح فاطمہ سے چار سو مثقال چاندی مہر کے عوض کر دوں کیا تو اس پر راضی

ہے؟''

حضرت علی نے خطبہ پڑھ کر عرض کیا:

رَضِیْتُ بِذٰلِكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

(اشرف المؤبد لآل محمد ص ۷۷، ۷۸، آل رسول ص ۲۷۵، ۲۷۸)

''یا رسول اللہ! میں اس پر راضی ہوں۔''

جب سیّدہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیمار ہوئیں تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے فرمایا: اے فاطمہ! میری یہ وصیت ہے کہ جب تم حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس پہنچو تو میرا سلام عرض کرنا اور کہنا:

''یا رسول اللہ! میں آپ کا بڑا مشتاق ہوں۔''

حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: اور میری بھی ایک وصیت ہے کہ جب میرا انتقال ہو جائے تو مجھ پر چیخ چلا کر ماتم نہ کرنا اور میرے نورِ چشم حسن و حسین کو مارنا نہیں اور اے شیر خدا وہ دیکھیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم فرشتوں کے انبوہ میں تشریف لے آئے ہیں اب میں جا رہی ہوں اور میرے انتقال کے بعد فلاں جگہ میں نے ایک کاغذ کا ٹکڑا بڑی حفاظت سے رکھا ہے اس کاغذ کو نکال کر میرے کفن میں رکھ دینا اور اسے پڑھنا نہیں۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا: اے بنت رسول! میں آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ مجھے بتا دو اس کاغذ میں کیا لکھا ہے۔

امت کی شفاعت سیّدہ کا حق مہر:

حضرت فاطمہ نے فرمایا: اے ابا جی رسول! جب میرا نکاح آپ سے ہونے لگا تھا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھ سے فرمایا: فاطمہ! میں علی سے چار سو مثقال

چاندی کے مہر پر تمہارا نکاح کرنے لگا ہوں۔ میں نے عرض کیا: علی مجھے منظور ہیں لیکن اتنا مہر مجھے منظور نہیں' اتنے میں جبرائیل امین نے حاضر ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! خدا تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں جنت اور اس کی نعمتیں فاطمہ کا مہر مقرر کرتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے اس کی خبر دی تو میں پھر بھی راضی نہ ہوئی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تو پھر تم خود ہی بتا دو کہ مہر کیا ہو؟ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! آپ ہر وقت اپنی امت کے غم میں رہتے ہیں میں چاہتی ہوں کہ آپ کی گنہگار امت کی بخشش میرا مہر مقرر ہو چنانچہ جبرائیل علیہ السلام واپس گئے اور پھر یہ کاغذ کا ٹکڑا لے کر آئے جس میں لکھا ہے کہ

جَعَلْتُ شَفَاعَةَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَدَاقَ فَاطِمَةَ۔ (جامع المعجزات مصری، ص ۶۲)

"میں نے امت محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی شفاعت فاطمہ کا مہر مقرر کیا۔"

جناب سید محمد صالح کشفی ترمذی سنی حنفی رقمطراز ہیں کہ

"جب جنابہ سیدہ کو معلوم ہوا کہ میرا مہر زرہ کی قیمت یعنی چار سو درہم مقرر ہوا ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کی سب لوگوں کی بیٹیوں کے حق مہر دراہم و دینار کے ہوتے ہیں اور آپ کی بیٹی کا مہر بھی درہم و دینار کا مقرر ہوا ہے پس فرق کیا ہوا آپ حق تعالیٰ سے درخواست کریں کہ میرا مہر آپ کی امت کی شفاعت مقرر کیا جائے۔"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درگاہ خداوندی میں التماس کی جو فوراً مقبول ہوئی اور جبرائیل امین ایک پارچہ حریر لے کر حاضر خدمت ہوئے جس میں دو سطریں لکھی تھیں' اُن دو سطروں کا مضمون یہ تھا کہ

"حق تعالیٰ نے فاطمہ کا مہر اس کے پدر بزرگوار کی امت عاصی کی شفاعت مقرر کیا ہے۔"

اور بیان کرتے ہیں کہ جناب سیدۃ النساء نے اس پارچہ حریر کو بطور تبرک محفوظ رکھا جب وفات کا وقت قریب آیا تو وصیت فرمائی کہ اس پارچہ کو میرے ساتھ قبر میں دفن کر دیں تاکہ جب کل قیامت کے روز اٹھوں تو اسی پارچہ کو اپنی حجت قرار دے کر اپنے والد بزرگوار کی گنہگار امت کی شفاعت کروں۔

(کوکب دری، ص ۲۹۵-۲۹۶)

حضرت علامہ صفوری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ علامہ نسفی کے حوالہ سے رقمطراز ہیں کہ حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا کہ میرا مہر قیامت کے روز امت کے لیے شفاعت طلبی مقرر کیا جائے:

فَاِذَا صَارَتْ عَلَى الصِّرَاطِ طَلَبَتْ صِدَاقَهَا۔

(نزہت المجالس، جلد دوئم، ص ۲۲۵ مطبوعہ قاہرہ مصر)

(بحوالہ آل رسول، ص ۲۷۷، ۲۷۸)

"پس جب امت پل صراط پر پہنچے گی تو وہ اپنا مہر طلب کریں گی۔"

متعدد کتب میں اس کے علاوہ بہت سی روایات موجود ہیں اگر کچھ تفصیل مطلوب ہو تو فقیر کی کتاب اسرار خطابت جلد ششم کا مطالعہ فرمائیں۔

سیدہ کا وصال پر ملال:

سیدۃ النساء العلمین سلام اللہ علیہا کے وصال مبارک کی تاریخ میں مورخین کا اختلاف ہے لیکن تحقیق شدہ امر یہ ہے کہ آپ نے اپنے والد ماجد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے چھ ماہ بعد ۳ رمضان المبارک ۱۱ ہجری کو اس دار فانی سے

دار بقاء کی طرف رحلت فرمائی۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کو رات میں دفن کیا۔

(حلیۃ الاولیاء، جلد دوم، ص ۴۳، بحوالہ آل رسول، ص ۳۱۷-۳۱۸)

سیدہ کی اولاد پاک:

خاتون جنت رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے شہزادے،

۱-حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ،

۲-حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ، شہید کربلا،

۳-حضرت سیدنا محسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ آپ کی شہزادیاں،

۱-سیدہ اُم کلثوم سلام اللہ علیہا،

۲-سیدہ زینب سلام اللہ علیہا،

۳-سیدہ رقیہ سلام اللہ علیہا، (آل رسول، ص ۳۲۷-۳۲۸)

اثبات بنات اربعہ از کتب معتبرہ شیعہ

شیعہ حضرات کی اصول وفروع کتابوں سے
نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار شہزادیوں کا ثبوت
متعدد دیا ایک بھی حوالہ غلط ثابت کرنے والے کو فی حوالہ
ایک ایک لاکھ روپیہ انعام دیا جائے گا۔

ادھر آ ستم گر ہنر آزمائیں
تو تیر آزما ہم جگر آزمائیں

فقیر پر تقصیر المحتاج الی المولیٰ القدیر
سگ بارگاہ سرکار نقش لاثانی
گدائے کوچہ شاہ لاثانی علیہ الرحمت
محمد مقبول احمد سرور نقشبندی مجددی
خادم آستانہ عالیہ امام خطابت علیہ الرحمت
فیصل آباد
خلیفہ مجاز آستانہ عالیہ لاثانیہ حسینیہ علی پور سیداں شریف

1-شیعہ حضرات کی معتبر ترین کتاب اصول کافی ملاحظہ ہو:

وَتَزَوَّجَ خَدِیْجَةَ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَّ عِشْرِیْنَ سَنَةً فَوُلِدَ لَهُ مِنْهَا قَبْلَ مَبْعَثِهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَلْقَاسِمُ وَرُقَیَّةُ وَزَیْنَبُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَوُلِدَتْ لَهُ بَعْدَ الْمَبْعَثِ الطَّیِّبُ وَالطَّاهِرُ وَ فَاطِمَةُ عَلَیْهَا السَّلَامُ

(اصول کافی جلد اول ص۴۳۹، مطبوعہ تہران)

"نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت سیدہ خدیجہ (الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے شادی کی جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک پچیس سال تھی اور خدیجہ کے بطن سے حضور کی اولاد بعثت سے پہلے قاسم، رقیہ، زینب، ام کلثوم اور بعثت کے بعد طیب، طاہر اور فاطمہ علیہا السلام پیدا ہوئیں۔"

۲-فروع کافی:

عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَنَاتٍ

(فروع کافی کتاب العقیقہ باب فضل البنات، مطبوعہ تہران، جلد دوئم، ص۸۲)

"ابوعبداللہ (حضرت امام جعفر صادق) علیہ السلام سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کئی بیٹیوں کے باپ تھے۔"

۳-فروع کافی بحوالہ القول المقبول فی بنات الرسول:

جارود بن منذر جو لڑکی پیدا ہونے پر اسے معیوب خیال کرتا تھا تو امام جعفر الصادق نے فرمایا:

قَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَنَاتٍ۔

(فروع کافی، جلد دوئم، ص۸۲ بحوالہ القول المقبول فی بنات الرسول، ص۶)

"تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی کئی لڑکیوں کے باپ تھے۔"

۴،۵،۶: القول المقبول فی بنات الرسول، تحفۃ العوام اور تہذیب الاحکام:

تینوں کتابوں میں ملاحظہ ہو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی الْقَاسِمِ وَالطَّاهِرِ ابْنَیْ نَبِیِّكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رُقَیَّةَ بِنْتِ نَبِیِّكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی اُمِّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ نَبِیِّكَ وَالْعَنْ مَنْ اٰذٰی نَبِیَّكَ فِیْهَا۔

(القول المقبول فی بنات الرسول ص۲۰، تحفۃ العوام ص۱۲۲ مطبوعہ لاہور، تہذیب الاحکام، جلد اول، ص۲۸۲)

"اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت قاسم و طاہر اپنے نبی کے دونوں بیٹوں پر اور اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت رقیہ اور ام کلثوم اپنے نبی کی بیٹیوں پر اور لعنت فرما ان پر جو تیرے نبی کو ان (بیٹیوں) کے بارے تکلیف پہنچاتے ہیں۔ (یعنی ان کو نبی کی شہزادیاں تسلیم نہیں کرتے ان پر اے اللہ لعنت فرما)"

۷-قرب الاسناد لابی العباس:

حضرت امام جعفر الصادق علیہ السلام اپنے والد ماجد حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں، امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا:

وُلِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ (ص) مِنْ خَدِیْجَةَ الْقَاسِمُ وَالطَّاهِرُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَرُقَیَّةُ وَ فَاطِمَةُ وَ زَیْنَبُ فَتَزَوَّجَ عَلِیٌّ (ع) مِنْ فَاطِمَةَ (ع) وَتَزَوَّجَ اَبُو الْعَاصِ ابْنُ رَبِیْعَةَ وَهُوَ مِنْ بَنِیْ اُمَیَّةَ زَیْنَبَ وَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ وَلَمْ یَدْخُلْ بِهَا حَتّٰی هَلَكَتْ وَزَوَّجَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ (ص) مَكَانَهَا رُقَیَّةَ۔

(قرب الاسناد لابی العباس عبداللہ بن جعفر الحمیری، ص۸)

"کہ حضرت خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ

وآلہ وسلم) کی اولاد پیدا ہوئی، قاسم، طاہر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) اُم کلثوم، رقیہ، فاطمہ اور زینب (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) پھر نکاح کیا حضرت علی (علیہ السلام) نے حضرت فاطمہ (علیہا السلام) سے اور نکاح کیا ابو العاص بن ربیعہ نے جو کہ بنی امیہ میں سے تھے حضرت زینب (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے اور نکاح کیا حضرت عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے حضرت اُم کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے دخول نہیں کیا تو وہ فوت ہوگئیں اور نکاح کیا حضرت عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اُم کلثوم کی جگہ حضرت رقیہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کا۔"

۸-خصال لابن بابویہ:

ابو بصیر حضرت جعفر الصادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا:

وُلِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ مِنْ خَدِيْجَةَ الْقَاسِمُ وَالطَّاهِرُ وَهُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ وَرُقَيَّةُ وَ زَيْنَبُ وَ فَاطِمَةُ وَتَزَوَّجَ عَلِيُّ ابْنُ اَبِي طَالِبٍ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ وَ تَزَوَّجَ اَبُو الْعَاصِ بْنِ الرَّبِيْعِ وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ اُمَيَّةَ زَيْنَبَ وَ تَزَوَّجَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اُمَّ كُلْثُوْمٍ فَمَاتَ وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا فَلَمَّا سَارُوْا اِلٰى بَدْرٍ زَوَّجَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ رُقَيَّةَ (خصال ابن بابویہ الجلد الثانی ص ۳۷)

"حضرت رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی اولاد حقیقی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پیدا ہوئی، قاسم اور طاہر ان کا نام عبداللہ تھا اُم کلثوم اور رقیہ اور زینب اور فاطمہ نکاح کیا علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فاطمہ علیہا السلام سے اور نکاح کیا ابو العاص بن ربیع نے اور وہ بنی امیہ

سے تھا حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے اور نکاح کیا حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُم کلثوم رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پھر وہ فوت ہوگئیں اور اس کے ساتھ مجامعت نہیں فرمائی پھر جب وہ جنگ بدر کی طرف چلے تو مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح کردیا۔"

۹-کتاب الاستبصار:

یزید بن خلیفہ نے کہا:

كُنْتُ عِنْدَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَسَاَلَهُ رَجُلٌ مِنَ الْقُمِّيِّيْنَ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدَاللّٰهِ اَتُصَلِّي النِّسَآءُ عَلَى الْجَنَازَةِ قَالَ اَبُوْ عَبْدُ اللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْمَا هَدَرَدَمَ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِي الْعَاصِ وَحَدَّثَ حَدِيْثًا طَوِيْلًا وَاَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ تُوُفِّيَتْ وَاَنَّ فَاطِمَةَ عَلَيْهَا السَّلَامُ خَرَجَتْ فِيْ نِسَائِهَا فَصَلَّتْ عَلٰى اُخْتِهَا۔ (کتاب الاستبصار جلد اوّل صفحہ ۲۳۵)

"میں حضرت (جعفر صادق) ابو عبداللہ علیہ السلام کے پاس تھا تو قمیوں میں سے کسی نے آپ سے سوال کیا کہ اے ابو عبداللہ! کیا عورتیں نماز جنازہ پڑھ سکتی ہیں؟ راوی نے کہا کہ حضرت ابو عبداللہ (امام جعفر الصادق) نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مغیرہ بن ابی العاص کے خون ضائع ہونے کی بات فرما رہے تھے اور آپ نے لمبی حدیث بیان فرمائی اور بلاشک نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی زینب فوت ہوئیں تو یقیناً حضرت فاطمہ علیہا السلام اپنی عورتوں میں نکلیں

اور آپ نے اپنی ہمشیرہ حضرت زینب پر نماز جنازہ پڑھی۔"

۱۰-مجالس المؤمنین:

قاضی نور اللہ شوشتری لکھتا ہے کہ

"اگر نبی دختر بعثمان داد ولی دختر بعمر فرستاد"

(مجالس المؤمنین، جلد اول، ص ۲۰۴ مطبوعہ تہران)

"اگر نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے اپنی بیٹی حضرت عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے نکاح میں دی تو حضرت علی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے اپنی بیٹی حضرت عمر بن خطاب (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے عقد میں دی۔"

۱۱-مناقب آل ابی طالب:

وَاَوْلَادُہٗ وُلِدَ مِنْ خَدِیْجَۃَ الْقَاسِمُ وَ عَبْدُ اللّٰہِ وَھُمَا الطَّاھِرُ وَالطَّیِّبُ وَاَرْبَعُ بَنَاتٍ زَیْنَبُ وَرُقَیَّۃُ وَ اُمُّ کُلْثُوْمٍ وَھِیَ اٰمِنَۃُ وَفَاطِمَۃُ.

(مناقب آل ابی طالب جلد اول، ص ۱۶۱، مطبوعہ قم خیابان طبع ...)

"حضور علیہ السلام کی اولاد حضرت خدیجہ سے دو لڑکے پیدا ہوئے قاسم اور عبد اللہ جن کو طیب و طاہر بھی کہتے ہیں اور انہیں سے چار بیٹیاں پیدا ہوئیں سیدہ زینب، رقیہ، اُم کلثوم جن کا اصل نام آمنہ ہے (اُم کلثوم کنیت ہے) اور سیدہ فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)"

۱۲-کتاب الامالی:

شیخ طوسی نے کہا:

وَرُوِیَ اَنَّ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ دَخَلَ بِفَاطِمَۃَ عَلَیْھَا

السَّلَامُ بَعْدَ وَفَاۃِ اُخْتِھَا رُقَیَّۃَ عُثْمَانَ لِسِتَّۃَ عَشَرَ یَوْمًا۔

(کتاب الامالی للشیخ الطوسی، ص ۴۷)

"اور روایت کیا گیا ہے کہ تحقیق امیر المومنین علیہ السلام حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قریب آپ کی بہن رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے وصال کے دس دن بعد گئے۔"

۱۳-مَنْ لَّا یَحْضُرُہُ الْفَقِیْہُ:

ابو مریم نے اپنے باپ سے اس کو ذکر کیا کہ

اَنَّ اُمَامَۃَ بِنْتَ الْعَاصِ وَ اُمُّھَا زَیْنَبُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَتْ تَحْتَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَیْہِ السَّلَامُ بَعْدَ وَفَاۃِ فَاطِمَۃَ عَلَیْھَا السَّلَامُ فَخَلَفَ عَلَیْھَا بَعْدَ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ الْمُغِیْرَۃُ بْنُ نَوْفَلٍ۔ (من لا یحضرہ الفقیہ، ص ۴۰۷)

"بے شک امامہ بنت عاص جن کی والدہ زینب بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تھیں علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے نکاح میں تھیں حضرت فاطمہ علیہا السلام کے وصال کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد مغیرہ بن نوفل نے امامہ بنت عاص سے نکاح کر لیا۔"

۱۴-شرح نہج البلاغہ ابن ابی حدید:

قَالَ شَیْخُنَا اَبُوْ عُثْمَانَ وَلَمَّا مَاتَتِ الْاِبْنَتَانِ تَحْتَ عُثْمَانَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ زَوَّجْتُہٗ اِبْنَتَیْنِ وَلَوْ اَنَّ عِنْدِیْ ثَالِثَۃً لَفَعَلْتُ قَالَ قَالَ وَلِذٰلِکَ سُمِّیَ ذُوالنُّوْرَیْنِ۔

(شرح نہج البلاغہ ابن ابی حدید، جلد سوم، ص ۶۰، طبع بیروت)

"ہمارے شیخ ابو عثمان نے کہا کہ جب حضرت عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

کے نکاح میں یکے بعد دیگرے بیوی بننے والی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دونوں بیٹیاں فوت ہو گئیں تو نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنی دو بیٹیوں کی عثمان سے شادی کی اگر میرے پاس تیسری بھی ہوتی تو اس کی شادی بھی اس سے کر دیتا۔ راوی کہتا ہے انہوں نے فرمایا: (ابو عثمان نے) کہ اسی لیے حضرت عثمان کو دو نوروں والا کہتے ہیں۔"

۱۵-مروج الزھب للمسعودی:

وَكَانَ لَهُ مِنَ الْوَلَدِ عَبْدُ اللّٰهِ الْاَكْبَرُ وَ عَبْدُ اللّٰهِ الْاَصْغَرُ اُمُّهُمَا رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(مروج الذھب للمسعودی، جلد دوم، ص ۳۳۱، ذکر خلافت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

"حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دو صاحبزادے عبداللہ اکبر اور عبداللہ اصغر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی سیّدہ رقیہ سے پیدا ہوئے۔"

۱۶-التنبیہ والاشراف للمسعودی:

"مشہور شیعہ مورخ مسعودی رقیہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی رقیہ کے الفاظ لکھ کر تسلیم کرتا ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا عبداللہ نامی بیٹا اسی شہزادیٔ رسول سے پیدا ہوا جو چھ سال کی عمر میں فوت ہو گیا۔"

(التنبیہ والاشراف للمسعودی، ص ۲۵۵ تحت ذکر خلافت عثمان)

۱۷-شرح نہج البلاغہ فارسی الاسلام:

عثمان رقیہ وام کلثوم را بنا بر مشہور دختران پیغمبر اند بہمسری درآورد۔

(شرح نہج البلاغہ فارسی الاسلام خطبہ ۱۳۲، ص ۵۲۸ مطبوعہ تہران)

"حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیّدہ رقیہ اور سیّدہ اُم کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے شادی کی جو مشہور روایات کے مطابق دختران پیغمبر ہیں۔"

۱۸-تفسیر مجمع البیان:

صاحب تفسیر مجمع البیان واضح طور پر لکھتے ہیں کہ

عُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ وَامْرَاَتُهٗ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ۔

(تفسیر مجمع البیان، جلد دوم، جز سوم، ص ۳۳۳ مطبوعہ تہران)

"حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو ہیں ان کی بیوی رقیہ بنت رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) ہیں۔"

۱۹-منہج الصادقین:

پارہ ۲۲ سورۂ احزاب کی آیت کریمہ ۵۹ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنَاتِكَ الخ کا ترجمہ شیعہ محقق نے یوں کیا:

"اے پیغمبر بگو مر زنان خود را و مر دختران خود را" (منہج الصادقین جلد ۷، ص ۳۳۲)

"اے پیغمبر اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں سے فرما دو۔"

۲۰-مسالک الافہام:

بنو ہاشم کی شادیاں غیر بنو ہاشم میں کرنے کو ناجائز قرار دینے والے خود کیا کہتے ہیں ملاحظہ ہو:

اَزْوَجَ ابْنَتَهٗ عُثْمَانَ وَ زَوَّجَ ابْنَتَهٗ زَيْنَبَ بِاَبِي الْعَاصِ ابْنِ الرَّبِيْعِ وَلَيْسَا مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ۔

(مسالک الافہام شرح "شرائع الاسلام" جلد اول، کتاب النکاح مطبوعہ ایران ۱۲۷۳ھ)

''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی ایک شہزادی کی شادی حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کی اور دوسری دختر کا نکاح ابوالعاص بن ربیع سے فرمایا یہ دونوں بنی ہاشم سے نہ تھے۔''

۲۱-اعیان الشیعہ:

صاحب اعیان الشیعہ لکھتے ہیں کہ

وَفِيْ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَدِيْجَةَ اَرْبَعُ بَنَاتٍ كُلُّهُنَّ اَدْرَكْنَ الْاِسْلَامَ وَهَاجَرْنَ وَهُنَّ زَيْنَبُ وَ فَاطِمَةُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَ قَالَ الطَّبْرَسِيُّ فِيْ اَعْلَامَ الْوَرَاءِ وَغَيْرُهُ اِنَّ اُمَّ كُلْثُوْمٍ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا عُثْمَانَ بَعْدَ اُخْتِهَا رُقَيَّةَ وَ تُوُفِّيَتْ عِنْدَهٗ۔

(اعیان الشیعہ جلد سوئم، ص ۲۸۷ تذکرہ ام کلثوم بنت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مطبوعہ بیروت طبع جدید)

''مجمع البحرین میں لکھا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضرت خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے بطن سے چار شہزادیاں تھیں، ان سب نے اسلام قبول کیا اور ہجرت بھی کی اور وہ زینب، فاطمہ، رقیہ اور اُم کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) ہیں۔ اعلام الوری وغیرہ میں طبری نے لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی اُم کلثوم سے حضرت عثمان (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے شادی کی ان کی بہن رقیہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) کے بعد اور ان کا انتقال حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ہی ہوا۔''

۲۲-بحار الانوار:

وَلَدَتْ خَدِيْجَةُ لَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ وَ رُقَيَّةَ وَ اُمَّ

كُلْثُوْمٍ وَ فَاطِمَةَ۔

(بحار الانوار جلد ۲۲، ص ۱۶۶، ۱۶۷، باب عدد اولادہ علیہ السلام مطبوعہ تہران طبع جدید)

حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار شہزادیاں زینب، رقیہ، اُم کلثوم اور فاطمہ پیدا ہوئیں۔

(رضی اللہ تعالیٰ عنہن)

۲۳، ۲۴، ۲۵، ناسخ التواریخ:

''در ہنگام ہجرت دو دختر پیغمبر در مکہ باز ماند'' (ناسخ التواریخ جلد اول، ص ۶۶۹)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دو شہزادیاں ہجرت کے وقت مکہ معظمہ رہ گئی تھیں۔

اسی ناسخ التواریخ جلد سوئم، ص ۹۳ پر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو غزوہ بدر میں برابر کا حصہ ملنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پیچھے رہے کیونکہ ''رقیہ دختر رسول مریض بود'' کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شہزادی رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیمار تھیں۔

مزید لکھا ہے کہ ''رقیہ دختر رسول خدا بود''

یعنی حضرت رقیہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی تھیں۔ (ناسخ التواریخ، جلد اول، ص ۱۶۴، وقائع سال دوئم ہجری)

۲۶-چہاردہ معصوم:

جلد اول باب پنجم، ص ۲۲۴ مطبوعہ تہران طبع جدید میں اس امر کی تصریح کر دی گئی ہے کہ حضرت سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

۲۷-المبسوط:

وَزَوَّجَ بِنْتَيْهِ رُقَيَّةَ وَ أُمَّ كُلْثُوْمٍ عُثْمَانَ لَمَّا مَاتَ الثَّانِيَةُ قَالَ لَوْ كَانَتِ الثَّالِثَةُ لَزَوَّجْنَاهَا اِيَّاهُ۔ (المبسوط، جلد چہارم، ص ۱۵۸، کتاب النکاح)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دو شہزادیوں رقیہ اور ام کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) یکے بعد دیگرے حضرت عثمان غنی (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے نکاح میں دیں جب دوسری کا بھی انتقال ہو گیا تو فرمایا اگر تیسری ہوتی تو میں اسے بھی عثمان کے نکاح میں دے دیتا۔

۲۹،۲۸-شافی، تلخیص الشافی:

اہل تشیع کے دو نامور مجتہدین میں سے شیخ مرتضیٰ نے اپنی کتاب الشافی میں اور شیخ طوسی نے اس کی تشریح تلخیص الشافی جلد ۴، ص ۵۴، ۵۵ مطبوعہ قم ایران طبع جدید میں واضح طور پر اس حقیقت کو تسلیم کیا ہے کہ سیدہ رقیہ حضرت زینب اور حضرت ام کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صلبی اور حقیقی صاحبزادیاں ہیں۔

۳۰-منتخب التواریخ:

''اما مکرمہ زینب در سال پنجم از تزویج جناب خدیجۃ الکبریٰ بہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم متولد شد'' (منتخب التواریخ، باب اوّل، ص ۲۳ مطبوعہ ایران)

حضرت زینب (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نبی کریم علیہ السلام کے حضرت خدیجۃ الکبریٰ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے نکاح کے پانچویں سال پیدا ہوئیں۔

۳۱-حیات القلوب:

ملاں باقر مجلسی لکھتے ہیں کہ

''دختران آنحضرت چہار نفر بودند و ہمہ از خدیجہ بوجود آمدند''

(حیات القلوب، جلد دوئم، ص ۱۰۲۷، باب ۵۱ مطبوعہ نولکشور)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار صاحبزادیاں تھیں اور سب کی سب حضرت خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے پیدا ہوئیں۔

۳۲-منتہی الامال:

''در قرب الاسناد از صادق علیہ السلام روایت شدہ است کہ از برائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم از خدیجہ متولد شدند طاہر و قاسم و فاطمہ و ام کلثوم و رقیہ و زینب''

(منتہی الامال، جلد اوّل، ص ۱۳۵، فصل ہشتم، باب اوّل، مطبوعہ ایران)

۳۳-مروج الذہب:

میں بھی یہی عبارت درج ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ

قرب الاسناد میں امام جعفر الصادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد طاہر و قاسم اور فاطمہ و ام کلثوم و رقیہ و زینب (رضی اللہ تعالیٰ عنہم) سبھی حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے تولد ہوئی۔ (مروج الذہب، جلد ۲، ص ۲۹۱)

۳۴-حیات القلوب:

نبی کریم علیہ السلام کا فرمان ملاں باقر مجلسی نے خود نقل کیا ہے کہ سرکار نے فرمایا:

''و خدیجہ او را خدا رحمت کند از من طاہر مطہر را بہم رسانید کہ او عبداللہ بود و قاسم را آورد و رقیہ و فاطمہ و زینب و ام کلثوم از و بہم رسید''

(حیات القلوب، جلد دوئم، ص ۱۵۷، باب فضائل خدیجہ از ملاں باقر مجلسی)

اللہ کریم حضرت خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) پر رحم فرمائے کہ مجھ سے حضرت خدیجہ

نے طاہر و مطہر (عبداللہ) اور قاسم اور رقیہ و فاطمہ و زینب اور اُم کلثوم سب کو جنم دیا۔

۳۵-حیات القلوب:

''در قرب الاسناد بسند معتبر از حضرت صادق روایت کردہ است کہ از برائے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم از خدیجہ متولد شدند طاہر و قاسم و فاطمہ، اُم کلثوم و رقیہ و زینب''

(حیات القلوب، جلد دوم، ص ۱۰۲۶ باب ۵۱، مطبوعہ نولکشور) ترجمہ گزر چکا ہے۔

۳۶-مرأۃ العقول:

اسی طرح مصنف باقر مجلسی صاحب مرأۃ العقول نے جلد اول، ص ۳۵۲ پر بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے بطن اطہر سے چار صاحبزادیوں کو تسلیم کیا ہے اور علامہ ابن شہر آشوب کے ''المناقب'' سے مزید تائیدی حوالہ بھی دیا ہے۔

۳۷-ذبح عظیم:

نبی کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے فرمایا:

''وَهٰذَا الْحُسَيْنُ خَيْرُ النَّاسِ خَالًا وَّ خَالَةً وَّ خَالُهُ عَبْدُ اللّٰهِ وَاِبْرَاهِيْمُ وَ خَالَتُهُ زَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ۔''

(ذبح عظیم، ص ۲۴۳، مصنف سید اولاد حیدر مطبوعہ لاہور طبع جدید)

اور یہ حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) ماموں اور خالہ کے لحاظ سے بھی تمام انسانوں سے افضل ہیں کیونکہ اس کے ماموں عبداللہ اور ابراہیم ہیں اور اس کی خالائیں حضرت زینب، رقیہ اور حضرت اُم کلثوم (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) ہیں۔

۳۸-انوار نعمانیہ:

''وَاِنَّمَا وَلَدَتْ لَهُ اِبْنَانِ وَ اَرْبَعُ بَنَاتٍ زَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ

كُلْثُوْمٍ وَّ فَاطِمَةُ'' (انوار نعمانیہ، جلد اول، ص ۳۶۷ مطبوعہ تبریز طبع جدید)

اور حضرت سیدہ خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دو صاحبزادے جنے اور آپ ہی سے چار شہزادیوں حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت اُم کلثوم اور حضرت فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) کو جنم دیا۔

۳۹-مرأۃ العقول:

''رَوَى الصُّدُوْقُ فِي الْخِصَالِ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ وُلِدَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ مِنْ خَدِيْجَةَ الْقَاسِمُ وَالطَّاهِرُ وَ هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاُمُّ كُلْثُوْمٍ وَّ رُقَيَّةُ وَ زَيْنَبُ وَ فَاطِمَةُ''

(مرأۃ العقول شرح الاصول والفروع، جلد اول، ص ۳۵۲)

ترجمہ ہو چکا ہے۔

۴۰-تنقیح المقال (فیصلہ کن بات):

اِنَّ كُتُبَ الْفَرِيْقَيْنِ مَشْحُوْنَةٌ بِاَنَّهَا وُلِدَتْ لِلنَّبِيِّ (ص) اَرْبَعُ بَنَاتٍ زَيْنَبُ وَّ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَ فَاطِمَةُ وَ رُقَيَّةُ''

(تنقیح المقال، جلد سوم، ص ۷۷، باب الفاء)

شیعہ وسنی دونوں فریقوں کی کتابیں اس بات کی تائید میں بھری پڑی ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقیقی صلبی بیٹیاں چار تھیں جن کے نام زینب، اُم کلثوم، رقیہ اور فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن) ہیں۔

۴۱-ابن شہر آشوب:

''اَوْلَادُهٗ مِنْ خَدِيْجَةَ الْقَاسِمُ وَ عَبْدُ اللّٰهِ وَهُمَا الطَّاهِرُ وَالطَّيِّبُ وَاَرْبَعُ بَنَاتٍ زَيْنَبُ وَ رُقَيَّةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ وَهِيَ اٰمِنَةُ وَفَاطِمَةُ۔'' (ابن شہر آشوب، جلد اول، ص ۸۸)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اولاد حضرت سیدہ خدیجہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہا) سے قاسم اور عبداللہ اور وہ طیب وطاہر اور چار بیٹیاں زینب، رقیہ، اُم کلثوم اور فاطمہ (رضی اللہ تعالیٰ عنہن)۔

وَاَمَّا رُقَيَّةُ فَتَزَوَّجَهَا عُتْبَةُ وَ اُمُّ كُلْثُوْمٍ تَزَوَّجَهَا عُتَيْبَةُ وَهُمَا اِبْنَا اَبِيْ لَهَبٍ فَطَلَّقَاهُمَا فَتَزَوَّجَ عُثْمَانُ رُقَيَّةَ بِالْمَدِيْنَةِ وَوُلِدَتْ لَهٗ عَبْدَ اللّٰهِ صَبِيًّا لَمْ يُجَاوِزْ سِتَّ سِنِيْنَ.

اور لیکن رقیہ، ان سے نکاح کیا عتبہ نے اور اُم کلثوم، ان سے نکاح کیا عتیبہ نے اور وہ دونوں ابولہب کے بیٹے تھے تو ان دونوں نے ان کو طلاق دے دی پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رقیہ سے مدینہ طیبہ میں نکاح کیا ان سے ایک لڑکا عبداللہ پیدا ہوا وہ چھ سال سے زیادہ عمر کا نہیں ہوا۔

۴۲۔ اخبار ماتم:

''جلد عاشر بحار میں یہ قول لکھا ہے کہ بزل ہروی نے حسین بن روح سے پوچھا دختران رسول خدا کتنی پیدا ہوئیں جواب دیا کہ چار بنات مصطفیٰ تھیں فَقَالَ اَيَّتُهُنَّ اَفْضَلُ فَقَالَ فَاطِمَةُ قَالَ وَلِمَ صَارَتْ اَفْضَلُ۔ الخ، (اخبار ماتم ص ۸۵)

علاوہ ازیں حیات القلوب جلد دوئم، ص ۷۱۸، ۷۱۹، ۷۲۸، ۶، ۴۴۶، ص ۳۳۰ پر بنات اربع کا ثبوت موجود ہے تحفۃ العوام، ص ۱۱۳ حاشیہ شیخ عباس قمی پر منتہی الآمال جلد اوّل، ص ۷۹ ناسخ التواریخ جلد دوئم ص ۶۴۴ پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار صاحبزادیوں کا ثبوت موجود ہے تمام کتب فقیر کے کتب خانہ میں موجود ہیں۔ عندالطلب حوالہ جات دکھائے جاسکتے ہیں۔

محمد مقبول احمد سرور فیصل آباد

کتابیات

۱	قرآن کریم	۵۴	انوار المحمدیہ للنبہانی
۲	تفسیر ضیاء القرآن	۵۵	سیرت محمدیہ ترجمہ مواہب اللدنیہ
۳	تفسیر الحسنات	۵۶	معارج النبوت
۴	تفسیر در منثور عربی	۵۷	السیرۃ الحلبیہ
۵	تفسیر کمالین اردو	۵۸	بنات مصطفےٰ
۶	تفسیر در منثور اردو	۵۹	ذخائر العقبیٰ
۷	بخاری شریف	۶۰	المعارف ابن قتیبہ
۸	جامع الاحادیث	۶۱	الفضل الموبد لآل محمد ملا یوسن
۹	کنز العمال	۶۲	انوار نبوت
۱۰	جامع الترمذی شریف	۶۳	روضۃ الشہداء
۱۱	ابن ماجہ شریف	۶۴	الشرف الموبد لآل محمد للنبہانی
۱۲	ابوداؤد شریف	۶۵	اسعاف الراغبین
۱۳	مسلم شریف	۶۶	جامع المعجزات
۱۴	طحاوی	۶۷	اصول کافی، شیعہ
۱۵	حلیۃ الاولیاء	۶۸	حیٰوۃ القلوب، شیعہ
۱۶	الخصائص الکبریٰ	۶۹	سیرت رحمۃ للعلمین، اہل حدیث
۱۷	فضائل الخمسہ	۷۰	جمرۃ الانساب، شیعہ
۱۸	الاستیعاب	۷۱	منتہی الامال، شیعہ
۱۹	سیرۃ ابن ہشام	۷۲	تقویۃ الایمان، وہابی دیوبندی
۲۰	طبقات ابن سعد	۷۳	سیرت النبی شبلی نعمانی، دیوبندی
۲۱	البدایہ والنہایہ	۷۴	فروع کافی، شیعہ
۲۲	مجمع الزوائد	۷۵	القول المقبول، شیعہ
۲۳	تاریخ ابن عساکر	۷۶	تحفۃ العوام، شیعہ
۲۴	بیہقی شریف	۷۷	تہذیب الاحکام، شیعہ
۲۵	زرقانی شریف	۷۸	قرب الاسناد، شیعہ

۲۶ شرح مسلم سعیدی
۲۷ الاصابہ فی تمیز الصحابہ
۲۸ شفاء قاضی عیاض
۲۹ امہات المومنین
۳۰ تزیہ الشریفہ لابی نعیم
۳۱ الامن والعلی از اعلیٰ حضرت
۳۲ صفائح اللجین
۳۳ فتاویٰ رضویہ
۳۴ کوکب دری
۳۵ مقیاس خلافت
۳۶ تاریخ ابن کثیر
۳۷ تاریخ کامل
۳۸ تاریخ طبری
۳۹ تاریخ ابن خلدون
۴۰ تاریخ مدینہ ودمشق
۴۱ المستدرک للحاکم
۴۲ حبیب اعظم
۴۳ ضیاء النبی
۴۴ تاریخ الخمیس
۴۵ سیرت ابن کثیر
۴۶ تراجم سیدات بیت نبوت
۴۷ الصواعق المحرقہ
۴۸ برق سوزاں
۴۹ تاریخ بغداد للخطیب
۵۰ نزہت المجالس
۵۱ آل رسول
۵۲ نورالابصار
۵۳ مدارج النبوت از حضرت دہلوی

۷۹ خصال لابن بابویہ، شیعہ
۸۰ الاستبصار، شیعہ
۸۱ مجالس المومنین، شیعہ
۸۲ مناقب آل ابی طالب، شیعہ
۸۳ کتاب الامالی، شیعہ
۸۴ من لایحضرہ الفقیہ، شیعہ
۸۵ شرح نہج البلاغہ لابن ابی حدید، شیعہ
۸۶ مروج الذہب للمسعودی، شیعہ
۸۷ التنبیہ والاشراف للمسعودی، شیعہ
۸۸ شرح نہج البلاغہ فارسی الاسلام، شیعہ
۸۹ تفسیر مجمع البیان، شیعہ
۹۰ منہج الصادقین، شیعہ
۹۱ مسالک الافہام، شیعہ
۹۲ اعیان الشیعہ، شیعہ
۹۳ مجمع البحرین، شیعہ
۹۴ بحارالانوار، شیعہ
۹۵ ناسخ التواریخ، شیعہ
۹۶ چہاردہ معصوم، شیعہ
۹۷ المبسوط، شیعہ
۹۸ شافی وتلخیص الشافی، شیعہ
۹۹ منتخب التواریخ، شیعہ
۱۰۰ حیات القلوب، شیعہ
۱۰۱ مرآۃ العقول، شیعہ
۱۰۲ تنقیح المقال، شیعہ
۱۰۳ انوار نعمانیہ، شیعہ
۱۰۴ ذبح عظیم، شیعہ
۱۰۵ ابن شہر آشوب، شیعہ
۱۰۶ اخبار ماتم، شیعہ